



# انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

## علی گڑھ

جلد (۲) فروری و مارچ سنہ ۱۹۳۰ء شمارہ (۲ و ۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

جلد ۲ | بابت ماہ فروری و مارچ سنہ ۱۹۳۰ء | نمبر ۲ و ۳

## فہرست مضامین

# حالی کا درجہ اُردو شعرا میں

(از محمد ظفر احمد صاحب صدیقی متعلم انٹر کالج)

تاریخ سے باخبر حضرات پر یہ حقیقت آفتاب کی طرح روشن ہے کہ شاعری سے دنیا میں ہزارہا انقلاب رونما ہوئے ہیں۔ اکثر شاعری کی بے پناہ قوتوں نے آنِ واحد میں قوموں کی قسمت کا پانسہ پلٹ دیا ہے۔ متعدد بار شاعری نے دو قبیلوں یا دو فردوں کو مشتعل کرنے میں آگ کا کام کیا ہے اور پھر نائرۂ غضب کے بجھانے میں پانی کی خدمت بھی اسی نے انجام دی ہے۔ یونان و روما، مصر و ہند کے علمی اور ادبی کارنامے اور ان کی حیرت انگیز تاثیرات آج تک تاریخِ عالم کے صفحات پر زریں حروف میں ثبت نظر آتی ہیں۔ عرب ہی کو دیکھئے۔ بازارِ عکاظ کے میلے اور وہاں شعرا کا باہم مقابلہ اور کمالِ سخن کا مظاہرہ کون نہیں جانتا۔ یہی وجہ ہے کہ جب خاندان میں کوئی شاعر نیک نامی حاصل کرتا، قومی تفاخر اس کے سر پر عقیدت کے پھول برساتا اور خاندانی حمیت اس کی دستار پر طرۂ امتیاز سجاتی۔ حقیقت یہ ہے کہ وحی اور الہام کی زبان نے ایسی ہی شاعری کو حکمت اور ایسے ہی بیان کو سحر سے تعبیر کیا ہے۔

ایرانی شاعری دل کی اُمنگ اور طبیعت کے ولولے کا نتیجہ نہ تھی۔ بلکہ درباری تحریک اور انعام کی تحریص کے باعث وجود میں آئی۔ اسی وجہ سے ایرانی شاعری یہ زورِ تاثیر، یہ حریت فکر، یہ ہنگامہ آفرین شان اور یہ انقلاب انگیز کیفیت پیش کرنے سے قاصر رہی۔ بلکہ عربی ادب میں بھی عجمی عناصر کی آمیزش کے بعد وہ جادو نظر نہیں آتا جو متقدمینِ عرب کا حصہ تھا۔

اُردو شاعری نے جب ہوش سنبھالا تو اپنے آپ کو فارسی شعرا کی آغوش میں پایا۔ اُس کے سامنے اگر کوئی نمونہ تھا تو ایران کی شاعری جس کا بڑا حصہ تکلف و تصنع، نزاکتِ خیالات، رنگینیِ استعارات سے گراں بار تھا۔ نتیجہ وہی ہوا جو ہونا چاہیئے تھا یعنی اُردو شاعری اور خصوصاً عشقیہ شاعری (بہ استثنائے چند) واقعیت اور اصلیت سے کوسوں دور جا پڑی، ہمارے شعرا کو بقولِ آزاد "خیالی طوطا مینا بنانے یا ہوائی قلعے تعمیر کرنے کے سوا کوئی کام

رہا"۔ اگر مدح ہے تو بے اصل اور تغزل ہے تو بے کیف۔ اساتذۂ اُردو کے قصائد کے دفتر کے دفتر پڑھ جایئے گو ممدوح کی حیثیت ایک معمولی رئیس سے زیادہ نہیں لیکن ہفت اقلیم کے سلاطین اس کے آستانۂ جلال پر جبینِ عقیدت ملتے ہیں۔ غزلیات کا بھی کم و بیش یہی عالم ہے۔ محبوب کی زلف روزِ قیامت سے زیادہ دراز اور اس کا دہن جزو لایتجزا سے معدوم تر۔ ظاہر ہے کہ جب کمالِ سخن ان امور پر منحصر ٹھیرا تو کلام میں تاثیر کا ہونا معلوم۔

۱۸۳۷ء تک اُردو ادبیات کا قافلہ اسی فرسودہ روش پر چل رہا تھا کہ قدرت نے ایک مجددِ عصر، ایک مصلحِ زبان پیدا کیا جس کو سعدیِ ہند کہنا ذرہ بھر مبالغہ نہ ہوگا۔ آپ کا نامِ نامی خواجہ الطاف حسین ہے۔ حالی تخلص پانی پت میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد سترہ سال کی عمر میں دہلی تشریف لائے۔ وہاں غالب مصطفٰے خاں شیفتہ، آزردہ، نیرّ وغیرہ جیسے باکمال حضرات کی صحبت ملی جس نے ان کے جوہرِ طبیعت پر جلا کا کام کیا۔

## حالی کی شاعری

حالی کا طرۂ امتیاز اور مایۂ ناز ان کا سادہ اور پُر اثر طرزِ بیان ہے جو قدم قدم پر ان کے کمالِ سخن کی شہادت دیتا ہے۔ وہ درد و داغ کے جھوٹے قصے اور گل و بلبل کے فرضی افسانے سنانے کے بجائے قوم کا مرثیہ لکھتے ہیں۔ خط و خال و گیسو میں اُلجھنے کی بجائے نیچر کا وسیع میدان ان کے سمندِ فکر کی جولانیوں کے لئے وقف ہے۔ وہ جو کچھ کہتے ہیں دل سے نکلتا اور دل میں گھر کرتا ہے۔ مثال کے طور پر چند اشعار ہدیۂ ناظرین کئے جاتے ہیں ؎

بس زیادہ پیسنے سے لینے کیا حاصل تجھے + پس چکے اے آسیائے گردشِ ایام ہم

کیا مسلمانوں کے حالِ زار کا نقشہ کوئی اس سے زیادہ دردناک الفاظ میں پیش کر سکتا ہے۔

ایک جگہ ہندوستان کی شکایت ان الفاظ میں کرتے ہیں ؎

پھر گئی سرحد سے تیری فوجِ یوناں جس طرح　　کاش پھر جاتے یونہیں در سے ترے ناکام ہم

ان دو مصرعوں میں شکایت کا جو دفتر بند ہے اور مسلمانوں کی بربادی کا جو مرقع دیا ہے اس کی تعریف زبان کی طاقت سے باہر ہے۔ پھر جس حسرت سے کہا ہے "کاش پھر جاتے .... الخ" اس پر بے اختیار آنسو نکل پڑتے ہیں مسلمانوں کی حالت کے اس قدر جلد تغیر کو آگے چل کر شکوۂ ہند میں کتنے لطیف پیرایہ سے ادا کیا ہے ؎

بزم کو برہم ہوئے مدت نہیں گزری بہت　　اُٹھ رہا ہے گُل سے شمعِ بزم کی اب تک دھواں

کہہ رہے ہیں نقشِ پائے رہرواں اے خاکِ ہند ٭ یاں سے گزرا ہے ابھی اک باتجمل کارواں

گناہ کے بعد ایک وہ وقت آتا ہے جب انسان اپنے ضمیر کے ہاتھوں۔ اپنا قصور تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے اور غفلت کا پردہ ہٹ جاتا ہے۔ کیا خوب لکھا ہے ؎

دیکھے ہیں یہ دن اپنی ہی غفلت کی بدولت ٭ سچ ہے کہ بُرے کام کا انجام بُرا ہے

ایک جگہ اہلِ زمانہ کی غفلت کا خاکہ اڑایا ہے ؎

آفاتِ بحر سے ہیں ناواقف آشنا سب ٭ ہنستے ہیں ناخدا پر روتا ہے ناخدا جب

مصائبِ پیری کی شکایت کس نے نہیں کی۔ یہ وہ زمانہ ہے جب ساری شوخی اور طراری خاک میں مل جاتی ہے حالؔی نے اس مضمون کو باندھا ہے مگر جوانی کی کجرائی کا عالمِ پیری کی بیچارگی سے مقابلہ کر کے شعر کے حسن کو دوبالا کر دیا۔ لکھتے ہیں ؎

ہوئے تم نہ حالؔی جوانی میں سیدھے ٭ مگر اب مری جان ہونا پڑے گا

بہار کی بے ثباتی گل کی ناپائداری شعرا نے خوب خوب طریقے سے دکھائی ہے۔ لیکن ذرا حالؔی کی زبان سے بھی سنئے ؎

کس سے پیمانِ وفا باندھ رہی ہے بلبل ٭ کل نہ پہچان سکے گی گلِ تر کی صورت

---

کبک و قمری میں یہ جھگڑا ہے چمن کس کا ہے ٭ کل بتا دے گی خزاں یہ کہ وطن کس کا ہے

---

ملے گا نہ گلچیں کو گل کا پتا ٭ ہر اک پنکھڑی یوں بکھر جائے گی

حالؔی نے عشقیہ اشعار میں بھی اپنے رنگ کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ خیالات ہیں تو اونچے۔ جذبات ہیں تو بلند طوالت کے ڈر سے یہاں صرف چند شعروں پر اکتفا کیا جاتا ہے ؎

پھل کچھ اے نخلِ وفا تجھ میں نہیں ٭ جو لگائے گا تجھے پچھتائے گا

---

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

حالی ہمیشہ صنائع بدائع سے پرہیز کرتے رہے۔ مبالغہ دُور از کار تشبیہات ان کے کلام میں کم ملیں گی یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری تصنع سے پاک ہے اور درد و تاثیر میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

حالی کے کلام کی ایک بڑی خصوصیت تنوع ہے۔ وہ ایک ہی بات کو نہیں دہراتے بلکہ کبھی فلسفہ و تصوف کے پیچیدہ مسائل حل کرتے نظر آتے ہیں تو کبھی ملکی و سیاسی گتھیاں سلجھانے میں مشغول دکھائی دیتے ہیں۔ کبھی مسجد میں زاہدِ خشک، کبھی میخانہ میں رندِ لاابالی، کبھی درسِ اخلاقیات دیتے ہیں تو کہیں تعلیم سرور۔

لیکن عشق ہے تو عشقِ حقیقی اور شراب ہے تو شرابِ معرفت۔ کیا مجال کہیں سوقیانہ یا مبتذل جذبات کا شائبہ بھی پایا جائے۔ مندرجہ ذیل اشعار سے ناظرین حالی کی قادر الکلامی اور تنوعِ خیالات و مضامین کا اندازہ کریں مفصل بحث کی اس مختصر مضمون میں گنجائش نہیں ہے

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں ؎ اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

---

یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا ؎ ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

---

کرتے کیا پیتے نہ گر وقتِ عشائے ناصح ؎ وقت فرصت کا یہ کس طرح گنوایا جاتا
عشق سنتے تھے جسے ہم وہ یہی ہے شاید ؎ خود بخود دل میں ہے اک شخص سمایا جاتا

---

جیتے جی موت کے تم منہ میں نہ جانا ہرگز ؎ دوستو دل نہ لگانا نہ لگانا ہرگز

معترضین کا اعتراض ہے کہ حالی اکثر جگہ قوانینِ شاعری کی خلاف ورزی کر جاتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ان کی زبان میں اور شاعری میں کہیں کہیں عیب ضرور ہیں۔ جیسے تعقید، تنافرِ ترکیب، حشو وغیرہ۔ مثلاً

تعقید کی مثال :-

یہ خاک آج جس پہ ہیں جمع اہلِ آرا ؎ یہاں ہو چکے کرشمے کیا کیا ہیں آشکارا

تنافرِ ترکیب :۔ ۵

جس دین کی حجّت سے سب ادیان تھے مغلوب الخ

میری ناچیز رائے یہ ہی کہ ان عیبوں کو مشکل ہی سے لغزش کہا جا سکتا ہی۔ حالیؔ چوں کہ توسیعِ زبانِ اُردو کے حامی تھے اس لئے اُنھوں نے یہ اجتہاد کیا۔ نیز اگر اس کا خیال کرتے تو تاثیرِ کلام سے ہاتھ دھونا پڑتا۔

حالیؔ کی شاعری پر ایک غائرانہ نظر ڈالنے ہی سے معلوم ہو جائے گا کہ جو روش اُنھوں نے اختیار کی اس کے وہ موجد بھی تھے۔ اگرچہ ان کے زمانہ میں اور ان کے بعد آزادؔ، اقبالؔ، اکبرؔ وغیرہ نے قومی یا نیچرل نظمیں لکھیں لیکن ابتدا کا سہرا حالیؔ کے سر ہی رہتا ہی اور اگر ہم یہ کہیں کہ اُنھوں نے ہی اس کو معراجِ کمال تک پہنچا دیا تو بھی بیجا نہ ہوگا۔

# ایک افسانہ

(۱)

مولوی ہدایت حسین کا شمار شہر کی ان برگزیدہ ہستیوں میں تھا جن کی ذاتِ بابرکات سے لوگوں کو حقیقی عقیدت اور واقعی ارادت تھی۔ اس عہدِ پرآشوب میں بھی ان کا دامن شہرت ہر قسم کی آلودگیوں سے بری تھا۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ وہ کسبِ معاش کی طرف سے بے نیاز تھے۔ ایک مختصر سی جائداد وراثتاً ان کے قبضہ میں آئی تھی جو ان کی محدود ضروریاتِ زندگی کے لئے کافی سے زیادہ تھی۔ ان کی قانع طبیعت ہوس کو اس سے بڑھکر قدم رکھنے کی اجازت بھی نہ دیتی۔

مولوی صاحب پر لوگوں کا اعتقاد اس درجہ راسخ ہوگیا تھا کہ بغیر رسید و گواہ ان کے پاس امانتیں رکھ جاتے۔ خیانت کا تو ذکر ہی کیا۔ مولوی صاحب آنکھ اٹھاکر بھی دیکھنا پسند نہ کرتے تھے۔ مطالبہ پر بجنسہٖ حوالہ کردیتے۔ یہ تھا ہوس اور ایمان کا مقابلہ۔ مولوی صاحب اس امتحان میں پورے اُترتے لیکن جب ضرورت مندی و افلاس کی بے پناہ قوتیں ایمان کی طاقت کے خلاف متحد ہوجائیں اس وقت بڑے بڑوں کے قدم جادۂ مستقیم سے ڈگمگا جاتے ہیں اس لئے ان کے تقوے کی بابت کوئی رائے قائم کرنا ابھی قبل از وقت ہے۔

(۲)

دہقانوں کی کیا ایک عالم کی منتظر نگاہیں سوئے فلک لگی ہوئی ہیں۔ مگر بادلوں کا نشان نہیں۔ ہرے بھرے کھیت کسی کے نخلِ تمنا کی طرح خشک ہوکر رہ گئے ہیں۔ معمولی زمینداروں کا تو ذکر ہی کیا۔ بڑی بڑی حقیتوں کے مالک ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں۔ اس پر سرکاری مال گزاری کا تقاضا عذابِ جاں ہے۔

مولوی ہدایت حسین کو کبھی روحانی تصرف کا دعویٰ نہیں ہوا۔ بفرضِ محال اگر ہوتا بھی تب بھی آفاتِ سماوی کے سامنے سرِ عجز خم کرنا پڑتا۔ پھر وہ بھلا ان دنیاوی مصائب سے متاثر کیوں نہ ہوتے۔ ان کو بھی وہی خشک سالی کا رونا تھا۔

اگر دستِ غیب ہوتا یا صراحتاً یوں کہئے کہ حلقۂ مریدین سے کچھ نذر نذرانہ کا سلسلہ جاری ہوتا تب وہ اس خشک سالی میں بھی بند نہ رہتا مگر وہ اس سے بھی محروم تھے۔ ان کے دل میں نورِ ایمان کا جو ہر تو تھا وہ اس ضمیر فروشی پر آمادہ نہ ہونے دیتا مولوی ہدایت حسین نے جہاں تک ان کی ذات سے تعلق تھا ان تکالیف کو دلیرانہ خندہ پیشانی سے برداشت کیا اور بہرحال میں خدائے بزرگ و برتر کا شکر ادا کرتے رہے۔ مگر کہتے ہیں مصیبت کبھی تنہا نہیں آتی۔ مولوی صاحب کی مشکلات میں اضافہ کرنے کے لئے ان کا اکلوتا لڑکا احمد بسترِ علالت پر پڑ گیا۔ مگر انھوں نے اس آزمائش پر بھی دامنِ صبر کو ہاتھ سے نہ جانے دیا۔

لیکن جب بچے کی بڑھتی ہوئی بیماری اور اپنی بے کسی پر غور کرتے تو باوجود ضبط کی انتہائی کوشش کے آنکھیں آنسوؤں سے ڈبڈبا آتیں۔ حسرت سے آسمان کی طرف دیکھ کر رہ جاتے۔ اس حالت میں بھی سوائے شکر کے کچھ زبان سے نہ نکلتا۔ لیکن عورت کا دل بھی کس قدر نازک ہوتا ہے۔ احمد کی ماں اپنے کلیجے کے ٹکڑے کی ردی حالت کو دیکھتی اور خونِ جگر پی پی کر رہ جاتی۔

(۳)

رات کا وقت تھا۔ احمد کی ماں اس کے پاس بیٹھی ہوئی پنکھا جھل رہی تھی۔ مولوی صاحب نماز وظیفہ سے فارغ ہو کر بستر پر لیٹے تھے مگر نیند آنے کا نام نہ لیتی تھی۔ کرب اور بے چینی کی حالت میں کروٹیں بدل رہے تھے۔ ہر طرف سناٹا چھایا ہوا تھا۔ آخر احمد کی والدہ نے اس طرح مہرِ سکوت کو توڑا " دیکھتے ہو۔ احمد کی حالت روز بروز ردی ہوتی جا رہی ہے۔ آخر کیا انجام ہونا ہے۔ "

مولوی صاحب نے ایک ٹھنڈی سانس لی جس سے معاملہ کی نزاکت کے احساس کا پتا چلتا تھا اور کہا۔ " جو تقدیرِ الٰہی ہے وہی ہوگا۔"

" مگر اس کے یہ معنی تو نہیں کہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں۔"

" آخر تمھیں بتاؤ میں کیا کر سکتا ہوں۔ نسخہ رکھا ہوا ہے مگر آئے کہاں سے۔ زمانہ کا یہ رنگ کہ ایک پیسہ کا بھی اعتبار نہیں اور سچ تو یہ ہے کہ مجھے کسی کے آگے دستِ سوال پھیلاتے بھی شرم آتی ہے۔"

اس پر احمد کی ماں بحرِ خیالات میں غرق ہوگئی۔ چہرہ کا متغیر رنگ دل کے اندرونی جذبات کا پتا دے رہا تھا۔

ایسا معلوم ہوتا کہ کوئی بات زبان تک آ آ کر رک جاتی ہے۔ آخر رکتے رکتے دبی زبان سے کہا۔

"وہ ... جو ... تمہارے صندوق میں ... روپئے ... رکھے ہیں"

"روپیہ! میرے صندوق میں کہاں؟"

احمد کی ماں نے ذرا آہستہ سے جواب دیا:

"اے ہاں۔ وہی پروسن والے"

مولوی صاحب ان الفاظ کو سن کر مبہوت ہو کر رہ گئے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جواب بالکل خلافِ توقع ہے۔ آخر مستقل مزاجی سے جواب دیا۔

"وہ امانت ہے۔ اس میں خیانت کرنا میرے لئے قطعی ناممکن ہے"

"نوج۔ خیانت تمہارے دشمن کریں لیکن عاریتاً ایک آدھ روپیہ لو تو کونسا گناہ ہے۔ اللہ جب دے گا تو سب سے پہلے ادا کر دیا جائے گا"

کچھ تو بچے کے خیال نے مولوی صاحب کو بے تاب کر دیا تھا اور کچھ بیوی کی سحر بیانی سے مرعوب ہو کر بولے۔

"احمد کی بیماری کی خود مجھے فکر ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ امانت کو ہاتھ لگا کر میں اپنے ضمیر کو ہمیشہ کے لئے مجرم بنانا نہیں چاہتا۔ اگر پروسن موجود ہوتیں تو ان سے پوچھ لینے کے بعد کچھ مضائقہ نہ تھا۔ بہر حال خدا مالک ہے"

مولوی صاحب کی اندرونی اضطراری کیفیت کا ان کے چہرہ سے مطالعہ کر کے ان کی اہلیہ نے زیادہ ترغیب دلانے والے الفاظ میں کہنا شروع کیا۔

"ذری سوچو تو کب سے بچے کی زبان پر دانہ نہیں گیا ہے آخر اس معصوم کا بھی کچھ خیال کرو۔ پروسن جب آئیں ان سے معاف کرا لینا۔ بیچاری ایسی نہیں ہیں میں قسم کھا کے کہتی ہوں ذرا آزردہ نہ ہونگی۔ اور آزردہ ہونے کی بات ہی ایسی کونسی ہے۔ ابھی ان کے آنے میں دو ایک مہینے ہیں جب تک خدا کوئی نہ کوئی سبیل کر دا ہی دے گا"

ہم نہیں کہہ سکتے کہ بیوی کی ترغیب اور بچے کی محبت میں سے کس نے مولوی صاحب کی بنیادِ ایمان متزلزل کرنے میں زیادہ حصہ لیا۔ غرض مولوی صاحب نیم راضی سے معلوم ہونے لگے۔ اس عرصہ میں ان کی بیوی نے اپنی جادو بیانی کو جاری رکھا کہ مبادا ایمان کی دبی ہوئی آگ پھر نہ مشتعل ہو جائے۔ مولوی صاحب عجب پس و پیش میں تھے۔ کبھی بچے کی

محبت کا جذبہ غالب آجاتا کبھی ضمیر ملامت کرتا۔ آخر بہ ہزار دقت اتنے پر آمادہ ہوئے کہ "میں اپنے ہاتھ سے ایک پیسہ نہ چھوؤنگا تم ہی اس معصیت میں اپنے ہاتھ آلودہ کرو۔"

---

اس قلیل عرصہ میں بچّے کی حالت میں ایک غیر معمولی تغیر معلوم ہوتا تھا۔ دوا کے پینے سے نہ وہ بخار کی شدّت تھی نہ کرب و بے چینی۔ مولوی صاحب خدا کی اس مہربانی کا شکر بھی ادا نہ کرنے پائے تھے کہ نئی آفت کا سامنا تھا۔ سرکاری مال گزاری کا سخت تقاضا اور بہ صورت عدم ادائیگی قرقی یا حوالات۔ بیوی نے وہی پچھلا نسخہ تجویز کیا یعنی جہاں پروسن کے روپیوں میں سے دو چار لئے ہیں وہاں پچاس ساٹھ اور سہی۔ آبرو سب سے مقدم ہے، مولوی صاحب نے اس دفعہ نہ تیور بدلے، نہ پیشانی پر بل ڈالے اور نہ حیرت و استعجاب کا اظہار کیا۔ خاموشی سے سر جھکا دیا۔

الغرض یہ بلا بھی سر سے ٹلی لیکن آج مولوی صاحب رہ رہ کر دل پر ایک بوجھ سا محسوس کر رہے تھے اتنے میں کسی نے آکر خبر دی کہ پروسن سفر سے آگئیں اور روپیہ منگوایا ہے۔ مولوی صاحب سرکاری پیادوں کو دیکھکر بھی اتنے پریشان نہ ہوئے ہونگے جتنا یہ خبر سُن کر۔ بیوی پر ایک نگاہ قہر آلود ڈال کر کہا:

"ہائے تو نے مجھے کہیں کا نہ رکھا۔ احمد کو میں اپنے ہاتھ سے قبر میں سلا دیتا۔ سرکاری پیادے مجھے اسیر کر کے لے جاتے اس سے قبل کہ آج دنیا کی نظر میں خائن ٹھیروں اور کل خداوند عالم کے روبرو بد دیانتی کا مجرم ٹھیروں۔"

یہ الفاظ مشکل سے ادا ہوئے ہونگے کہ مولوی صاحب کی آنکھ کھل گئی۔ مولوی صاحب کو یہ معلوم کر کے بے انتہا مسرت ہوئی کہ گزشتہ واقعات خواب پریشاں سے زیادہ ثابت نہ ہوئے۔ تاہم ان کو ایک تنبیہ خیال کر کے درگاہ خداوندی میں سر بسجود ہو گئے اور امتحان سے قبل متنبہ کر دینے پر صدق دل سے شکر ادا کیا۔ پھر اتنے میں احمد نے آنکھ کھولی اور پانی مانگا اس وقت سے اس کی حالت روبہ اصلاح ہوتی گئی۔

---

# ہلالِ عید اور شاعر

(از حکیم احمد علی خاں صاحب حامدی متعلم انٹر کالج)

## ہلالِ عید

مضطرب رکھتی ہی کس شوخ کی فرقت تجھکو — یاد کس گل کی ہوئی باعثِ کلفت تجھکو
کیوں پریشان ہی تو کس کی ہی حسرت تجھکو — لے نہ ڈوبے کہیں گردابِ محبت تجھکو

ایک عالم کو مرا جلوہ نشاطِ دل ہی
تجھکو منظور مگر کون مہِ کامل ہی

## شاعر

آہ اے چاند کہوں کیا مری حالت کیا ہے — تو جو پوچھے تو بتا دوں غم و حسرت کیا ہے
درد ہی سوز ہی کاہش ہی گراں جانی ہے — میری تقدیر کی دنیا بھی تو طوفانی ہے
دل کی جمعیّت و تسکیں کو ترس جاتا ہوں — ضبطِ غم ہو نہیں سکتا تو برس جاتا ہوں
کہتے ہیں عشق کی دنیا کبھی بے نور نہیں — میری آنکھیں تو مگر نور سے معمور نہیں
دیکھتا ہوں میں ہر اک چیز میں ظلمت کے نشاں — مجھکو آتی ہی ہر اک شے میں نظر یاس نہاں

---

اے مہِ چرخ کہ ہی حسن کی دنیا تجھ میں — کیوں نظر آئے نہ نیرنگِ تجلّا تجھ میں
اے کہ پنہاں ہی ترے نور میں دنیائے نشاط — اے کہ ہے تیری کرن برقِ تجلّائے نشاط
ناصیہ سے ترے ظاہر ہیں خوشی کے آثار — تیری آنکھوں سے ٹپکتے ہیں دُرِ خوشِ انوار
افقِ غرب پہ تو صورتِ الہام آیا — لو مبارک ہو کہ وہ عید کا پیغام آیا

آتے ہی ندی مسرت کی بہانے والے — اپنی کرنوں کو ہر اک دل میں ترانے والے
آنے سے تیرے جہاں بھر میں ہے ہلچل پیدا — تو نے جادو کوئی دنیا پہ مگر پھونک دیا
تجھ میں میرے لئے بھی سحر ہی پوشیدہ مگر — جم کے رہ جاتی ہیں نظریں مری تیرے رُخ پر
مجھکو بھی ہوتی ہے یک گونہ تسلی تجھ سے — یعنی پالیتا ہوں میں اک نئی ہستی تجھ سے
دیکھتا ہوں میں ترے حُسن میں اک رازِ نہاں — مجھکو آتا ہے نظر تیری شعاؤں میں جہاں
مخزنِ حُسن ہے تو تُو ہے تمنا میری — یا کہ سوئی ہوئی بدبختی کی دنیا میری

---

اے کہ ہے تاب تری برقِ تجلا کی مثال — تیری کرنوں میں ہے اُن شوخ نگاہوں کا جمال
تابشیں تیری مرے دل میں اُتر جاتی ہیں — بن کے لیلیٰ اسی محمل میں اُتر جاتی ہیں
تیرے رخساروں پہ ہوجاتا ہے دھوکا مجھکو — جاننے لگتا ہوں میں اپنی تمنا تجھکو
تیری ان نازنیں ابروؤں میں کھو جاتا ہوں — پھر چمکتی ہوئی اُمیدوں میں کھو جاتا ہوں
جانتا ہوں کہ اُسی حسن کی آغوش میں ہوں — خوبیِ بخت سے پھر عالمِ مدہوش میں ہوں
پھر ہوں میں بیخود و سرشار زکیفیتِ حسن — پھر مرے دل کو ہے حاصل وہی حیثیتِ حسن
پھر مری جان میں ہیجان سا اک پیدا ہے — پھر مری روح پہ ایک جوشش کرم فرما ہے
آگے پھر میری نگاہوں کے وہی جلوہ ہے — جاکے کوئی عدم آباد سے لوٹ آیا ہے
میری خاطر جو تھی ملحوظ نہ سویا کوئی — موت کی نیند سے جاگ اُٹھا ہے گویا کوئی

---

خوف آتا ہے مگر پھر کہیں یہ بات نہ ہو — زلف کی آڑ میں سوتی شبِ ظلمات نہ ہو
کہیں کھاتا نہ ہوں میں زلف کا دھوکا شب پر — تابشِ ریگ کو سمجھا نہوں دریا کی خبر
نہ پڑے بعد میں اس فہم پہ رونا مجھکو — ہنس کے رہ جائے ملمع ہی نہ سونا مجھکو

اے مرے چاند ترے چرخ پہ کب ممکن ہے — جاگ اُٹھے پھر کبھی گائے ہوئے نغموں کی لَے
غیر ممکن ہے کہ مرکر کوئی جی جائے گا — آہ کیوں کر عدم آباد سے لوٹ آئے گا
اب کہاں دہر میں وہ حسن وہ صورت باقی — غم نصیبوں کے لئے رہ گئی حسرت باقی
نہ رہا آج کو میسر مہِ کامل نہ رہا — موت! فریاد ہے میں زیست کے قابل نہ رہا

٭

لیکن اے چاند یہ کیا مجھکو صدا آتی ہے — دھیمی دھیمی کسی جانب سے نوا آتی ہے
سوچتا ہوں کہ یہ آواز کہاں سے آئی — یا خدا یہ تو مرے دل کے مکاں سے آئی
کوئی بیٹھا ہوا آلا سی سُناتا ہے مجھے — رمز کچھ گہرے حقائق کے سُجھاتا ہے مجھے

٭

اے کہ ہے قلب ترا زخم سے افگار ہنوز — اے کہ ہے آنکھ تری درد سے خونبار ہنوز
اے کہ انوار سے معمور ہے سینہ تیرا — واقفِ رازِ ازل ہے دلِ بینا تیرا
طرب و عیش سے لبریز ہے دنیا تیری — تو سمجھتا ہے غم انگیز ہے دنیا تیری
فرض ہے تجھ پہ کہ تو درد کو راحت سمجھے — شرم ہے تو جو مصیبت کو مصیبت سمجھے
تو ہمہ کیفِ مسرت ہے مسرت کیا ہے — تجھ سے سرشارِ محبت کو مصیبت کیا ہے
درد کہتے ہیں کسے کاوشِ کلفت کیا ہے — اک فریبِ نگہِ حس کی حقیقت کیا ہے
جاگ اُٹھ ڈھونڈھ لے دنیائے مسرت اب بھی — انھیں تکلیفوں میں پوشیدہ ہے راحت تیری
زندگانی سے مری مفت ہوئی یاس تجھے — اُٹھ اگر میری محبت کا ہے کچھ پاس تجھے
مرکے میں نے تجھے دکھلایا ہے جاں ہو جانا — کسی مظلوم کے سینے میں نہاں ہو جانا
موت کیا چیز ہے کچھ اس سے نہیں کام مجھے — جاوداں کرکے رہا ہے ترا پیغام مجھے
جو فنا ہو کے بھی باقی ہے وہ ہستی ہے مری — تیز تر ہوتی ہے ترشی سے وہ مستی ہے مری
چشمِ بینائے حقیقت ہو تو میں زندہ ہوں — مرکے بھی تیرے لئے دہر میں پائندہ ہوں

سب سے معذور رہی تجھ سے میں معذور نہیں — تو جو سمجھے تو ترے دل سے کبھی دور نہیں
اب بھی خوابیدہ تمنا کو جگا دیتی ہوں — آگ سی ایک ترے دل میں لگا دیتی ہوں
بن کے نشتر تری رگ رگ میں کھٹکتی ہوں میں — اشک کی شکل میں پلکوں سے اُٹھتی ہوں میں
تو سمجھتا ہے جسے کاہشِ دل میں ہی تو ہوں — درد میں بھی تو ہوں ہاں سوزشِ دل میں بھی تو ہوں
پردۂ مرگ کے پیچھے سے جھلک باقی ہے — میری اس منظرِ ہستی میں چمک باقی ہے

کوئی آساں نہیں دنیا سے گزرنا میرا
فرض ہے تیرے دلِ زار پہ مرنا میرا

# ہنسنے والا بھوت

(از خواجہ احمد عباس صاحب متعلم انٹرمیڈیٹ کالج)

پچھلے دسمبر میں میں بھی ان چند بدنصیب لڑکوں میں سے تھا جو بڑے دن کی چھٹیوں میں اپنے وطن نہیں گئے تھے۔ جیب کا خالی ہونا، وطن کا دُور ہونا اور کچھ کچھ امتحان کی تیاری کا خیال۔ ان چند وجوہات سے مجھے بھی ان دو لڑکوں کا شریکِ حال ہونا پڑا جو اثنائے تعطیل میں جوبلی (یا پنجاب) ہوسٹل میں مقیم تھے۔ تقدیر کی ستم ظریفی دیکھئے کہ ہم تینوں کی کچھ زیادہ ملاقات بھی نہ تھی کیوں کہ میں دسویں جماعت کا طالب علم تھا اور وہ دونوں نویں اور سیکنڈ ایر کے ہم لوگوں کے کمرے بھی ایک دوسرے سے بہت دُور واقع ہوئے تھے۔ میں ۱۳ نمبر میں اور باقی دونوں میں سے ایک ۲ نمبر اور دوسرا ۲۸ نمبر میں مقیم تھے۔

اس زمانے میں میں نو بجے سو کر اُٹھتا دس بجے تک ناشتہ کرتا۔ دو یا تین بجے تک پڑھتا اور پھر سائیکل پر سوار ہو کر شہر یا کسی دوسرے بورڈنگ ہاؤس کی سیر کو نکل جایا کرتا تھا۔

ایک روز مجھے شہر سے واپسی میں دیر ہوگئی جب واپس ہوا تو دیکھا کہ بھائی مظہر سٹور کے سامنے کھڑے ہیں سلام علیک کے بعد وہ مجھے اپنے کمرے (واقع میرس ہوسٹل) میں لے گئے۔ جہاں میں نے کھانا کھایا اور وقت گزارنے کے لئے اِدھر اُدھر کی باتیں شروع کردیں۔ دورانِ گفتگو میں مظہر نے مجھ سے بھوت پریت کی بابت میری رائے دریافت کی۔ میں نے اس کا جواب صرف ایک قہقہہ سے دیا۔ "تو کیا تم نے پنجاب ہوسٹل کے بھوت کو جو وہاں کے پاخانوں میں رہتا ہے کبھی نہیں دیکھا" میرے دوست نے کہنا شروع کیا "لیکن جو واقعہ میں تم کو سناتا ہوں وہ نہ صرف چشم دید ہے بلکہ خود میرے ساتھ گزرا ہے۔ پچھلے سال جب کہ میرا قیام پنجاب ہوسٹل میں تھا ایک رات جاڑوں کے موسم میں مجھے پاخانہ جانے کی ضرورت پیش آئی جوں ہی میں نے پاخانہ کے اندر قدم رکھا ایسا معلوم ہوا

جیسے کوئی لمبا تڑنگا شخص دانت نکالے راستہ روکے ہوئے کھڑا ہے۔ دہشت کی وجہ سے میرے ہاتھ سے لوٹا گر پڑا اور میں اپنے کمرے کی طرف بھاگا جہاں گھستے ہی میں نے کواڑ بند کر لئے اور لحاف میں منھ چھپا کر لیٹ گیا۔ اس واقعہ کی وجہ سے مجھے رات بھر نیند نہیں آئی۔ بار بار ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کوئی شخص شیشوں میں سے جھانک رہا ہے لیکن سب سے زیادہ تعجب کی یہ بات ہے کہ علی الصباح جب میں لوٹا اٹھانے پاخانے میں گیا تو وہ وہاں نہ ملا بلکہ فرسٹ فلور کے صحن میں پڑا ہوا پایا گیا۔ تو کیا اس واقعہ کے سننے کے بعد بھی تم بھوتوں کے وجود کے قائل نہیں ہو گے؟"

میں بھلا کب قائل ہونے والا تھا۔ میں نے اسے یقین دلایا کہ یہ اس کا وہم تھا اور گھڑی کی طرف دیکھ کر جو ۱۱ ½ بجا رہی تھی میں نے اس سے کمرہ جانے کی اجازت مانگی۔

اگرچہ میں جن بھوت وغیرہ کا قائل نہ تھا تاہم میرے دوست کی تقریر کا اتنا اثر ضرور ہوا کہ مجھے کمرے پہنچنے تک جو چیز نظر آتی تھی وہ بھوت معلوم ہوتی تھی لیمپ پوسٹ، ٹینس کورٹ کے بانس، چوکیدار۔ اس کا کتا۔ غرض ہر چیز بھوت معلوم ہوتی تھی۔

جو لوگ پنجاب ہوسٹل کے جغرافیہ اور تاریخ سے واقف ہیں وہ سمجھ سکتے ہیں کہ میرا کمرہ ۱۳ ان پاخانوں کے بالکل قریب ہی جو بھوتوں کا مسکن خیال کئے جاتے ہیں۔ میں کمرہ میں داخل ہوا اور شمع روشن کی لیکن جیسے ہی میں کھڑکی کو بند کرنے کے لئے اس کی طرف بڑھا وہ ہوا کے ایک جھونکے سے بجھ گئی۔ میں میز کی طرف دیا سلائی لینے کے لئے بڑھا لیکن ابھی میں میز تک نہ پہنچا تھا کہ ایک خوفناک قہقہہ سنائی دیا۔ یہ قہقہہ انسانی نہ تھا۔ لہذا میرا خیال فوراً بھوتوں کی طرف مبذول ہوا اور میں اتنا خوف زدہ ہو گیا کہ شمع میرے ہاتھ سے زمین پر گر پڑی میں کچھ دیر خاموش کھڑا رہا لیکن پھر سوچا کہ یہ سب وہم ہے۔ میں نے میز پر سے دیا سلائی کا بکس اٹھایا کہ دیا سلائی جلا کر شمع روشن کروں لیکن دیا سلائی بکس میں سے نکالی ہی تھی کہ پھر وہ خوفناک قہقہہ سنائی دیا۔ اس دفعہ ایسا معلوم ہوا جیسے کوئی شخص میرے اس خوف پر مضحکہ اڑا رہا ہو۔ میرے ہاتھ خوف سے کانپنے لگے اور میرے ہاتھ سے بکس گر کر دیا سلائیاں فرش پر منتشر ہو گئیں۔ میں نے ٹٹول کر دیا سلائیاں اور بکس اٹھایا لیکن جو دیا سلائی جلاتا تھا وہ ہوا کے جھونکے سے بجھ جاتی تھی۔ بڑی مشکل سے دیا سلائی جلی تو شمع غائب تھی۔ مجھے کوئی ایک درجن دیا سلائیاں اس کو ڈھونڈنے میں صرف کرنی پڑیں۔ جیسے ہی میں اس کو جلانے کے لئے اٹھانے لگا مجھے ایسا

محسوس ہوا۔ جیسے کوئی چیز میرے پاس سے گزری اور کارنس کے قریب اس خوف ناک قہقہہ کی آواز دوبارہ سنائی دی۔ میں نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے دوبارہ شمع جلائی اور کمرے کے چاروں طرف دیکھنا شروع کیا۔ لاحول ولاقوۃ میں ہنستے ہنستے پاگل ہوگیا جب کہ میں نے کارنس پر ہاؤس ٹیوٹر صاحب کے طوطے کو بیٹھا ہوا دیکھا جو اتفاقیہ کھلی ہوئی کھڑکی سے اندر آگیا تھا۔ بعد میں مجھے معلوم ہوا کہ وہ سوائے ہنسنے کے کوئی اور بولی جانتا ہی نہ تھا۔

# لُر

(از رشید احمد صدیقی ، علیگ ، مُسلم یونیورسٹی علی گڑھ)

کرسمس کا زمانہ تھا جب انگریزی کیک اور ہندوستانی سردی کھاتا ہے۔ بارش ہو رہی تھی' ہوا تیز و تند' سردی نہیں کپکپی کا عالم تھا' رات تاریک جیسے تارکول کا سمندر' بیوی بچوں سے جو کچھ بچا تھا وہ جسم پر لپٹا ہوا تھا۔ پارسال کی روئی دار مرزئی تیرس کے سال کا سوئٹر اور مفلر۔ اس سے پہلے کا کمّل اور محاذ جنگ سے پلٹا ہوا جسٹر۔ دو دو موزے ایک دوسرے کے پردہ پوش۔ انگیٹھی سامنے رکھی ہوئی' سب لوگ اس اطمینان سے بیٹھے ہوئے تھے گویا نہ یونیورسٹی تھی اور نہ پولس' نہ بیوی تھی نہ انفلوائنزا' ایک سکوت کا عالم تھا۔ معلوم ہوتا تھا ہر شخص اپنے جذبۂ درمیان کے اعتبار سے ایک فرد واحد ہے اور وہ بھی ایسا جس نے چھوٹے چھوٹے قرضوں کو ایک بڑا قرض لے کر ادا کر دیا ہو۔ بھوک لگی نہ ہو اور قضائے حاجت کے لئے اٹھنا نہ پڑے۔ مختصر یہ کہ جس پر بیوی اور اللہ میاں دونوں مہربان ہوں۔

کمرہ سے باہر موسم اپنی تمامتر آشوب ناکیوں کے ساتھ مصروفِ کارزار تھا اور ہم اس عافیت کے ساتھ اپنے کمرہ کے اندر بیٹھے ہوئے تھے گویا اس سے بڑھ کر موسم کی توہین کا کوئی دوسرا طریقہ نہیں تھا۔ اسی زمانہ میں ویسرائے اور سینٹا کلاز اپنے اپنے محافظین اور مقربین کے ساتھ کلکتہ میں رونق افروز ہوتے ہیں اور مہاتما گاندھی اپنی تمام چرخہ زائیوں یا ہندوستانیوں کے ساتھ کہیں اور ہوتے ہیں۔ پھر مسٹر کیریار اور مسٹر پٹیل کے ہوتے جب والسرائے بالقابہ کلکتہ جا سکتے ہیں تو پھر ہم کو بیوی بچوں کی کیا پروا ہو سکتی تھی۔ ایک کرسی پر تکیہ لگائے ہوئے اور ربڑ کے حلقہ پر جس کے اندر ہوا بھری ہوئی تھی اس طور پر بیٹھے تھے گویا

سری گنیش ائیمہ !

اتنے میں یخ سیال کا ایک زبردست جھونکا' سوکھی پتیوں' بجلی کی چمک اور بادل کی گرج کے ساتھ' کواڑ کو زور کا دھکا دیتا ہوا اس تیزی اور تندی کے ساتھ کمرہ میں داخل ہوا گویا ساری چٹخنیاں اور چولیں پاش پاش ہو جائیں گی۔ لیمپ گل' حواس غائب' مرشد نے پکارا ایک نعرۂ حیدری۔ سب نے یک زبان ہو کر کہا یا حسین !

خلفشار کم ہوا' دیا سلائی جلائی گئی تو دیکھتے ہیں' حاجی بلغ العلیٰ بشکل سینٹا کلاز وارد ہیں بس یوں سمجھ لیجیے کہ ایک داڑھی اور ایک کمل پر حاجی صاحب اس طور پر مسلط ہیں جس طور پر سارے ہندوستان پر یونین جیک۔ جہاں تک حاجی صاحب کے حلیہ کا تعلق ہے بہت کم لوگ اس راز سے آشنا ہوں گے کہ فی الحقیقت داڑھی اور کمل حاجی صاحب پر مسلط نہیں ہوتے' ایسی عام شکلیں تو ماگھ میلہ اور غازی میاں کی درگاہ پر کافی سے زیادہ تعداد میں نظر آئیں گی' بلکہ خود حاجی صاحب کمل اور داڑھی پر مسلط ہوتے ہیں۔ یہی فرق حاجی بلغ العلیٰ صاحب مدفیوضہٗ اور دیگر قسم کے لوگوں میں بہ الامتیاز ہے

حاجی صاحب کا حلیہ (یا چیب؟) ریاضی کے اعتبار سے اس قاعدہ کے تحت میں آئے گا۔

(ک × د) ح

لیکن حاجی صاحب کا تذکرہ آگیا ہے تو متشابہ لگنا بھی بے محل نہیں ہے۔ چنانچہ بعض ماہرین ریاضی کا ابتک خیال رہا ہے کہ جسم کے لئے ابعادِ ثلاثہ یعنی لمبائی چوڑائی اور موٹائی کا پایا جانا لازمی ہے لیکن ریاضی کے بعض جدید الخیال مفکرین کا خیال ہے کہ جسم کے لئے یہ شرائط ناکافی ہیں کیونکہ اگر یہ شرائط سہ گانہ صرف آنی (Instantanious) ہیں تو پھر جسم کہاں اس لئے جسم کے متیقن کرنے کے لئے جہات سہ گانہ (یعنی لمبائی چوڑائی موٹائی) کے ساتھ وقت یا ٹھہراؤ کا پایا جانا بھی لازمی ہے۔

حاجی صاحب ان دنوں قانون مسعودی اور رمضان شریف سے الجھے ہوئے ہیں اس لئے ممکن ہے ریاضی و ہندسہ کے اس دلچسپ نظریہ سے باز پرس نفرمائیں ورنہ بعید نہ تھا اگر کسی وقت جبکہ ہم بالکل غافل اور خالی الذہن ہوں حاجی صاحب بجہات سہ گانہ ہم پر نازل ہو جائیں کیونکہ اس وقت بھی انکی آمد یا تو صرف بجہات سہ گانہ تھی یا صرف بشرط اولیٰ ایا جہت رابع (۔۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔ متشابہ انتہی)

ہاں تو پھر حاجی صاحب نظر آئے لیکن کوئی شخص یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتا تھا کہ گنگنا رہے ہیں' یا فرمائش کرنیوالے ہیں یا لیٹ جانیوالے ہیں۔ لوگوں نے یک زباں ہو کر کہا' آ خاہ حاجی صاحب قبلہ' فرمایا

بالم نیا ڈگا مگ ڈولے

معلوم نہیں نیا ڈول چکی تھی یا نہیں لیکن ریش مبارک پر اب بھی اہتزاز طاری تھا' بولے اور کیوں جی تم میں سے کوئی جانکی بائی سے واقف ہے' قاضی صاحب نے مصلّے پر سے سلام پھیرا'

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مرشد نے کہا، کوئی نہیں، قاضی صاحب، یہ تو حاجی بلغ العلیٰ تشریف لائے ہیں، قاضی صاحب نے ایک ایسے لہجہ میں جس میں خشیت خشونت اور خفت سب ہم آہنگ تھیں، فرمایا،

اعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیأت اعمالنا ......... الخ

حاجی صاحب نے دریافت فرمایا، کس مسئلہ پر غور کر رہے تھے کہ ایک طرف سے آواز آئی۔

بھائیو، اپنی اپنی ٹانگیں اٹھاؤ آسمان گرا پڑتا ہے! سنتے ہیں مرشد ہنکارے 'بم مہادیو، ٹن گنیش!

میں نے پوچھا، ان دونوں میں کوئی فرق بھی ہے فرمایا مسلم لیگ اور مہاسبھا کا۔

اصغر صاحب بولے، نہیں لکھنؤ اور لاہور کا۔

حاجی بلغ العلیٰ نے گردن کو جھٹک کر کہا ہمں، مس میو اور جان بل کا۔

جگر صاحب نے وجد میں آکر کہا۔ ہائے کچھ نہیں، تیرا اور میرا۔

قاضی صاحب نے فرمایا۔ چائے —— پانی کا۔

گھر میں سے بڑی بی ہانپتی کانپتی آئیں، کہا، میاں! بیوی!!

سب نے یکزباں ہو کر تصدیق کی، بالکل ٹھیک میاں، بیوی کا!

حاجی صاحب بولے، ارمان، کوئی مضمون نہیں لکھتے۔ میں نے کہا کیا اور کس پر، کہنے لگے اسی جملہ پر:

اپنی اپنی ٹانگیں اٹھاؤ، آسمان گرا پڑتا ہے

میں نے کہا یہ کیا تھا، کہنے لگے اعلانِ جنگ بھی اور اعترافِ شکست بھی، میں نے کہا کس کا فرمایا گُرگا۔

میں نے کہا اچھا یہی سہی، تو پھر درویشوں کے تجربہ میں جس جس قسم کے گُر آئے ہوں سنائیں۔ حاجی صاحب یکلخت قالین پر سے مسند پر بیٹھ گئے۔ فرمایا بالکل ٹھیک، میں پریسیڈنٹ ہوں۔

---

حاجی صاحب نے مرشد کی طرف داڑھی اور آنکھ کو حرکت دی اور مرشد نے پہلو بدلا،
ناانصافی ہوگی اگر مرشد کا بھی لگے ہاتھوں ناظرین سے تعارف نہ کرادیا جائے۔

حاجی بلغ العلیٰ اگر برق آور دیتے تو مرشد بھی کم و بیش باد آور دیتے، موصوف کے آنے سے پہلے لوگ کچھ سرما زدہ سے ہو رہے تھے کہ اتنے میں کمرہ کا کواڑ کھلا، ور آپ اسطور پر ڈرتے جھجکتے ہوئے داخل ہوئے اور داخل ہوتے ہی سارے مجمع پر چھا گئے جیسے کبھی انگریزوں کی آمد ہندوستان میں ہوئی ہوگی۔

فرمایا: آپ لوگ بھی عجیب ہیں، آج اسٹیشن پر نہ کوئی تانگہ ملا، اور نہ یکہ، سردی اس بلا کی پڑ رہی ہے اور میرے پاس نہ چھتری نہ کمل، میں نے کہا اگر آپ کے یہ اعتراضات بحیثیت ممبر کورٹ ہیں تو خیر سنگ آمد و سخت آمد، ورنہ جہاں تک میرے حافظہ یا ہمت کو دخل ہے ارباب کمیشن نے ہم پر کہیں یہ اعتراض نہیں کیا ہے کہ اسٹاف والے تانگہ نہیں چلاتے یا اُن میں اس کی صلاحیت نہیں ہے۔ یا موسم کو غیر معتدل رکھتے ہیں۔ یا مسکین اور ناداروں کو کمل اور چھتری نہیں تقسیم کرتے۔ طیش میں آکر فرمایا، یہ خوش فکری، گر وہ نباشد کہ میڈیکل کالج کی نذر کر آئے۔ کمیشن کی رپورٹ میں ان باتوں کا صاف صاف تو بیشک کہیں تذکرہ نہیں ہے۔ لیکن ایک مدالیسی ضرور ہے کہ اگر بر روئے کار لائی گئی تو آپ کو معلوم ہوگا کہ تانگہ چلانے والے کا پوزیشن کافی قابل رشک ہے، اور جاڑے میں بارش کا ہونا اور کمل اور چھتری سے محروم رہنا۔ کیا معنی رکھتا ہے۔

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا!

تھوڑی دیر کے لئے میں بھی بھول گیا کہ گر وہ کہاں تھا اور عقل کہاں، میں نے کہا چرخا نباشد، قبل از مرگ واویلا تو کچھ نہ ان کو آپ پر بیڑا ہی کرتے ہونگے۔ کمیشن کی جس مد یا سفارش کا آپ حوالہ یا دھمکی دیتے ہیں۔ وہ رپورٹ میں اتنا واضح نہیں ہے جتنا ہمارے اُردو کے ایک شعر میں ہے جو کورس میں بھی داخل ہے۔

نہ اتنا برّشِ تیغِ جفا پہ ناز فرماؤ
مرے دریائے بیتابی میں ہے اک موجِ خوں بھی

آپ تو چشم بد دور اُس جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جو ہمارے آقا ہیں اور ماشاءاللہ غالب سے اتنی الفت رکھتے ہیں کہ دیوانِ غالب کا بہترین پاکٹ ایڈیشن نہایت اہتمام اور انہاک کے ساتھ کاویانی پریس برلن سے شائع کر چکے ہیں، کیا اتنا نہیں کر سکتے کہ صرف اس کا ایک شعر ذہن نشین فرمالیں، بجائے اس کے کہ پورا دیوانِ غالب پاکٹ میں ہو، یہ کہیں بہتر ہے کہ اس کا صرف یہ شعر

ہیں اہلِ خرد کس روشِ خاص پہ نازاں

پابستگیِ رسم و رہِ عام بہت ہے!

دماغ میں ہو، اتنا سُننا تھا کہ قاضی صاحب نے لپک کر میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ اے میاں خاموش، نہ وقت دیکھتے ہو اور نہ آدمی، خطائے بزرگاں گرفتن خطاست،

حاجی بلیغ العلےٰ صاحب نے فرمایا، اجی تم بھی کہاں سے کہاں پہونچ گئے۔ سنا تو ہوگا۔

فضیحت گوش کن قاضی کہ ارماں دوست تر دارند

مریضانِ خلافت فنڈ پسند "پیر" و "مرشد" را

قاضی صاحب نے تیوری بدلکر فرمایا، میاں فاروق، تم بھی لونڈوں میں مل گئے، ذرا وقت کی نزاکت کا تو خیال کیا ہوتا صورت دیکھئے تو سقراط اور حرکات دیکھئے تو طور وارڈ، لاحول ولا قوۃ (لہجہ بدلتے ہوئے) اے میاں رشید ڈاکٹر صاحب کی مخلصانہ نصیحت کو تمنے کچھ اور سمجھ لیا، انکا مطلب بالکل وہ نہ تھا جو تمنے سمجھا، وہ بھلا کب ہم سے باہر ہو سکتے ہیں، اجی ڈاکٹر صاحب ان کو تو معاف ہی کر دیجئے ابھی بیماری سے اُٹھے ہیں۔ آپ سے تو ہم سب آپ کے زمانۂ طالب علمی سے واقف ہیں، آپ کی یونین کی وائس پریسیڈنٹی، آپ کی جادو بیانی اور آپ کی سینیر بریر مانیٹری پر اب تک ہم سب عش عش کرتے ہیں، آپ تو اس ایس ایسٹ ہی میں رہتے تھے، شاید ۲۰ نمبر کے کمرہ میں، رشید صاحب، وہی کمرہ جس میں انس صاحب رہتے تھے، جس کا آج کل میں وارڈن ہوں۔ میں نے کہا جی بس اب رہنے دیجئے، آپ میرے بزرگ ہیں اور اُستاد بھی، اور یہ سبق بھی میں نے آپ ہی سے سیکھا ہے۔ آپ کو وہ مضمون بھی یاد ہے جو آپ نے انھیں بزرگ کے ہمقوم کے آرٹیکل کے جواب میں مدینہ میں شائع کرایا تھا۔ آخر اس کی بنا کیا تھی۔

آپ تو ماشاء اللہ مجھسے زیادہ مُسِن بھی ہیں اور تندرست بھی، پھر اگر مجھے حرارت آگئی تو آپ ڈاکٹر صاحب کے کمالات پر خطبہ کیوں دینے لگیں اور پھر خطبہ کی کیا ضرورت ہے، کیا محض ممبر کورٹ ہونا کافی سے زیادہ نہیں ہے، ایک طرف سے آواز آئی [illegible] حاذق صاحب کی تھی،

درود سے بتواں گفتن سجود سے میتواں کردن!

لیکن اگر حاذق صاحب کو اس سے انکار ہے تو پھر سمجھ لیجئے میرے ہی کان بج رہے تھے۔

قاضی صاحب گلا صاف کر کے کچھ فرمانے والے ہی تھے کہ مرشد نے پکارا،

کھیل ختم پیسہ ہضم!

کوئلے منگائیے، چائے لائیے، بستر مہیا کیجئے، آئینہ کنگھا لائیے، ایک لوٹا گرم پانی، جگر صاحب کچھ ارشاد ہو اقبال وغیرہ کہاں ہیں، آپکا زخم کیسا ہے، گھر میں سلام کہلائیے، سالن زیادہ اور مرچیں کم ہوں، حاذق صاحب کی کچھ معقولات منگائیے، اصغر صاحب اپنے اشعار کی بیاض لائیے، نہ کام کھانسی کی دوا، ذوالفقار صاحب آپ لوگ مسز حمید سے واقف ہیں عظمت صاحب کہئے اجنبی تو نہیں، خالد صاحب آپکا موٹر تو ٹھیک ہے، آج کا اخبار بھی ملسکیگا، ایک لوٹا پانی فوراً آئے غسلخانہ کدھر ہے، اور وہاں اسوقت خط بنوانیکا بھی سامان ہوسکتا ہے؟ ——— سوالات اور فرمائشات کے اس ماگھ میلا میں کس کو یارائے زباں درازی ہوسکتا تھا، چنانچہ مرشد نے غسل خانہ میں تخلیہ کیا اور تھوڑی دیر کے لئے ہر شخص ایک دوسرے کا منہ اسطور پر تکنے لگا گویا ہر ایک، دوسرے کو بیوقوف سمجھتا تھا۔

غسلخانہ سے گنگنانے کی آواز آئی، معاً دروازہ کھلا اور مرشد شاداں و فرحاں برآمد ہوئے۔ انگیٹھی اور چائے موجود تھیں، قاضی صاحب نے فرمایا، کہئے ڈاکٹر صاحب، موسم غیر معمولی طور پر غیر معتدل ہو رہا ہے۔ سفر میں تو غیر معمولی زحمت ہوئی ہوگی۔ فرمایا جناب علی گڑھ اسٹیشن تک تو ٹھکانے ٹھکانے چلا آیا۔ یہاں آکر البتہ معلوم ہوا کہ موسم قطب شمالی کا ہے اور یونیورسٹی مسلمانوں کی ہے۔ نہ ٹانگہ ——— اصغر صاحب بولے دیکھئے ڈاکٹر صاحب یونیورسٹی اور ٹانگہ کا پھر خلط مبحث ہو رہا ہے ——— مرشد نے کہا اصغر صاحب، رشید صاحب کی عصبیت پر نہ جائیے آپ تو شاعر اور بفضلہ اُن چند شعرا میں سے ہیں جو بعض دوسرے شعرا کو اپنے سے بہتر مانتے ہیں یا مان سکتے ہیں، سُنا ہوگا۔

مقصد ہے ناز و غمزہ وے گفتگو میں کام
چلتا نہیں ہے دشنہ و خنجر کہے بغیر۔

رشید صاحب کا کیا وہ تو شروع سے سمجھ چکے ہیں کہ ذاکر حسین خاں، اندوہگنیاں، چہ میگوئیاں، گلچھتیاں، پن چن زائیاں وغیرہ لکھنے پر قادر نہیں ہیں۔ اُن کی تعریف کیجئے تو ہنستے ہیں اور اسطور پر گویا تعریف کرنے والا احمق ہے نہ کیجئے تو مرض کی آڑ پکڑ کر جھلاتے ہیں حالانکہ دونوں حالتوں میں حماقت انھیں کی متیقن ہوتی ہے۔

میں نے کہا اچھا میری حماقت تو متیقن اور اظہر من الشمس ہے اسٹیشن سے یہاں تک آنے میں جناب نے جس ذوق سلیم اور اصابت فکر کا ثبوت دیا ہو اسکا تذکرہ کیجئے۔ کہنے لگے، ٹرین سے اُترا ایک کمل و دو گوش۔ اوّل تو اس قلی سے

سخت ندامت ہوئی جو بے تابانہ میرے کمپارٹمنٹ میں مع اسباب اتارنے کی اُمید و نیت سے داخل ہوا۔ یہاں کیا دھرا تھا۔ کمل جسم پر اور دونوں ہاتھ خالی جیبوں میں، لیکن اس نے جس انداز سے مجھے دیکھا یا گھورا (جلدی میں یا مصلحتاً میں اس کو متیقن نکر سکا) اس سے صاف پتہ لگتا تھا کہ اُس کے نزدیک، میرے پاس اسباب ممکن ہے رہا ہو یا نہو ٹکٹ یقینی نہ تھا۔ یا پھر جس بدحواسی سے میں ڈبہ سے باہر آیا اُس سے تو قلی کو ضرور یقین ہوگیا ہوگا کہ ممکن ہے ٹکٹ ہو، لیکن اس درجہ کا کبھی نہوگا جس میں سے میں برآمد ہوا۔ میں کسیقدر خجالت و خشونت کے ساتھ پھاٹک کی طرف روانہ ہوا۔ واپسی ٹکٹ تھا۔ مسافروں کا ہجوم، میں نے سوچا پھاٹک پر ٹھہر کر ٹکٹ بابو کو، اپنے آپ کو اور سارے مسافروں کو زحمت دینے کے بجائے خود ہی ٹکٹ کو کیوں نہ دو حصوں میں تقسیم کردوں، آمد کا دیدونگا، واپسی کا رکھ لونگا، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا، لیکن اس وقت غسلخانہ میں دوسرا ٹکڑا گرا پڑا تھا اٹھا کر دیکھتا ہوں تو معلوم ہوا کہ آمد کا اپنے پاس ہے اور واپسی کا ٹکٹ بابو کے پاس!

حاضرین نے مختلف جذبہ کے ساتھ اس واقعہ کو سُنا،

اے ماشاءاللہ، لاحول ولاقوۃ، چہ چہ چہ، قہ قہ قہ، ہی ہی ہی، کسی نے کہا جلیل صاحب کو اطلاع دیجائے، کسی نے خلافت کمیٹی سے رجوع کرنیکی رائے دی، کسی نے پولس کو اطلاع کرنے پر زور دیا، جگر صاحب نے کہا ابھی کوئی دوڑ جائے تو مل سکتا ہے، مرشد نے کہا یہ کچھ علیگڑھ کے سفرہی کا کرشمہ ہے اب تک تو یہ ہوتا تھا کہ واپسی کا ٹکٹ یا ویک اینڈ ٹکٹ لیکر آتا تھا اور جب یہاں سے گلو خلاصی ہوئی تھی تو معلوم ہوتا تھا میعاد گذر چکی ہے۔ پہلے تو خیر دو سرونکی جان کو دعا دیتا تھا آج تو کیا کہوں، از ماست کہ بر ماست کا مضمون ہے حاذق صاحب نے بھی جگر صاحب کی تحریک کی تائید کی، میں نے ایک پوائنٹ آرڈر پیش کیا کہ اسوقت کمرہ سے باہر جانے کیلئے کون صاحب آمادہ ہیں ——

قاضی صاحب نے جلدی سے فرمایا، اجی جانے بھی دو جان کا صدقہ مال، قدمِ درویشاں ردِّ بلا ——

خانصاحب بول اُٹھے، کیوں نہو قاضی صاحب، باہر جانے ہی کا عذر نہیں بلکہ طعام و قیام کا بھی بندوبست کرلیا!

مرشد نے کہا جانیکو تو میں تیار ہوں، لیکن، .........، لوگوں نے کہا نہیں نہیں ڈاکٹر صاحب آپ کیوں زحمت فرمائیں، اس تکلیف سے تو آپ کا آنا ہوا، پھر صحت بھی نادرست ہے۔ مرشد نے فرمایا، نہیں یہ سب کچھ نہیں، میں نہایت آسانی کے ساتھ جا سکتا ہوں.......... لیکن،

لوگوں نے کہا، نہیں نہیں، جناب کوئی بات بھی ہو، آپ بالکل خستہ ہو رہے ہیں۔

مرشد نے چمک کر کہا، آپ صاحبان کو میرے ضعف یا پست ہمتی کا صرف مغالطہ ہے، آپ فرمائیں تو میں اسی وقت وائس چانسلر کے ہاں تک چلا جاؤں، سارے مجمع میں اک ہیجان پیدا ہو گیا اور ہر ایک لپک کر مرشد کے پاس آ گیا، ڈاکٹر صاحب، ہرگز نہیں ہرگز نہیں، ایسا نہ کیجئے گا، کچھ ہو جائے اسوقت ہم آپ کو وائس چانسلر کے پاس کبھی نہ جانے دینگے، قاضی صاحب بولے کیوں میاں رشید کہتا نہ تھا کہ مذاق کا وقت نہیں رہا، دیکھا بات کہاں سے کہاں پہونچ گئی۔ ٹھیک کہا ہے کسی نے۔

کہ بر من آنچہ کرد آں آشنا کرد

حاجی بلغ العلےٰ صاحب بھی کھلبلائے، فرمایا، قاضی صاحب یہ سارا فتنہ رشید ہی کا جگایا ہوا ہے اور یہ نہیں دیکھتے کس اطمینان اور بلاغت ادا کا اظہار فرما رہے ہیں، آپ کو وہ شعر نہیں تو مصرعہ تو یاد ہی ہوگا۔

کیسا میٹھا ہے کبو تر مرا اُلّو بنکر

میں نے کہا، مانا یہ سب میرا ہی کرا دھرا ہے لیکن بات کیا ہوئی مرشد کا نہ پورا جملہ ختم ہونے دیتے ہیں اور نہ پورا ما فی الضمیر پھر معلوم کیسے ہو کہ کیا ہو رہا ہے یا ہونیوالا ہے۔ لوگوں نے کہا تم ہی سوال جواب کر لو، ذرا میدان میں تو اترآؤ، میں نے کہا ذرا میدان ہی میرے سامنے کر دیجئے۔ لوگوں نے چائے کی سینی کھینچی تو معلوم ہوا کہ مرشد بھی اسی کے ساتھ اسی رفتار کے ساتھ قریب تر ہو رہے ہیں۔ اب میدان اور مرد میدان دونوں مریض کے مقابل تھے، میں نے کہا مرشد، میں دیکھتا ہوں سینی اور سینی کے ظ   ، برابر خالی ہوتے چلے جا رہے ہیں اور آپ ہیں کہ اُس مولوی کے بھی تیور کو شرما رہے ہیں جس نے جمعہ کے دن خط بنوایا ہوا اور سنیچر کے دن بچوں کی روح قبض کرنے آیا ہو۔ کہنے لگے بھئی میں کیا کروں یہ لوگ تو خدا جانے کیا سمجھے رہتے ہیں۔ میں نے کہا تو پھر آپ آخر صاف صاف کیوں نہیں کہتے، بات کیا ہے؟ کسیقدر جھنجھلا کر، فرمایا، مجھے آپ نے سمجھ کیا رکھا ہے، کیا میں خود اسٹیشن تک نہیں جا سکتا، اور کیا معلوم چائے پیکر میں چلا جا سکتا ہوں۔ لیکن!

لوگوں نے پھر کچھ پہلو بدلنا چاہا لیکن میں نے کسی قدر ترشرو ہو کر کہا، حضرات اس "لیکن" کو تو ذرا صاف ہو لینے دیجئے، سارا فتنہ اسی "لیکن" نے برپا کر رکھا ہے۔ ہاں مرشد لیکن؟ گرج کر جواب دیا لیکن لیکن لیکن کیا...... وہ "قلی"!!

مجمع سے پھر کچھ صدائیں بلند ہوئیں، "یہ نہ کہئے!" "کیوں نہ ہو!" "ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند"۔ ایک طرف

سے آواز آئی '' اچھا تو آپ غریب اسٹاف والوں ہی پر شیر ہیں'' میں نے کہا مرشد یہ تو بڑی کرکری ہوئی۔ نان کوآپریشن
کے زمانہ میں آپ نہ پولیس سے ڈرے نہ جیلخانہ سے، ایک زمانہ میں آپ ہیضہ اور پلیگ سے بھی نہیں ڈرتے تھے، بیوی کو تو
آپ کبھی خاطر ہی میں نہ لائے، بیوی کا نام سُننا تھا کہ چونکے، فرمایا 'بھئی ایک بات کرسکتے ہیں' میں نے کہا وہ کیا، کہنے لگے
کل صبح بیوی بچے وطن جاتے ہوئے علیگڑھ سے گذریں گے۔ یہ ڈاکٹر صاحب کی کھانسی زکام کی دوا نہایت مفید اور
سریع الاثر ہے' میں نے کہا یہ کیا؟ گھڑک کر فرمایا 'ذرا صبر تو کیجئے'، بات ختم نہیں ہوئی اور بیچ میں کود پڑے آخر یہ کہاں کی
تہذیب ہے' میں نے کہا اچھا اچھا معاف فرمایئے آپ کے دو جملوں کے درمیان کوئی لفظ یا لہجہ یا انداز ایسا نہیں پایا
جاتا جس سے دونوں میں کوئی ربط یا نسبت ظاہر ہوتی ہو، اس لئے مجھے لامحالہ جملہ معترضہ بننا پڑتا ہے، فرمایا 'دیکھتے
ہیں موسم کتنا خراب اور خطرناک ہو رہا ہے، بیوی بچوں میں سے کسی ایک کو یا سب کو راستہ میں نمونیا ہوگا' ایک بوتل
اسی دوا کی اسٹیشن بھیج دیتے، سب پیتے ہوئے گھر پہونچ جائینگے' میں نے کہا اتنے عاقبت اندیش تو آپ پہلے نہ تھے،
کہنے لگے یورپ سے آنے کے بعد کچھ ایسی ہی طبیعت ہوگئی ہے' میں نے کہا مُرشد یہ تو کچھ پروپگنڈا معلوم ہوتا ہے۔
یورپ سے واپس آکر لوگ سب سے پہلے ہندوستانی والدین اور ہندوستانی بیوی ہی پر ہاتھ صاف کرتے ہیں۔
کہنے لگے بھائی اپنا اپنا تجربہ میرے لئے تو یورپ جاکر ہندوستانی بیویوں کی قدر بڑھ گئی۔ میں نے کہا مرشد یورپ جاکر
آپ نے عورتوں کے بارے میں کیا رائے قائم کی، حاذق صاحب بھی دُلائی اور حُقّہ کے ساتھ مرشد کے قریب آگئے اور
ہمہ تن اشتیاق نظر آنے لگے، اور سارا مجمع اسطور پر ہمہ تن گوش ہوگیا گویا ہم سے لیکر حاجی بلغ العلیٰ تک تمام لوگ اسی
مسئلہ کی تشریح کے بعد عازم یورپ ہونگے۔ ہر طرف سے سوالات کی یورش ہوئی، کسی نے کہا کیوں ذاکر صاحب وہاں
اسلامی طریقہ نکاح بھی جاری ہے' ایک بزرگ نے فرمایا 'کیوں صاحب سُنا ہے وہاں سے بیوی لائے تو ہندوستان
میں کلکٹر صاحب ناراض ہوجاتے ہیں' ایک دوسرے حضرت بولے اور کیوں ذاکر صاحب کیا یورپین بیوی پر خرچ زیادہ
بیٹھتا ہے' ایک طرف سے آواز آئی کیوں صاحب اگر کوئی انگریزی نہ جانتا ہو تو اس کی بھی شادی ہوسکتی ہے۔ ایک صاحب
نے خفیف سی سرد آہ کھینچکر دریافت کیا کیوں جناب ذاکر صاحب، وہاں شادی کے لئے عمر کی تو قید نہیں ہے۔ ایک
صاحب ذرا زیادہ محتاط طبیعت بولے اور کیوں ذاکر صاحب اس قسم کی تحریک وہاں کیسے کی جاسکتی ہے۔ فرض کیجئے
کوئی شخص آپ کا خط لیکر جائے' مرشد گھبرا کر کوئی غیر ذمہ دارانہ فقرہ یا غیر شاعرانہ حرکت کرنے والے ہی تھے کہ مولانا ابوبکر

صاحب تشریف لائے، سب لوگ کھڑے ہو گئے۔ مصافحہ اور مزاج پرسی میں بیت الغزل سے لوگ محروم رہ گئے۔

کچھ دیر کے بعد مولانا واپس تشریف لے گئے، حلقہ مریدان پھر سے قائم ہوا، مرشد نے فرمایا، اسٹیشن سے باہر آیا تو نہ یکہ نہ پولیس، نہ کوئی بھکاری اور نہ کوئی خوانچہ والا، ایک طرف صرف ایک یکہ پر دو بزرگ مراقبے میں تھے اور یہ مشکل سے پتہ لگایا جا سکتا تھا کہ ان میں سواری کون ہے اور یکہ بان کون، گھوڑے اور یکہ کی حالت بھی کچھ ایسی ہی غیر یقینی تھی۔ فی الفور اس کا تصفیہ کرنا ناممکن تھا کہ یکہ کو گھوڑا کھینچیگا یا گھوڑے کو یکہ۔ چنانچہ اس صورتِ حال سے فائدہ نہ اٹھانا صریح حماقت تھی۔ بغیر کسی مزید غور و فکر کے میں بھی یکہ پر جا کر اسطور پر بیٹھ گیا گویا ایک نامعلوم مدت تک کہیں جانے کا قصد نہیں تھا۔ اس دوران میں ایک موٹر زناٹے اور سنّاٹے کے ساتھ نکلی، جس میں تین چار حوا کی بیٹیاں اور کچھ ازپسران نوح اسطور پر بیٹھے ہوئے تھے گویا عورتیں ان کو بھگائے لئے جا رہی تھیں اور چونکہ تعلیم یافتہ تھے اسلئے اس اندیشہ سے ملول معلوم ہوتے تھے کہ تعزیراتِ ہند میں عورتوں کو بھاگنے یا بھگا لیجانے پر بازپرس کی جا سکتی تھی۔ اور جب صورتِ حال یہ ہو کہ کسی تعلیم یافتہ اور روشن خیال مرد کو تعلیم یافتہ تر اور روشن خیال تر عورتیں لے بھاگیں یا بھگا لیجائیں تو اس بیسویں صدی اور انگریزی حکومت میں کوئی کیا کر سکتا ہے۔

اس درمیان میں دو بندروں میں جو درخت کے اوپر تھے کسی نازک مسئلہ پر اختلاف آرا ہوا۔ ایک کے سینہ سے کوئی ولیعہد چمٹے ہوئے تھے اور چہرہ تمتمایا ہوا تھا۔ دوسرے بزرگ کا چہرہ سنجیدہ لیکن بیک گراؤنڈ کے بارے میں غالب کا خیال تھا۔

مجھے اب دیکھ کر ابرِ شفق آلود یاد آیا — کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر

بہرحال چیخ اور شور کا وہ عالم تھا کہ تھوڑی دیر کے لئے رعد و برق بھی ماند پڑ گئے اتنے میں کیا دیکھتا ہوں کہ وہی شفق آلود بزرگ ہمارے یکہ کے قریب آ گئے اور اس رکھ رکھاؤ لیکن ملتجی نگاہوں سے ہماری طرف دیکھنے لگے کہ ایسا منظر بڑے بڑے ڈرائنگ روم میں بھی بمشکل نظر آ سکتا تھا۔ موٹر اور بندر کے خلفشار نے ہماری آمد و ورود سے مل جلکر ہمارے دوستوں کو پیامِ بیداری دیا۔ اتفاق سے میں جن کا ہدوش ہوا وہ مسافر نکلے۔ فرمایا کدھر کا قصد ہے میں نے کہا اتنا جلد تو کہیں کا ارادہ نہ تھا لیکن اگر آپ کی رائے یہی ہے تو بسم اللہ، کہنے لگے آخر کہاں جایئے گا (ایک بھائی کے ساتھ جو آدھے ہی راستہ پر لوٹ گئی) میں نے کہا جہاں اور جدھر یکہ لیجائے۔ اتنے میں یکہ بان بھی چونکا گھوڑے

نے بھی اپنے غیر تکیہ ہونیکا ثبوت دیا اور وہ بھی اس طور پر کہ حفظانِ صحت کی ساری تدابیر اور اصول تھوڑی دیر کے لئے معرضِ خطر میں پڑ گئے۔

یکّہ والے نے کہا میں تو شہر جاؤنگا۔ میں نے کہا میں بھی وہیں چلونگا میرے جیوٹ اور سکونِ خاطر کو یکّہ والے نے مشتبہ نگاہ سے دیکھا۔ اور کچھ ایسی حرکات کرنے لگا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ مجھ میں بعض جراثیم قابلِ دست اندازی پولیس پائے جاتے تھے۔ اس ناروا سلوک کا اثر میرے بزرگ ہم یکہ پر پڑا بلکلت چونک پڑے اور کڑک کر فرمایا 'مردود انکی شان میں یہ گستاخی' آنکھیں پھوٹ گئی ہیں' دیکھتا نہیں خلافت کمیٹی بیٹھے ہوئے ہیں۔ یکّہ والے نے بڑے میاں کی اِس پُرجوش لیکن بے سروپا خطابت کو کچھ زیادہ اہمیت نہ دی اور ایک ایسے لب و لہجہ اور انداز سے جس میں حقارت و حسرت دونوں شامل تھیں' بولا میاں میں تو تمہارے خیال سے سوچ میں پڑ گیا تھا جب تم کو اس ضعیفی میں اپنی جان' مال' یا آبرو کا خیال نہیں ہے تو میرا کیا۔ چلو' سردی پانی سے نہ مرے' یونہی مرے! میں نے رفعِ شر کے خیال سے چند آنے پیسے یکہ والے کو نذر کئے اور کہنے لگا بھائی چل اور جلدی چل' علی گڑھ کا خدا ہی مالک ہے جہاں کے یکہ والے بھی کسی ہستی سے ڈر سکتے ہیں۔ بڑے میاں بولے' مولوی صاحب یہاں کے یکہ بان نہیں پیش امام ذات شریف ہیں' میرے ہی محلہ کے پیش کو لے لیجئے' پیش امام کاہے کو ہے پورا تھانیدار ہے' سوا نماز پڑھنے اور اذان دینے کے دنیا بھر کا کام کرتا ہے' نکاح پڑھ نہیں آتا' اس کی کمی خود نکاح کرکے پوری کرتا ہے۔ معلوم نہیں کتنی بیویاں اور لڑکے لڑکیاں ہیں جنکی وجہ سے گھروں پر روٹیاں نہیں بچتیں اور مسجدیں نمازیوں کے جوتے۔ کیوں مولوی صاحب گھروں میں روٹیاں اور مسجد میں نمازی نہ ہوں تب سوراج ملسکتا ہے' میں نے کہا' جناب والا' سوراج ملسکے یا نہیں یونیورسٹی ضرور ملجائیگی۔ بہرحال ہمارے دوست انتہائی جوش اور انہماک کے ساتھ لیکن رازدارانہ انداز سے گفتگو کرتے رہے۔ یکہ چلتا رہا۔ (معہ تمام سامان اور اشخاص ضروریہ وغیر ضروریہ کے) ایسا ہی جیسا کہ مسلمانوں کی انجمنیں یا تعلیم گاہیں چلتی رہتی ہیں۔ یا جس طور پر عشاق کا بیان ہے کہ اکثر ان کے گلے پر خنجر پھرا کرتا ہے۔

شہر آ گیا۔ اور ایک مقام پر ہمارے بزرگ نے یکہ کو رکوا دیا اور گلی میں ہو لئے' یکّہ والے نے دریافت کیا' اور میاں آپ کدھر جائینگے۔ میں نے کہا کالج۔ کہنے لگے تو اسٹیشن ہی پر کیوں نہ کہدیا۔ میں نے کہا تمہارا کیا بگڑا' تمکو یہاں تک کے پیسے دیدئے۔ رہا کالج جانا اُسکے پیسے یہ لو۔ یکہ والے نے کہا میں تو کالج نہیں جاؤنگا آج بھر کی روٹی کمائی

سردی پانی میں جانور کو تکلیف ہوگی، گھر میں چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اُن کی خبر لوں گا' میں نے کہا تو پھر میں بھی تمہارے گھر چلونگا اس نے کہا آپ جاکر کیا کریں گے۔ میں نے کہا تم جاکر کیا کروگے' کہنے لگا' میں تو بچوں کی خبر لونگا' گھوڑے کو دانہ گھاس دونگا اور پھر آرام کرونگا۔ میں نے کہا میرا بھی یہی ارادہ ہے۔ بڈھے نے سمجھا کہ قصہ طوالت بھی پکڑیگا اور دلچسپ بھی ہے اس نے نہایت اطمینان سے اپنے میلے بوسیدہ لباس کے معلوم نہیں کس گوشہ سے ایک بیڑی نکالی اور سلگا کر پینے لگا' پھر کہا میاں آپ کو مجھ سے مطلب کیا؟ میں نے کہا میں اپنا مطلب کیوں بتاؤں۔ اس نے کہا' تو پھر آپ میرے گھر کیوں جائے' میں نے کہا اور کیوں نہ جاؤں۔ اس نے ایک دفعہ پھر مجھے نیچے سے اوپر تک دیکھا' اور مجھکو کچھ ایسا معلوم ہوا کہ آج کئی دن بعد اس نے اپنی آنکھوں کو پوری وسعت کے ساتھ کشادہ کیا تھا' جس کو بیڑی کے دھوئیں نے پھر چھپا دیا کہنے لگا تو پھر بیٹھ جاؤ۔ تھوڑی دیر کے بعد ہم سب تاریک نمناک اور غلیظ گلی میں پہونچے۔ اس کے آگے ایک چھوٹا سا احاطہ تھا' جس میں کثرت سے ہر قسم کے درخت کھڑے تھے' کہیں کہیں سے دھواں اُٹھ رہا تھا جس کی وجہ سے موسم کی تاریکی اور ناخوشگواری اور زیادہ بڑھ گئی تھی' درختوں کے اوپر بندر اور کوّے درختوں کے نیچے مرغیاں اور بچے شور مچا رہے تھے۔ درختوں کی پتیوں سے چھن چھن کر بارش کے قطرے گر رہے تھے جن کی آواز اس شور اور ہنگامہ سے ملکر ایک طرح کا عجیب سماں پیدا کرتی تھی جس کا صرف تصور کیا جا سکتا ہے' اور شاید مُشکل۔

گھوڑا کھولدیا گیا' جو خود بخود آہستہ آہستہ کسیقدر لنگڑاتا ہوا ایک بوسیدہ سی جھونپڑی کی طرف چلا' لیکن اسکے ضعف اور آہستہ خرامی سے پایا جاتا تھا کہ اسے اپنے ناکارہ یا ضعیف ہونے کا غم نہ تھا بلکہ دن بھر کا کام اپنے مالک کی مرضی کے مطابق انجام دینے پر ایک گونہ اطمینانی کیفیت طاری ہے۔ کوٹھری میں سے دو چھوٹی چھوٹی بچیاں یکلخت کلکاریاں لگاتی' نیم برہنہ' بے سد لاغر' گھوڑے کی طرف دوڑیں' ایک نے گھوڑے کے گلے میں بانہیں ڈالکر جھولنا شروع کیا' دوسری نے پیچھے سے دُم پکڑ کر کھینچنا شروع کر دیا۔ گھوڑا بھی کھڑا ہو گیا اور اس خاموشی اور انداز استغنا کے ساتھ گویا بچیوں کی اس لطف و تفریح میں شریک ہونا بھی اسکے فرائض میں تھا وہ فرائض جنکی انجام یابی بجائے خود ایک انعام ہوتی ہے۔ یکہ درخت کے نیچے سر بسجود کر دیا گیا' یکہ والا مجھے جھونپڑی میں لے گیا' ایک طرف کچھ گھاس پھیلی ہوئی تھی۔ اسپر ایک میلی سی بالکل پھٹی پرانی توشک سی ڈالدی گئی۔ میاں بیٹھ جاؤ' میں ذرا گھوڑے کو ٹھکانے لگا لوں۔ کھونٹی پر سے توبڑا اٹھایا' کچھ گھاس سمیٹی' ایک درخت کے نیچے چھپر تھا' گھوڑا وہاں پہونچکر رک گیا تھا' یکہ والے نے گھوڑے کے سامنے گھاس

ڈالدی اور تو بڑا اجڑھا دیا۔ بچیاں گھوڑے کو چھوڑ کر یکہ بان سے لپٹ گئیں۔ کبھی تو بڑے میں سے مٹھی بھر کر چنے نکال لیتیں، اس کو کھاتی جاتیں اور گھوڑے کے سامنے والی گھاس پر لوٹ جاتیں۔

گھوڑے کی خدمت سے فراغت پاکر یکہ بچیوں سمیت جھونپڑی میں آیا، مجھکو دیکھکر بچیاں یلکخت چونک پڑیں۔ یکہ والے نے کہا۔ ڈرو نہیں ہمارے مہمان ہیں، ان میں سے جو بڑی تھی سہم کر کہنے لگی، ابا کیا تم پھر یکہ لیکر جاؤ گے۔ میں نے فوراً جواب دیا نہیں۔ اب یہ رات بھر تمہارے ہی ساتھ رہینگے۔ یکّہ بان نے یکّہ پر سے بچھونا اتار کر گھاس پر ڈالدیا۔ بچیاں اسپر بیٹھ گئیں، میں نے پوچھا اور کیوں میاں تمہارا نام کیا ہے؟ اُس نے کہا عیدو۔ میں نے کہا کیوں عیدو ان بچیوں کی ماں کہاں ہے؟ عیدو اس سوال کو ٹال گیا، اور اس طور پر گویا رہا۔ بچیوں کے سامنے اس کا تذکرہ کرنا نہیں چاہتا تھا۔ کہنے لگا۔ میاں ذرا دیر ہوگی، سالن دن کا رکھا ہوا ہے، بس روٹیاں ڈالنی ہیں۔ میں نے کہا نہیں اس کی بالکل ضرورت نہیں ہے۔ میں نے ایک نوٹ دیا اور کہا یہ لو بازار جاکر کھانا لاؤ۔ عمدہ عمدہ کھانے، کچھ پھل اور مٹھائیاں۔ عیدو نے کہا میاں یہ نہیں ہو سکتا، اسوقت تو آپ کو ہمارے روکھے پھیکے ہی پر بسر کرنا ہوگا۔ میں نے کہا۔ اچھا میں تمہارا کھانا کھاؤنگا لیکن تمکو میرا کھانا کھانا پڑے گا۔ تم فوراً جاکر سب چیزیں لاؤ۔ اس درمیان میں تمہاری بچیوں کے ساتھ بات کرونگا۔ عیدو کچھ سوچتا ہوا بازار چلا گیا۔ میں نے لڑکیوں سے بات کرنا شروع کیا، میں نے تم کیا کھیلتی ہو۔ بڑی نے کہا میرے پاس گڑیاں ہیں، میں نے کہا مجھے لاکر دکھاؤ، دونوں بچیاں جھپٹ کر ایک ہانڈی اٹھا لائیں، ہانڈی کے اندر گھاس بھری ہوئی تھی، گھاس کے اوپر ایک صاف سا کپڑا اچھا ہوا تھا، اس پر دو گڑیاں رکھی ہوئی تھیں، گڑیوں کے اوپر بطور چادر ایک ٹکڑا گرم اونی کپڑے کا تھا۔ بڑی لڑکی نے گڑیوں کو اس احتیاط اور احترام کے ساتھ باہر نکالا، جس طور پر شاید رولس رائس [illegible] کے اندر سے کوئی ڈیوک اپنی بیگم کو بھی نہ نکال سکتا یا کوئی ماں اپنے سوتے ہوئے مریض بچے کو نالچہ پر سے اٹھاتی ہوگی، دونوں بچیوں کے چہرہ پر احتیاط، محبت، اور تشویش کی ایک جھلک تھی جب تک کہ گڑیاں پورے طور پر ہانڈی سے نہ نکالی گئیں۔ میں نے گڑیوں کو اسی احترام و عقیدت کے ساتھ لے کر اپنے دامن میں رکھ لیا۔ بچیوں کی تشویش مسرت سے بدل گئی۔ اس میں شک نہیں یہ گڑیاں صرف ایک ماں ہی کے ساتھ کی بنائی ہوئی ہو سکتی تھیں۔ ماں کا وہ ہاتھ جو اپنی زندہ گڑیوں کو دنیا کی تمام پوشیدہ اور آشکار آفات سے محفوظ رکھنے پر آمادہ رہتا ہے۔ اضطراری اور غیر اضطراری دونوں طرق

پر۔ ان بچوں کی ماں کو بہتر سے بہتر کپڑا جو عیدو کے گھر میں میسر آسکا ہوگا ان گڑیوں پر صرف کئے گئے تھے کہیں کہیں گوٹے پٹھے کے ایک آدھ تار بھی نظر آجاتے تھے۔ ناک میں ایک چھوٹی سی نتھ تھی۔ اور دونوں کانوں میں بالیاں، ہر چیز پر امتدادِ زمانہ کا اثر تھا، لیکن باوجود اس کثافت اور خستگی کے جو گڑیوں پر مسلط تھی ایک چیز سب سے زیادہ نمایاں تھی اور وہ ماں کی محبت و شیفتگی تھی جو ان گڑیوں کے تار و پود میں سرایت کئے ہوئے تھی۔ ان گڑیوں کو دیکھکر ماں اور بچیاں دونوں نظر کے سامنے آجاتی تھیں، ہندوستان کی نیک، مفلوک الحال، شریف اور صابر و شاکر ماں بیویوں کا یہ ایک حزیں نمونہ تھا۔ یہ لفتنہ تھا ایک جاں نثار غریب بیوی کا، اور یہی نہیں بلکہ اس کے فلاکت زدہ پارہ ہائے جگر یعنی ان بچیوں کا جنکے لئے یہ بنائی گئی تھیں۔ میں نے پوچھا "ان کی شادی کب ہوگی" چھوٹی بولی۔ ابا نے اس کا دولہا نمائش میں سے لانے کو کہا ہے۔ میں نے کہا یہ کھائی کیا ہیں؟ بڑی بے اختیار ہنس پڑی، گویا یہ سوال انتہائی ناواقفیت اور معصومیت کا تھا، اور یہی نہیں بلکہ ان کے ہنسنے ہی کے لئے کیا بھی گیا تھا لیکن چھوٹی پر اس کا اثر نہیں ہوا، اس نے سنجیدگی سے جواب دیا، اس کی شادی ہو جائیگی، تب کھائیگی، میں نے کہا تمہارے پاس اور کھلونے بھی ہیں۔ انھوں نے کہا ہم اسی کو کھیلتے ہیں۔ میں نے کہا یہ گھوڑا جو یکہ میں چلتا ہے کس کا کھلونا ہے؟ دونوں کچھ حیرت زدہ ہوئیں اور پھر بڑی لڑکی نے مسکرا کر اور اس انداز سے گویا اس نے پہیلی بوجھ لی تھی، کہا، کھلونا، ارے وہ تو گھوڑا ہے۔ لیکن چھوٹی کو اطمینان نہیں ہوا، اس نے کہا تم ہی بتاؤ یہ کس کا کھلونا ہے۔ کھلونا ہوتا تو ہانڈی میں بند ہوتا۔ اتنا بڑا کھلونا کس کا ہوتا ہے، میں نے کہا یہ گھوڑا تو کھلونا ہے دونوں نے بے اختیار ہو کر پوچھا، کس کا، میں نے کہا تم ہی بتاؤ، دونوں کچھ دیر تک سوچتی رہیں، اور جب کچھ سمجھ میں نہیں آیا، تو فرطِ اشتیاق سے دونوں نے آکر میرا ہاتھ پکڑ لیا، ایک نے شانہ پر ہاتھ رکھا اور خوشامدانہ انداز سے جس میں والہانہ اشتیاق پورے طور پر جھلک رہا تھا، یہی نہیں بلکہ اس انداز سے گویا میری ہمت افزائی بھی مقصود ہے، پوچھا، اچھے سچ بتاؤ کس کا کھلونا ہے، میں نے کہا، اللہ میاں کا، دونوں سہم سی گئیں، کہنے لگیں، اللہ میاں اتنا بڑا کھلونا کھیلتے ہیں، اللہ میاں کتنے بڑے ہیں ابا کے برابر؟ میں نے کہا ان سے بھی بڑے۔

اتنے میں عیدو لدا پھندا آگیا، کھانے پینے کے ہنگامہ میں اللہ میاں کی وسعت و ضخامت آئی گئی ہوئی، بچیاں کھا پی کر سو گئیں، میں نے کہا عیدو اب میرے لئے ایک یکہ لاؤ، عیدو یکہ لانے گیا، میں نے جلدی سے اپنا کمل

بچیوں پر ڈالا۔ اور آپ کے پاس چلا آیا ——— سب لوگ دم بخود تھے۔

باہر بارش اور ہوا ابھی شاید تھم گئی تھی!

ایک روز رائے سنتھرہ حسب معمول ایک خدمت گار کے ہمراہ محل میں آیا۔ اس کے اشارہ کے بموجب خدمت گار نے ایک بکری کے بچہ کو چپکے سے محل کے گوشہ میں ذبح کیا اور اس کا گرم گرم خون ایک پیالہ میں بھر کر رائے کے پاس لایا۔ رائے نے وہ خون پی لیا۔ اس کے بعد درد شکم کا بہانہ کیا اور زور زور سے کراہنے لگا۔ کراہنے کی آواز سُن کر شیخ یوسف کے ملازم اور دربان دوڑے ہوئے آئے اور حال پوچھنے لگے۔ رائے نے جواب دیا کہ میرے پیٹ میں سخت تکلیف ہے۔ نوکروں نے دوائیں پلائیں مگر اس کو افاقہ نہیں ہوا۔ اور بدستور ہائے ہائے کرتا رہا۔ اس طرح آدھی رات گذر گئی۔ اُس وقت رائے سنتھرہ نے سب کے سامنے خون کی قے کی۔ وہ یہ دیکھ کر ڈر گئے اور سمجھے کہ اب اس کا اخیر وقت ہے۔ ایک شخص نے اس سے دریافت کیا "آپ کی آخری آرزو کیا ہے؟ بیان کیجئے ابھی پوری کی جائے"۔ رائے نے مریضوں کی سی آواز بنا کر جواب دیا۔ اب دنیا میں میری آرزو بجز اس کے کچھ نہیں ہے کہ اپنے اہل برادری کو ایک نظر دیکھ لوں اور وصیت بھی کردوں"۔

نوکروں نے اس پر تامل کیا اور کہا کہ بادشاہ سلامت نے لنگاہوں کو کبھی محل میں نہیں آنے دیا۔ اُن کی اجازت کے بغیر ہم ایسا نہیں کرسکتے۔ ایک نوکر بادشاہ سے اجازت حاصل کرنے کے لئے گیا۔ لیکن آدھی رات کا وقت تھا اور وہ سو رہا تھا پاسبان نے اس کو بیدار کرکے رائے سنتھرہ کی حالت سے مطلع کیا۔ شیخ یوسف نے یہ سن کر بہت افسوس کیا اور فوراً لنگاہوں کو اندر آنے کی اجازت دے دی۔ اس کے بعد پھر آرام سے سو گیا۔

( ۷ )

جب لنگاہ محل میں آ گئے تو رائے سنتھرہ بستر سے اُٹھا اور محل کے ہر دروازہ پر ایک ایک آدمی کو متعین کیا۔ اور نہایت سختی سے حکم دیا کہ کسی کو محل سے باہر نہ جانے دیا جائے۔ یہ حال دیکھ کر شیخ یوسف کے آدمی بہت سراسیمہ اور پریشان ہوئے اور اِدھر اُدھر بھاگنے لگے مگر لنگاہوں نے سب کو قید کرلیا اور جس نے مقابلہ کرنے کی کوشش کی اس کو قتل کردیا۔ تلواروں کی جھنکار اور شور و غل سُن کر شیخ یوسف خواب غفلت سے بیدار ہوا اور سمجھا کہ غنیم شہر پر چڑھ آیا ہے۔ یہ خیال کرکے وہ بھاگنے لگا مگر دروازوں پر چوکیداروں نے اس کو روکا اور گرفتار کرلیا۔ صبح کو سارے شہر میں یہ خبر مشہور ہوگئی۔ رائے سنتھرہ نے شیخ یوسف کو معزول کیا اور خود سلطان قطب الدین کے لقب سے خطبہ اور سکہ رائج کیا۔

احمد (سہاوہ) از میرٹھ

# غزل

قفس میں شکوۂ گلچیں نہ کچھ رنجِ خزاں ہوگا
چمن ہی تک ملالِ جورِ برقِ بے اماں ہوگا

کمالِ ضبطِ غم سے جس گھڑی آنسو رواں ہوگا
چھپانے پر بھی رازِ دل نگاہوں سے عیاں ہوگا

چمن کے ہیں یہ تنکے فصلِ گل میں رنگ لائیں گے
قفس کی تیلیوں سے پھر وجودِ آشیاں ہوگا

جہانِ آب و گل سے چھوٹ کر پھر کش مکش کیوں ہو
زمیں زیرِ قدم ہوگی نہ سر پر آسماں ہوگا

اسی باعث جفائیں ان کی ہم سہتے رہے مضطر
کہ غم اُن کی محبت کا سکونِ جاوداں ہوگا

عمر علی صدیقی مضطر
متعلم فرسٹ ایر کلاس مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

# مطالعۂ شاعری

یہ سوال تو الگ بحث کا محتاج ہو کہ ہماری موجودہ اُردو شاعری غیر زبانوں کی شاعری کے سامنے کچھ وقعت بھی رکھتی ہو یا نہیں ؟ مگر چوں کہ یہاں شاعری سے بحث کرنا ہو اس لئے اس سے قطع نظر کر کے ہم اجمالاً شاعری کو لیتے ہیں ۔

شاعری کی ابتدا بنی نوع انسان کی تخلیق کے ساتھ ساتھ ہوئی ' جیسے جیسے یہ وحشی انسان متمدّن ہوتا گیا ساتھ ہی ساتھ اس کی شاعری بھی ترقی کرتی گئی ۔ یہ ایک فطرتی بات ہو کہ انسان جب دن بھر کی جفاکشی کے بعد گھر کو لوٹتا ہے تو وہ کچھ لمحہ کے لئے دماغی سکون اور آرام کا متلاشی ہوتا ہو اس کے کان میٹھی آواز کے منتظر رہتے ہیں یہی وہ دور ہو جس کے زیر اثر شاعری بھی نغمہ کی آغوش میں پرورش پاتی رہتی ہو ۔ دل لگی اور بے فکری کے لئے وہ موسیقی توانین سے دور ہٹ کر جس سُر میں چاہتا ہو الاپتا ہو ۔ وہ اکثر کسی اونچے ٹیلہ پر بیٹھ کر ایک راگ چھیڑ دیتا ہو یا بانسری لے کر دل کش آواز کے ساتھ ساتھ جھومتا رہتا ہو ۔ جس سے آس پاس کے لوگ متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتے اور پھر رفتہ رفتہ یہی پُرجوش یا میٹھی آوازیں کسی خاص واقعہ یا ذکر کے ساتھ ساتھ شاعری میں منتقل ہوگئیں یہ بھی ایک عجیب دلچسپ معمّہ ہو کہ ہر ملک اور ہر قوم کی شاعری زمانۂ جاہلیت میں بامِ ترقی پر پہنچی ۔ مثال کے طور پر شیکسپیر اور امراالقیس کو دیکھو ۔ مشاہدہ سے ایسا معلوم ہوتا ہو کہ یہ فطرتی عکس جو سادہ مزاج لوگوں پر پڑا ' انسانی ہاتھوں کی نقاشی سے یا یہ کہو کہ بناوٹ سے دھندلا ہوتا گیا ۔ اصلی شاعری وہ ہو جس کو سُن کر رنج و غم ' افسوس ' غصّہ یا وقتی مسرت پیدا ہو جائے ۔ یہی وہ اثر ہیں جنھوں نے شاعری کے تحت میں سینکڑوں حیرت انگیز واقعات دنیا کو کر دکھائے

مولانا حالی اپنی کتاب مقدمۂ "شعر و شاعری" میں لکھتے ہیں کہ "یہ بات تسلیم کی گئی ہو کہ شاعری اکتساب سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ جس میں شاعری کا مادّہ ہوتا ہو وہی شاعر بنتا ہو ۔ شاعری کی سب سے پہلی علامت موزونیِ طبع سمجھی جاتی ہو اکثر دیکھا گیا ہو کہ جو اشعار بعضے فاضلوں سے موزوں نہیں پڑھے جاتے اُن کو بعض اَن پڑھ اور صغیر سن بچے بلا تکلف موزوں پڑھ دیتے ہیں" ان تمام باتوں سے ظاہر ہوتا ہو کہ شاعری ایک قدرتی تحفہ ہو اس میں شک

نہیں کہ بعض لوگ ادھر اُدھر سے کچھ خیالات جمع کرکے اشعار میں ظاہر کرتے ہیں مگر اس کی مثال اس چشمہ کی طرح ہے جس کا شفاف پانی اوپر سے کسی زمین پر گرتے ہی گدلا بن جاتا ہے۔ اس کو تم پانی ضرور کہو گے مگر دیکھتے ہی طبیعت پھر جائے گی۔

اس کے بعد تم شاعری کا دوسرا رخ بھی دیکھو۔ اس میں قوت اور فن لطیف کے عناصر بھی موجود ہیں۔ اول الذکر کی مثال انگلستان کی شاعری اور موخرالذکر کے شاہد یونان اور روما ہیں۔ شاعری کی قوت والٹر اسکاٹ اور ہوگو (Hugo) فرانسیسی سے پوچھو۔ یہ دونوں اشخاص خیالات میں ایک ہیجان پیدا کردیتے ہیں اور خیالات کو جنگی ترانوں سے پُر کردیتے ہیں۔ پڑھتے ہی ایک ہمت اور جواں مردی کی لہر سارے جسم میں دوڑ جاتی ہے مینائیل انجلو بیانا اور بت تراش بھی شاعری کی مدد کے بغیر ایک لکیر نہ کھینچ سکا۔ قدیم یونانی علم الاصنام بھی شاعری کے زیر نگیں ہے۔ فردوسی ایرانی داستان شاعری کی زبان میں سناتا ہے اور پھر ہم دیکھتے ہیں کہ تھوڑے ہی عرصہ میں ایرانی قوم کیا سے کیا ہو جاتی ہے۔

شاعری کیا ہے؟ ارسطو کے نزدیک "فطرتی رموز کی نقاشی ہے" اور افلاطون کے خیال میں "انسانی خوابوں کی تصویر کھینچنا ہے" ورڈس ورتھ اس سے زیادہ سہل اور عام فہم انداز میں کہتا ہے کہ "شاعری وہ ہے جو ایک دل سے نکلے اور دوسرے دل میں جاکر ٹھہرے" اس کے علاوہ بعض علما نے اس کی تشریح یوں کی ہے:-

(۱) انسان تمام تفکرات سے آزاد ہو کر کچھ لمحہ کے لئے بچہ بن جائے۔

(۲) شاعری کی قوت ظاہر کرنے کے لئے جانباز اکیلیز (Achilles) اور ذریعۂ معاش کی تلاش میں شکسپیر یا درباری لباس میں چوسر (Chauser) نظر آئے۔

(۳) ہمدردی اور آہ کے فرشتے خواب کی دنیا میں لے جاکر سیر کرائیں اور وہاں سچی مسرت اور آزادی قدم قدم پر لبیک پکار اٹھیں۔

جس طرح تم بادل کے رنگ، خوشبو اور لہروں کے ناچ نہیں پکڑ سکتے اسی طرح تم میں جب تک جذبات اور روح کے اثرات قبول کرنے کی کیفیت نہیں شاعر نہیں بن سکتے۔ بلکہ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ جس طرح تم کسی انسان سے محبت قصداً نہیں کرتے وہ ہو جاتی ہے اسی طرح تم قدرتاً شاعر ہو سکتے ہو اکتساب سے بالکل ناممکن ہے۔

شکسپیر کے ڈرامے جن سے اہل انگلستان سیاسی، اخلاقی اور معاشرتی تعلیم حاصل کر چکے اور کر رہے ہیں۔

شاعری کا ایک حیرت انگیز کارنامہ ہے۔ میموں بن قیس جو اعشیٰ کے نام سے مشہور عربی شاعر گذرا ہے۔ اس کا کمال یہ تھا کہ جس کی مدح یا ہجو کرتا ہے عوام پر ویسا ہی اثر پڑتا ہے۔ ایک مرتبہ کا یہ مشہور واقعہ ہے کہ ایک عورت اُس کے پاس آئی اور کہا کہ اے اعشیٰ میری کئی لڑکیاں ہیں مگر افسوس کہ اُن کو بر نہیں ملتا۔ کیا ہی بہتر ہو اگر تو اُن کی تعریف میں کچھ اشعار لکھ دے جن میں اُن کے اچھے خصائل اور حُسن کا ذکر ہو۔ اعشیٰ نے دوسرے دن کچھ اشعار لکھ دئے نتیجہ یہ ہوا کہ بہت جلد ان لڑکیوں کی شہرت سارے عرب میں پھیل گئی اور دیکھتے ہی دیکھتے اُن کی شادیاں بھی ہو گئیں۔ زیورات بھی خوب ملے اور مانگی مراد بر آئی۔ لڑکیوں کی ماں نے اعشیٰ کے پاس شکریہ کے طور پر کئی اونٹ بھیجدئے اس کے علاوہ اور بھی سینکڑوں واقعات شاعری کے اثر کو روشن کئے ہوئے ہیں۔

شاعری نے اخلاقیات کا جامہ پہن کر کم عرصہ میں ایسی ایسی تعلیم دی ہے جو ایک صدی کی چیخ پکار میں بھی ناممکن تھی۔ اس رنگ میں سعدی اور تلسی داس خاص طور پر مشہور ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ شاعری روپ بدل بدل کر زندگی کے ہر شعبہ میں آئی اور اپنی اداؤں سے ہر سنگدل کو موم بناتی گئی پھر جونسا کام چاہا لے لیا۔ اس کو دیکھ کر سانچہ کا مفہوم بخوبی سمجھ میں آسکتا ہے۔ بائرن کی نظم موسوم بہ "چائلڈ ہیرلڈ پلگریمیج" کے رنگ میں آئی جس میں یونان کو ترکوں کی اطاعت کے خلاف برانگیختہ کیا اور کہا کہ تمہارے علم و فن سے فرانس اور انگلستان کے خزانے آباد ہیں مگر تم کو کیا اجرت ملی؟ اور ادھر روس سے یہ کہا کہ "گریک چرچ کا تم تو بھرتے ہو مگر یونان کے لئے کیا ایثار کیا؟ اس کا اثر یہ ہوا کہ جب یونانیوں نے ترکوں کے خلاف سر اٹھایا تو فرانس انگلستان اور روس وقت پر اپنی اپنی قوت لے کر پہنچ گئے۔ بالآخر ۱۸۲۷ء میں ترکوں کو شکست ہوئی۔ اور اس کے بعد یونانی پارلیمنٹ قائم ہوئی۔ تم اگر کچھ لمحہ کے لئے نہایت اطمینان سے شاعری کے کارناموں کا مطالعہ کرو گے تو تم کو رنگ برنگ کے جلوے نظر آئیں گے کسی نے سچ کہا ہے:۔

گلشنِ شاعر بہارستانِ حُسنِ پردہ پوش
منظرِ خونی جہاں کا لالہ زارِ شاعری

(راقم سید اختر امام جماعت یازدہم انٹرمیجیٹ کالج علی گڑھ)

# سوگوارِ حُسن

تیری میت پہ کھڑا روتا ہے مغموم تجھے — یاد کرتا ہے کوئی طفلکِ معصوم تجھے
اشک بہتے ہیں نگاہوں سے عیاں جوشِ الم — پھوٹی آنکھوں سے ٹپک پڑتی ہے کیفیتِ غم
بال بکھرے پڑے پیشانی پہ لہراتے ہیں — مجھ کو بیتاب کئے دیتے ہیں تڑپاتے ہیں
گورے گورے سے عذاروں کو بھگونے کے لئے — اشک پر اشک چلے آتے ہیں دھونے کے لئے
ہچکی رکتی نہیں بے کل ہوا جاتا ہے کوئی — لمحے لمحے میں نیا رنگ دکھاتا ہے کوئی
زرد ہو جاتے ہیں عارض کبھی ذوقِ غم سے — سُرخ ہو جاتے ہیں رخسار کبھی ماتم سے
کس قدر جوش میں بے تاب ہوا جاتا ہے — پھول سے گالوں پہ اک رنگ سا آجاتا ہے
تاب آجاتی ہے رخسار پہ غم جھیلنے سے — حُسن بڑھ جاتا ہے احساس کے بڑھ جانے سے
عین راحت ہے یہ ہنگامۂ آلام اُسے — کسی پہلو نہیں آنے کا اب آرام اُسے

چاک دامن ہے نہیں ہوش کچھ اپنا اُس کو
آج موہوم نظر آتی ہے دُنیا اُس کو

حُسن اور سختیٔ فطرت کے اُٹھانے کے لئے — کاش آنکھیں ہی نہ ہوتیں یہ دکھانے کے لئے
کاش پیدا ہی نہ ہوتی نگہِ ہوش کہ آج — دیکھتا میں کسی معصوم کو افسردہ مزاج
کاش دے دیتیں نگاہیں مری دھوکا مجھ کو — کاش آتا نہ نظر اُف یہ نظارا مجھ کو
پہلے ہی دیکھنے سے کاش کہ مرجاتا میں — ہائے اس عالمِ پُرغم سے گذر جاتا میں
کاش پیدا نہ ہوا ہوتا میں اس دن کے لئے — دیکھتا کاش نہ آلام میں اس سن کے لئے
ایسا کرنے کا اگر وجہ و سبب اور ہی تھا — کس کو تفویض کیا جاتا یہ غم دنیا کا

٩

چھانٹ رکھا تھا مجھے حق نے رلانے کے لئے
میری تخلیق ہی تھی رنج اٹھانے کے لئے

آہ تڑپائے گا اک عمر یہ رونا تیرا
یاد آئے گا مجھے جان کو کھونا تیرا

بجلیاں توڑ چکیں میری نگاہیں تجھ پر
کوہِ غم توڑے گی اب میرے تصور کی نظر

زرد صورت تری جب قلب کو یاد آئے گی
روح اک کیفِ غم آلود میں کھو جائے گی

میں بھی لوٹ اٹھوں گا تیرے دلِ بے تاب کے ساتھ
آہ چاندی بھی تڑپ اٹھے گی سیماب کے ساتھ

بزمِ احباب ہو یا گوشۂ تنہائی ہو
شغلِ عزلت کا ہو یا انجمن آرائی ہو

کوہ ہو دشت ہو صحرا ہو کہ ہو صحنِ چمن
شامِ غربت ہو کہ ہو صبحِ دل افروزِ وطن

تیری حسرت سے نہیں میری رہائی ممکن
تیری صورت سے نہیں میری جدائی ممکن

کھینچ دیتی ہیں نگاہیں مری اب بھی وہ سماں
ہائے وہ میتِ بر دوش پہ غم کا طوفاں

نور کے تار میں اشکوں کا پرونا تیرا
ہائے وہ تربتِ خاموش پہ رونا تیرا

میری آنکھوں میں ہے وہ حسن وہ جلوہ تیرا
ہائے کملایا ہوا پھول سا چہرہ تیرا

تیری تصویر کے نزدیک میں جھک جاتا ہوں
دیکھتے دیکھتے یکبارگی رک جاتا ہوں

جوڑ کر ہاتھ ترے سامنے رو دیتا ہوں
گریۂ غم سے فضا ساری بھگو دیتا ہوں

پھونک دیتا ہوں جہاں اک نگہِ سوز کے ساتھ
چیر دیتا ہوں فلک آہِ فلک دوز کے ساتھ

حکیم ماجد حامدی

# چیونٹی

کیسا غریب بے زبان جانور ہو۔ سارے دن اپنی روزی کی جستجو میں اپنا سینہ زمین پر رگڑتی ہو صبر و تحمل عزم و استقلال، عجز و انکسار اس پر ختم ہیں۔ اگر میں اس پر اپنا پیر رکھ دوں تو جان دینا پسند کرے گی مگر اُف نہیں کرے گی۔ روزانہ ہزارہا چیونٹیاں آدمی کی بے دردی اور بے پروائی کی نذر ہو جاتی ہیں لیکن ان کی طرف سے صدائے احتجاج نہیں بلند ہوتی۔

انسان کیسا خود پسند اور ناتواں بیں واقع ہوا ہو کہ اپنے آپ کو اشرف المخلوقات خیال کرتا ہو اور اپنی عقل و حکمت کے مقابلہ میں دیگر مخلوقات کے کمالات کی قدر نہیں کرتا اور اُن کو حقیر سمجھتا ہے حالانکہ اُن میں سے اکثر بعض حیثیت سے اس سے برتر ہیں۔ اگر وہ صرف اس ذلیل چیونٹی ہی پر غور کرے تو اس کو معلوم ہو جائے گا کہ اپنی نسبت یہ رائے قائم کرنے میں اُس نے تعصب خود ستائی اور ناواقفیت سے کام لیا ہو ورنہ جسمانی قوت ہوشیاری اور تنظیم کے لحاظ سے چیونٹی اس سے افضل ہو۔

چیونٹیوں کی فہم و ادراک، دوربینی و دوراندیشی کے دشمن بھی قائل ہیں۔ وہ بہت فاصلہ سے اپنی خوراک کی بو سونگھ لیتی ہیں اور وہاں پہونچ جاتی ہیں۔ راستہ میں اگر رکاوٹیں پیش آتی ہیں تو بڑی تدبیروں سے اُن کو رفع کرتی ہیں۔ خزاں اور برسات کے لئے موسم گرما کے لئے خوراک کا ذخیرہ جمع کر لیتی ہیں۔ اُن کی یادداشت اور قوت حافظہ ایسی زبردست ہوتی ہو کہ جس راستہ پر ایک مرتبہ چلی ہوں اس کو خواہ وہ کتنا ہی پیچیدہ ہو کبھی نہیں بھولتیں۔

اُن کا نظم و نسق آدمیوں کا سا ہو وہ چار جماعتوں میں منقسم ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ نجار چیونٹیاں۔ کشتکار چیونٹیاں۔ عسلی چیونٹیاں اور خوراکی چیونٹیاں۔ ہر چیونٹی کمال سرگرمی۔ جانفشانی اور ایمانداری سے اپنا فرض ادا کرتی ہو۔ ان میں نر اور مادہ دونوں شامل ہیں۔ مادہ انڈے دیتی ہو اور نر اُن کی حفاظت کرتا ہے معلق چیونٹیاں سپاہی اور مزدور کی خدمات انجام دیتی ہیں۔ انسان کے برخلاف ان میں کاہلی اور غفلت کا مادہ نہیں پایا جاتا۔

سب جانتے ہیں کہ چیونٹی اپنے سے اتنا زیادہ بوجھ اٹھاتی ہو کہ آدمی اس کو کبھی نہیں برداشت کرسکتا ایک ماہر حیوانات نے تخمینہ لگایا ہو کہ ایک معمولی چیونٹی اپنے سے تین ہزار گنا وزن لے جاسکتی ہو گویا اگر آدمی میں بھی اسی نسبت سے طاقت موجود ہو تو وہ تقریباً دو سو چھپتر ٹن اٹھائے جو قطعاً غیر ممکن ہو بعض چیونٹیاں بڑی بڑی چیزوں کو ادھر سے ادھر کردیتی ہیں۔

امریکہ میں ایک ایسی چیونٹی پائی جاتی ہو جو کیڑوں کا شکار کرتی ہو۔ اور پودوں سے بیج جمع کرکے زراعت کرتی ہے۔

چیونٹی کو جو تعمیر میں اس قدر مہارت ہو کہ آدمی اس کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکتا بعض اقسام کی چیونٹیاں میں بیس فیٹ کی بلندی پر مکان بناتی ہیں۔ چیونٹی خود ½ انچ لانبی ہوتی ہو گویا وہ اپنے سے دو ہزار گنی بلندی پر بغیر کسی آلہ کی مدد کے عمارت بنا سکتی ہو۔ اور خوراک لے جاسکتی ہے۔ حالاں کہ اہل مصر پانسو فیٹ سے زیادہ اہرام نہیں بنا سکے جو ان کی قامت سے صرف اسی حصہ زیادہ ہیں۔ تاہم وہ عجائبات عالم میں شمار کئے جاتے ہیں

یہ چیونٹی کے بہت مختصر حالات ہیں۔ بڑی بڑی کتابوں سے مفصل کیفیت معلوم کی جاسکتی ہو جو نہایت حیرت انگیز ہے۔ کیا اب بھی یہ امر پایۂ ثبوت کو نہیں پہونچا کہ آدمی ترقی کے میدان میں بعض نقطۂ نظر میں چیونٹی ہی کبھی پیچھے ہے۔ اس کو چاہیئے کہ چیونٹی کو ذلیل اور فرومایہ خیال کرنے کے بجائے اُس سے کوئی مفید مطلب سبق حاصل کرے ؎

میازار مورے کہ دانہ کش است
کہ جاں دارد و جانِ شیریں خوش است

احمد (دمراوہ) ازمیرٹھ

## غزل حزین اصفهانی

دل گواه ست که در پرده دل آرائے ہست
ہستیِ قطره دلیل ست که دریائے ہست

گر غرورت نه کشد کلفتِ هم صحبتیم
نگہِ عجز مرا عرضِ تمنائے ہست

نبود لایقِ حسن ایں همه بے پروائی
دادِ دل از نتواں داد مدارائے ہست

نم خونے بدلم مانده خمارے بشکن
از شرابِ کہن ایں خانهٔ مینائے ہست

حسن بے پرده زغمازیِ عشق ست حزیں
شورِ مجنوں همه جا گفته که لیلائے ہست

## غزل اظہر علی - آزاد

نقشِ پا نیست دریں راه اگر پائے ہست
انجمن ہست اگر - انجمن آرائے ہست

آرزوہا ست که تا حشر به پایاں نرسند
تا دلِ سوخته ہست - تمنائے ہست

تا کجا دیده ما بندی و لب ہا بندی
تا دریں بزم توئی ، ذوقِ تماشائے ہست

حسن آزاد دلِ سوخته ہر جا محبوب
زاں که غارت گرِ دیں نرگسِ شہلائے ہست

چیست اے ماه بگو داغِ غمت نیست اگر
ہر کجا ہست دلے نقشِ سویدائے ہست

بحر و بر آئینهٔ حسنِ کمالِ یار ست
ہر کجا میروم آں شوخ خود آرائے ہست

پرده بر روئے تو افتاد که از روئے فتاد
ہمچو آزاد دلِ سوخته ہر جائے ہست

فقیر آزاد

# انقلابِ روس

از منشی غفران احمد صاحب (علیگ) سرادہ

انقلاب کیسا خوفناک لفظ ہے! محض اس کے خیال ہی سے تمام بدن میں سنسنی پیدا ہو جاتی ہے سینکڑوں آدمی اس کے نتائج کو دیکھ کر اس کے نام سے کانوں پر ہاتھ دھرتے ہیں مگر کیسی عجیب بات ہے کہ "انقلاب پسندوں" میں سب سے پیش پیش وہی رہتے ہیں۔ انگلستان پر کیا گذری؟ لوئی شانزدہم کو کس نے تختۂ دار پر لٹکایا؟ نکولس ثانی زارِ روس سے کس نے تخت و تاج چھڑوایا؟ سلطان عبدالحمید کو کس نے ملک بدر کرایا؟ قیصر ولیم کو کس نے دربدر پھرایا؟ اسی انقلاب نے! کجکلاہِ ایران نے فرانس میں کیوں خاک چھانی؟ خاقانِ چین نے کیوں چین کو چھوڑا؟ اسی انقلاب کی بدولت۔ تاریخ کے ان خونیں مناظر سے عبرت حاصل کرنی چاہیئے "انقلاب زندہ باد" کے نعرہ لگانا اور اسی کی آرزو کرنا نادانی نہیں تو اور کیا ہے؟ یقیناً اس لفظ میں کوئی ایسی کشش موجود ہے جو سب کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ فطرۃً انسان "تبدیلی پسند" واقع ہوا ہے اور ایک حالت پر قائم رہنا اس کی طبیعت کے خلاف ہے۔ تاریخِ عالم اس بات کی شاہد ہے کہ ہر قوم اور ملک کو اپنی زندگی میں ترقی کی شاہراہ "انقلاب" جیسی دشوار گزار اور کٹھن منزل سے گزرنا پڑتا ہے۔ اس تباہی یا ترقی کا سبب انسان کی "انقلاب پسندی" ہے۔ اور بس۔

انقلاب فرانس کی طرح انقلاب روس بھی نہایت اہم اور معنی خیز نتائج کا حامل ہے۔ جیسے انقلاب فرانس نے ۱۷۸۹ء میں تمام مہذب ممالک میں ہلچل ڈالدی تھی اسی طرح انقلابِ روس بھی سوا سو سال کے بعد ۱۹۱۷ء میں دنیا کے لئے ایک نیا پیام لایا۔ اس مضمون میں انقلاب روس کے اسباب یا نتائج سے بحث نہیں کرونگا بلکہ زمانۂ انقلاب کے واقعات کو قلمبند کرونگا مگر اسی ضمن میں یہ بیان کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ تمام انقلابی تحریکات کی ذمہ داری پطرس اعظم اور سکندرِ ثانی پر عاید ہوتی ہے جن کی انتظامی اصلاحات نے جو جمہوری رنگ میں ڈوبی ہوئی تھیں روسیوں میں سیاسی اور معاشرتی ترقی اور مذہبی فلاح کی امید پیدا کر دی اور یہی آیندہ بہبودی کا احساس ہمیشہ انقلاب کا باعث ہوتا ہے۔

سکندرِ ثانی کی اصلاحات کے نفاذ کیوقت ہی دوربین مدبرانِ سلطنت نے اچھی طرح سمجھ لیا تھا کہ آیندہ کیا پیش آنیوالا ہے۔ اگر سکندر سوئم اپنے ماسبق کی روش پر چلتا تو یورپ کے سیاست دانوں کے متفقہ خیال کے مطابق روس اس دشوار گزار

منزل سے نہایت امن اور چین کیساتھ گزر جاتا مگر جو انگلستان پر گذر چکا تھا جس خونیں منظر کا نظارہ فرانس بخوبی کر چکا تھا اسی مصیبت سے روس کو بھی دوچار ہونا پڑا۔

اپنے قتل سے دس روز پیشتر سکندر ثانی نے ۳ مارچ ۱۸۶۱ء کو ایک اہم اعلان شائع کیا جس کی رو سے غریب مصیبت زدہ کاشتکاروں کو طوقِ غلامی سے کسی حد تک نجات ملی۔ اس وقت تک وہ زمیندار کی ملکیت تھے اور زمین کے ساتھ منتقل ہوتے رہتے تھے اور کوئی چیز ان کی "اپنی" نہ تھی۔ اب تمام عمر میں پہلی مرتبہ انھوں نے آزاد ہوا میں سانس لی اور پہلی مرتبہ یہ محسوس کیا کہ واقعی ان کے لئے بھی دنیا میں کوئی جگہ ہے اور ان کی بھی کوئی "اپنی" جدا ہستی ہے۔ ۱۸۵۹ء میں جب سکندر ثانی سریر آرائے سلطنت تھا حکومت زار نے مقامی حکومت (Local Government) کی تجویز کو عملی جامہ پہنانے کا اعلان کیا مگر اس کی بنیاد ۱۸۶۴ء میں سکندر سوئم کے ہاتھوں پڑی۔ اس قانون کے ماتحت مملکت روس کے ہر ضلع اور ہر صوبہ میں جمہور کی ایک نمائندہ کونسل اور ایک مرکزی کونسل قائم ہوئی۔ زراعت۔ سڑکوں۔ شفاخانوں اور اسکولوں کی نگرانی ان کونسلوں یا زمسٹوں (Zemstvos) کے سپرد تھی تعلیم کو قبولِ عام کرنے کے لئے ابتدائی اور ثانوی درجوں کی تعلیم ختم کرلینے والوں کو جبریہ فوجی تعلیم سے مستثنیٰ قرار دیا۔ حکومت کی ان چند اصلاحات نے قدامت پسند کسانوں اور تعلیم یافتہ طبقہ میں ایک زبردست ہیجان پیدا کر دیا۔ ان شاہی "مراعات" کی پیدا کردہ انقلابی تحریکات ۱۹۰۵ء کے انقلاب کی صورت میں نمودار ہوئیں جو ۱۹۱۷ء کے فیصلہ کن انقلاب کا پیش خیمہ تھا۔ زمسٹوں کے منتخب شدہ اراکین میں اکثریت آزادی خواہوں اور انقلاب کے حامیوں کی تھی جس سے حکومت کی مطلق العنانی کو صدمہ پہنچا اور زار روس کو محسوس ہوا کہ اس کے اختیارات محدود ہو گئے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ حکومت کی "اصلاحات کے خلاف حکمت عملی" کی صورت میں ظاہر ہوا۔ زمسٹوں کے اختیارات بہت کچھ کم کر دیئے گئے اور اضلاع کے افسروں اور صوبوں کے گورنروں کو ان کا محتسب مقرر کیا گیا۔ ۱۸۸۰ء میں فرانس کے ضابطۂ گلڈ کی طرح روس میں بھی ایک قانون نافذ ہوا جس کی رو سے باورچی۔ دھوبی۔ معمولی دکاندار اور دوسرے شاگرد پیشہ لوگوں کے بچے اپنے بزرگوں کے پیشہ کو کسی حالت میں نہیں چھوڑ سکتے تھے بلکہ قدیم ہندو ذاتوں کی طرح اپنے آبائی پیشہ پر قناعت کرنے پر مجبور تھے۔ غرض جب اہل روس ہر طرف سے مجبور ہو گئے اور ان کی ہر قسم کی آزادی سلب کرلی گئی تو ان میں انقلابی تحریکات نے زور پکڑا جاپان کے مقابلہ میں روس کی شکست نے آگ پر تیل کا کام دیا۔ رعایا حکومت سے بدظن ہوگئی اور ۱۹۰۵ء میں دفعتاً تمام ملک میں

حکومت کے خلاف شورش کی آگ بھڑک اٹھی۔ سنہ ۱۹۰۳ء بالشویکوں کے قائد اعظم اور بالشویزم کے روح رواں لینن نے ایک خفیہ انجمن "بالشویک کانگریس" کی بنیاد ڈالی جس کا پہلا تاریخی جلسہ "مجلس حزب العمال روس" کے نام سے پیٹرو گریڈ میں سنہ ۱۹۰۵ء میں منعقد ہوا۔ سنہ ۱۹۰۴ء میں بالشویک جماعت نے "انجمن آزادی" قائم کی جس کا نصب العین روس کو موجودہ شخصی حکومت سے نجات دلا کر جمہوری سلطنت قائم کرنا تھا۔ چونکہ اس وقت بالشویک جماعت برسرِ اقتدار تھی اس لئے اس انجمن کی شاخیں جلد ہی تمام اطراف میں پھیل گئیں۔ انکا کام ملک کو آنیوالے انقلاب کیلئے منظم کرنا تھا۔

جون سنہ ۱۹۰۴ء سے سیاسی قتل۔ اسٹرائک اور انقلابی جلوس کا زبردست سلسلہ شروع ہوا۔ ۱۵ جون سنہ ۱۹۰۴ء کو فن لینڈ کا گورنر جنرل باب ریکو۔ گولی سے مار دیا گیا۔ ۲۹ جولائی سنہ ۱۹۰۴ء ماسکو یونیورسٹی کے ایک طالب علم نے وزیر داخلہ وان پلیہو کو بم سے اڑا دیا۔ درحقیقت یہ قتل حکومت کی ۲۰۰ طالبعلموں کو گرفتار کرنیکی دھمکی کا جواب تھا۔ نومبر سنہ ۱۹۰۴ء میں باوجود حکومت کے امتناعی احکام کے ایک زبردست زمسٹو کانفرنس ہوئی جس میں حکومت کی حکمت عملی سے بیزاری اور نفرت کا اظہار کیا گیا۔ اسی کانفرنس کی طرف سے ۲۲ نومبر سنہ ۱۹۰۴ء کو ایک اہم اعلان شائع ہوا جسمیں حکومت سے آزادی زمسٹو اور تمام روس میں خود مختار مقامی حکومتیں قائم کرنیکا مطالبہ کیا گیا۔ حکومت نے بہت سی باتوں کو منظور کر لیا مگر دو روز بعد ۲۵ دسمبر سنہ ۱۹۰۴ء کو ایک شاہی اعلان شائع ہوا جسمیں تمام مطالبات کو مفسدانہ اور ممبران زمسٹو کو ملک اور قوم کا مجرم گردانا گیا۔ سیاسی جلسوں کو ممنوع اور تمام غیر سرکاری انجمنوں کو خلاف قانون قرار دیا گیا۔ اوائلِ ماہ جنوری سنہ ۱۹۰۵ء میں مزدوروں نے کارخانہ داروں سے کم کام۔ زیادہ اُجرت اور بہتر برتاؤ کا مطالبہ کیا مگر قبول نہونے پر تیرہ ہزار مزدوروں نے اسٹرائک کر دیا اور ایک نہایت پُرامن جلوس کی شکل میں ۲۲ جنوری سنہ ۱۹۰۵ء کو بادشاہ کے حضور میں عرض معروض کرنے چلے۔ شاہی فوج نے بغیر کسی خطا کے غریب بیکس مزدور مرد اور عورتوں پر آزادانہ گولی چلائی۔ پانچسو خانماں برباد لاچار و مظلوم مرد۔ عورتیں۔ اور معصوم بچے زار روس کے ظلم اور بہیمیت کے بھینٹ چڑھے۔ سینکڑوں بے گناہ شیر خوار بچوں نے اپنی تڑپتی ہوئی ماؤں کی گودیوں میں سسک سسک کر جان دی۔ ان معصوموں کا خون رنگ لائے بغیر نہ رہا۔ جن لوگوں نے ان شہیدوں کا لہو پیٹرو گریڈ کی سڑکوں پر بہتا دیکھا تھا انہی نے روس کے شاہی خاندان کی تباہی اور بربادی کا حسرتناک منظر بھی دیکھا۔ اس خوفناک انسانیت سوز قتل عام نے تمام ملک میں ایک آگ لگا دی۔ مسلح بغاوت کے آثار نمایاں ہونے لگے اور سینکڑوں پولس افسر

برانگیختہ عوام کے جذبۂ انتقام کی نذر ہوئے۔ گرانڈ ڈیوک سرجیس گورنر جنرل ماسکو کو کریملن (روسی پارلیمنٹ ہاؤس) میں بم سے اڑا دیا گیا۔ تمام ملک میں بغاوت کی آگ پھیل گئی ہر جگہ قتل و غارت کی وارداتیں شروع ہو گئیں۔ اسٹرائک کا سلسلہ پھر جاری ہو گیا یہاں تک کہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۰۵ء کو تمام روس میں ہر قسم کے کاروبار قطعی طور پر بند تھے۔ تلغراف۔ ڈاک ٹیلیفون کا سلسلہ بالکل منقطع ہو گیا، ریل گاڑیاں بند ہو گئیں مزدوروں نے کارخانوں میں کام کرنے سے انکار کر دیا، تمام پیشہ وروں نے اپنے اپنے پیشہ ترک کر دئیے، اخبارات بند ہو گئے یہاں تک کہ تمام بڑے شہروں میں پانی کی نہایت قلت تھی رات کے وقت بالکل اندھیرا رہتا تھا۔ بالآخر حکومت کو جمہور کی متفقہ آواز کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنا پڑا اور ۳۰ اکتوبر ۱۹۰۵ء کو ایک سرکاری اعلان شائع ہوا جس کی رو سے ایک پارلیمنٹ (ڈیوما) قائم ہوئی جس کو اختیارات قانون سازی تفویض کئے گئے اور یہ پارلیمنٹ جمہور کے منتخب شدہ ممبران پر مشتمل تھی۔ زمستوں کے مطالبات خود انتظامی منظور کئے گئے اس طرح ۱۹۰۵ء کے انقلاب کا خاتمہ ہوا۔ ہر روسی نہایت ہی مسرور تھا، گھر گھر خوشیاں منائی جا رہی تھیں اور ہر شخص کو یہی امید تھی کہ آرام و چین کا زمانہ شروع ہونے والا ہے۔ مگر بدقسمت روس کو ابھی ایک اور کٹھن منزل طے کرنی تھی یعنی

## انقلاب ۱۹۱۷ء

یہ انقلاب کیوں پیش آیا؟ کیونکہ حکومت نے پھر وہی قوت حاصل کر لی جو اس کو ۱۹۰۲ء میں حاصل تھی انقلابی جماعتوں کا شیرازہ منتشر ہو گیا، بالشویک اور مالشویک ایک دوسرے سے دست و گریباں ہو گئے اور ان قومی رہنماؤں کے آپس کے تنازعات کو دیکھ کر ملک کو ان پر اعتبار نہ رہا دوسرے جمہور میں حکومت کے خلاف دوسری شورش پیدا کرنیکی قوت نہیں رہی۔ دوسری "کوشش" کو کامیاب بنانے کے لئے یہ نہایت ضروری تھا کہ ملک میں محض ایک جماعت ہی قوم کی رہنمائی کرے مگر اس بات کے لئے روس کو بارہ سال کی طویل مدت گزارنی پڑی جس کے بعد بالشویک جماعت ۱۹۱۷ء میں حکومت وقت کو شکست دینے میں کامیاب ہوئی۔ اس انقلاب کے فوراً بعد ہی حکومت نے تشدد کو اپنی حکمت عملی قرار دیا اور کھوئے ہوئے اقتدار کو واپس لینا اپنا نصب العین ٹھیرایا۔ طالبعلموں اور نہتے کسانوں سے نہایت پُرغضب انتقام کا آغاز ہوا۔ روس کی تاریخ میں یہ بارہ سال کی مدت نہایت ابتری کا زمانہ ہے، نہ کوئی ضابطہ تھا نہ قانون جس کسی پر انقلاب پسند ہونیکا شبہ بھی ہوتا تھا اس کے لئے تین سزاؤں میں سے ایک لازمی تھی، جلاوطنی۔ قید۔ یا سزائے موت۔ حکومت کے انتہائی تشدد اور ظلم کا تھوڑا سا اندازہ شاید اس بات سے

ہوسکے گا کہ چھ مہینے کے قلیل عرصہ میں چھ سو تراسی انسان "انصاف پسند" منصفوں کے حکم سے تختہ دار پر لٹکا دیئے گئے محض اسی جرم عظیم کی پاداش میں کہ وہ آزادی کے خواہاں تھے۔ پولینڈ فن لینڈ اور دوسرے صوبوں میں فوجی قانون (مارشل لا) نافذ ہوگیا جس پر شبہ ہوا جیل میں ٹھونس دیا گیا، جس پر "انقلاب پسند" ہونیکا گمان ہوا جلاوطن کر دیا گیا۔ پھر بھی کوئی اسٹرائک نہیں ہوا! کوئی بغاوت نہیں ہوئی! زمستوں اور ڈیوما کے اختیارات واپس لے لئے گئے اور یہی "جمہوری پارلیمنٹ" نہایت بے دردی کے ساتھ وزیر اعظم کے رحم پر چھوڑ دی گئی۔ ڈیوما نے اپنے پہلے اجلاس میں پورے اختیارات کو کام میں لانا چاہا مگر وزیر اعظم نے ۱۲ جولائی ۱۹۰۶ء میں اسے موقوف کر دیا۔ دوبارہ انتخابات ہوئے مگر باوجود حکومت کی کوشش اور احتیاط سے ڈیوما میں اکثریت گورنمنٹ کے مخالفوں ہی کی رہی لہٰذا وزیر اعظم اسٹولی پن نے ۱۰ جون ۱۹۰۸ء کو اسے بھی موقوف کر دیا۔ تیسرے ڈیوما کا بھی یہی حشر ہوا یہانتک کہ چوتھے ڈیوما کے انتخابات ۱۹۱۲ء میں ہوئے۔ بالشویک جماعت نے مردہ قوم میں دوبارہ جان ڈالدی اور اہل روس میں پھر از سر نو سیاسی جوش و خروش پیدا ہوا۔ ڈیوما نے حکومت کی نہایت پرزور مخالفت کی اور ملک کے لئے اصلاحات کا مطالبہ کیا مئی ۱۹۱۳ء میں وزیر داخلہ کے معاندانہ رویہ پر پارلیمنٹ نے قرار داد ملامت و نفریں پاس کی اور وزیر مستعفی ہوگیا۔ اسٹرائک کا سلسلہ پھر شروع ہوگیا جو جولائی کے اخیر تک جاری رہا۔ اس وقت تمام سیاسی انقلاب پسند جماعتوں میں عارضی طور پر ایک سمجھوتہ ہوگیا، سب نے "آزادی" کو اپنا نصب العین ٹھیرایا اور اپنا مقصد حاصل کرنیکے لئے جان توڑ کوشش شروع کر دی۔ اگر اسوقت حکومت اپنے مخالفانہ رویہ کو پس پشت ڈالدیتی تو ممکن تھا کہ انقلاب کی یہ دوسری رَو کچھ عرصہ کے لئے رک جاتی مگر اس کے بجائے تشدد اور سخت گیری نے مخالفوں کو دوسری کوشش کا موقعہ دیدیا۔ جنگ عظیم میں روس کی پے درپے شکستوں نے قوم کی نظروں میں حکومت کا رہا سہا وقار بھی کھودیا۔ اسوقت کے صدر ڈیوما نے اپنی مشہور تاریخی تقریر میں وزارت خارجہ کی بدنظمیوں اور وزیر خارجہ کے جرمنی سے در پردہ سازباز کا تار و پود بکھیر ڈالا۔ وزیر خارجہ اسٹرمر (Sturmer) استعفا دینے پر مجبور ہوگیا۔ روسی افواج کے لئے دیدہ و دانستہ کافی خوراک مہیا نہ کرنا، اصلاح کی کمی اور دیگر بدانتظامیوں نے عوام کو حکومت کی طرف سے بدگمان کر دیا۔

۸ مارچ ۱۹۱۷ء سے انقلاب پسندوں کے جلوس ہاتھوں میں سرخ جھنڈیاں اور علم لئے ہوئے نکلنے شروع ہوئے دوسرے دن پیرو گریڈ کی فوجی قوت میں اضافہ کر دیا گیا، شہر میں چاروں طرف مشین گنیں لگادی گئیں اور

"انقلابیوں" کو جلوس نکالنے اور جلسے منعقد کرنے سے باز رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی مگر بے سود۔ روڈزی آنکو صدر ڈیوما نے زار روس کو جو اس وقت دارالسلطنت سے فاصلہ پر ماگیلیو میں مقیم تھا حسب ذیل تار دیا "حالت نہایت نازک ہے۔ دارالسلطنت میں بدامنی پھیلی ہوئی ہے اور حکام بے بس ہیں۔ خوراک کا انتظام بالکل خراب ہے اور ناراضگی عام ہے۔ سڑکوں پر بے فائدہ گولی چلائی جاتی ہے۔ فوراً جمہور کے لیڈر کو وزارت مرتب کرنیکا حکم دیا جائے" مگر اس کا کوئی جواب نہیں آیا۔ ۱۲ مارچ ۱۹۱۷ء کو صدر ڈیوما نے پھر دوسرا تار دیا کہ "حالت بد سے بدتر ہوتی جاتی ہے فوراً کوئی انتظام کرنا چاہیے ورنہ کل وقت ہاتھ سے نکل جائیگا آخری وقت آگیا ہے ملک اور آپ کے خاندان کی قسمت کا فیصلہ ہونیوالا ہے" مگر اس کا بھی کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ فوجوں نے "انقلابیوں" سے ملنا شروع کر دیا اور شہر کی تمام رجمنٹیں ایک ایک کرکے انکے ساتھ ہوگئیں۔ ۱۴ مارچ ۱۹۱۷ء کو روس کی شخصی حکومت کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہوگیا۔ ڈیوما کے نمائندوں نے سرکاری دفاتر پر قبضہ کر لیا۔ بالشویک جماعت نے روس کے مشہور قومی لیڈر کی سرکردگی میں حکومت زار کا تختہ الٹ دیا۔ خاندان رومانوف کا چراغ آخر کار تین سو سال کے بعد گل ہوگیا۔

ہیں زیر زمیں صاحب تخت و علم و تاج — جو صاحب نوبت تھے نشاں انکے نہیں آج
جو شاہ کہ شاہوں سے سدا لیتے رہے باج — وہ بعد فنا آپ کفن کے رہے محتاج
درویش و غنی اس کے ہمیشہ رہے شاکی
بتلاؤ کہ دنیا نے کسی سے بھی وفا کی — انیس

# میرا دوست

(از سید تنویر حسین صاحب زیدی)

ہاں مجھے یاد ہے۔ جبکہ میں بہت چھوٹا سا تھا۔ تو نے میری امداد کی۔ تو نے ہمیشہ مجھ سے محبت کی۔ تیرا اور میرا چولی دامن کا ساتھ تھا۔ جب میں چلتے چلتے لڑکھڑا کر گر جاتا تھا۔ تو۔ تو نہایت پیاری اور دلکش آواز سے مجھکو دوبارہ اُٹھنے کی تلقین کرتا تھا۔ میں اُٹھ جاتا تھا۔ اور پھر چلنا شروع کرتا تھا۔

جب یہ زمانہ گذر گیا اور میں ذرا بڑا ہو گیا تھا۔ تو والدین نے مجھے ایک اسکول میں داخل کرا دیا۔ اسوقت بھی تو میرے ساتھ تھا۔ میں پڑھنے لکھنے کی پابندیوں سے گھبراتا تھا۔ اپنی آزادی کو جو مجھ سے چھین لی گئی تھی پھر حاصل کرنیکی بے سود کوشش کرتا تھا۔ مگر نہ معلوم کن کن طریقوں سے تو مجھکو تعلیم کی طرف راغب کر دیتا تھا۔ غرض تیری جانفشانی و خلوص کے سبب میں نے تحصیلِ علم کے منازل جلد جلد طے کرنے شروع کر دیئے۔ دن گزرتے رہے۔ یہانتک کہ اب وہ وقت آگیا تھا۔ کہ میں معقول تعلیم پا لینے کے بعد دنیا میں داخل ہوں۔ اِسوقت میرے دل و دماغ کی عجیب کیفیت تھی میں ترقی کے خوش کُن خواب دیکھا کرتا تھا۔ اور نہایت خوش تھا۔ پیمانہ دل آرزوؤں و تمناؤں سے لبریز تھا۔ اور کام شروع کرنیکے لئے طبیعت بیقرار تھی۔

---

چند سال گذر گئے۔ میری زندگی کا اب نیا دور شروع ہو چکا تھا۔ میری شادی ہو گئی تھی۔ دو بچے بھی تھے۔ مگر افسوس! والدین کا سایہ سر سے اُٹھ چکا تھا۔ میری مالی حالت اچھی نہ تھی میں پریشان تھا طبیعت دنیا کی طرف سے اُکتا گئی تھی مجھ پر مصیبتوں کا پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا۔ رنج و الم کی گھٹائیں سر پر منڈلا رہی تھیں۔ بیوی بچوں کی افسردہ حالت دیکھکر دل بیٹھ جاتا تھا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آتے تھے۔ مگر مجبور تھا۔ کیا کر سکتا تھا۔ قریب تھا کہ دامنِ صبر ہاتھ سے چھوٹ جائے۔ اور میں ناکامی و پریشانی کے ہاتھوں تنگ آکر خودکشی پر آمادہ ہو جاؤں........ مگر ایک آواز نے۔ ہاں ایک آواز جس سے میں آشنا تھا۔ مجھ کو خوابِ غفلت سے چونکا دیا اور میری ڈھارس باندھ دی میں نے چاروں طرف نگاہ اٹھا کر دیکھا۔ وہاں کوئی موجود نہ تھا میرے دل و دماغ اُس آواز کو محسوس کر رہے تھے۔ مگر میری آنکھیں اس کو دیکھنے سے قاصر تھیں مجھکو میرا ہمدرد دوست

دکھائی نہ دیتا تھا۔

وہ میرے قریب تھا۔ اوس نے میری کمر ٹھونکی تسلی دی۔ پیار کیا۔ اور کچھ ایسے دل آویز الفاظ میں مجھکو دعوتِ عمل دی کہ میں مجبور ہوگیا۔

---

میں نے نہایت صبر و استقلال سے اپنی کمر کو کسا اور اپنے دوست کے ساتھ ہولیا۔ میرے دوست نے مجھکو ایک پہاڑ کے دامن کے نیچے لے جاکر کھڑا کر دیا۔ اور مجھسے کہا کہ اوپر کی طرف دیکھو۔ میں نے نظر اٹھائی پہاڑ کی چوٹی دکھائی دی۔ کچھ عورتوں۔ بچوں اور مردوں کی آوازیں بھی آرہی تھیں میں نے بغور سُنا تو وہ میٹھے میٹھے راگ جن میں ایک قسم کی کشش تھی الاپ رہے تھے۔ پرندوں کے چہچہانے کی آوازیں آرہی تھیں ہرطرف خوشی و اطمینان کے آثار نمایاں تھے۔

میرے دوست نے مجھسے کہا۔ یہی منزل مقصود ہے۔ اللہ کا نام لیکر چوٹی پر چڑھنا شروع کرو۔ میں ڈرا اور کہا! یہ تو بہت اونچی ہے مگر میرے دوست نے میرا ہاتھ پکڑا اور نہایت میٹھے الفاظ میں کہا کہ گھبراؤ مت میں تمھارے ساتھ ہوں۔ مجھے کچھ ڈھارس ہوئی۔ میں نے چڑھنا شروع کیا۔ مگر جلدی تھک گیا۔ مگر میرے دوست نے مجھکو سمجھایا تو میں چلنے پر آمادہ ہوگیا۔ اب پہاڑ کی چوٹی مجھکو نزدیک معلوم ہوتی تھی۔ پژمردگی دل سے حرفِ غلط کی طرح مٹتی جارہی تھی۔ میرے پیروں میں نہ معلوم اتنی قوت کہاں سے آگئی تھی کہ میں جلدی جلدی چل رہا تھا۔ میرا دوست بہت خوش تھا۔ جوں جوں ہم چوٹی کے نزدیک پہنچتے جاتے تھے۔ ہماری خوشی میں اضافہ ہو رہا تھا۔

اب ہم چوٹی پر پہنچ چکے تھے۔ اور اطمینان کے سانس لے رہے تھے۔ ہر چیز تبسم ریز تھی۔ وہاں کے رہنے والے خوش خوش نظر آتے تھے میں بھی یہ تماشہ دیکھ رہا تھا کہ میرے دوست نے باصرار مجھسے اجازت طلب کی میں نے اجازت دیدی

---

اس وقت میں بادِ مخالف کے جھونکوں سے محفوظ تھا مصیبت کے پہاڑ ٹل چکے تھے۔ رنج و الم کی گھٹائیں معدوم ہوچکی تھیں۔ میرا دل خوشی کیوجہ سے بانسوں اوچھل رہا تھا۔ ہاں مجھے صرف اپنے دوست کے جس نے کہ مجھے اس پہاڑ کی چوٹی پر پہنچایا تھا۔ چلے جانے کا افسوس تھا۔ میں اس کی مہربانیوں اور عنایتوں کو یاد کر رہا تھا۔ میں نے اب یہ عہد کیا تھا کہ اپنے دوست کی تلاش کروں۔ اپنی آنکھوں سے اوس کی زیارت کروں۔ اور اوس کو ان عنایتوں کا صلہ دوں لیکن آہ

میرا یہ خیال پورا نہ ہوسکا جونہی میں نے ان خیالات سے فرصت پاکر نگاہ اٹھائی۔ کیا دیکھتا ہوں۔ کہ میرے بیوی بچے نہایت خوش خوش مجھکو مبارکباد دیتے ہوئے چلے آرہے ہیں۔ میں نے اونکا بڑی گرمجوشی سے استقبال کیا۔ اور محوگفتگو ہورہا اور اپنے دیرینہ دوست کو بالکل بھول گیا۔ میں اور میرے بیوی بچے نہایت آرام سے زندگی کے دن گذار رہے تھے۔ اور مجھے ہرطرح راحت و آرام حاصل تھا۔

---

یہ میری زندگی کا عجب دور تھا۔ میں خوش ضرور تھا۔ مگر شباب مجھ سے رخصت ہوچکا تھا۔ میں ضعیف و لاغر تھا۔ لکڑی کے سہارے چلتا تھا۔ بینائی میں فرق آگیا تھا۔ ہاتھ پاؤں میں رعشہ بھی تھا۔

ایک دن میں بیمار ہوگیا۔ بیماری نے بہت طول کھینچا۔ ڈاکٹروں اور حکیموں نے میرے مرض کو لاعلاج بتایا میں نے سُنا۔ اور نہایت صبر کیساتھ سُنا۔ میں خوش تھا۔ کیونکہ میں اپنا فرض پورا کرنے کے بعد دنیا کو خیرباد کہہ رہا تھا۔ اور دنیا میری مرہونِ منت تھی۔ اُس وقت میرے دل میں ایک خیال تھا۔ جو بار بار چٹکیاں لیتا تھا۔ وہ اپنے بچھڑے ہوئے دوست کی یاد تھی میں نے اوس کو کبھی نہ دیکھا تھا۔ دیکھنے کی آرزو تھی۔ میں بے چین تھا۔ اور ماہئی بے آب کی طرح بسترِ مرگ پر لوٹ رہا تھا۔

ہاں۔ اوسی وقت ایک آواز آئی۔ میرے چہرے پر خوشی کے آثار ہویدا ہوگئے۔ مگر یہ محسوس کرکے کہ آواز پہلے کی نسبت بہت دھیمی اور افسردہ ہے۔ تعجب ہوا۔ میں نے حالت اضطراب میں چلّا کر کہا!

اے دوست مجھے معاف کرنا۔ میں نے تم کو بالکل بُھلا دیا۔ میں نے تمکو کبھی یاد نہیں کیا۔ تمہاری تلاش نہیں کی۔ تمہاری عنایتوں کا کچھ بھی بدلہ نہ دلیسکا۔ میں سخت شرمندہ ہوں۔

میرے دوست نے اس کا کچھ جواب نہ دیا۔ بس روتے ہوئے اتنا پوچھا کہ اب کیا چاہتے ہو۔ میں نے ....... میں نے ....... اپنے دل کو تھامتے ہوئے کہا کہ صرف ایک آرزو ہے۔ اور وہ یہ کہ میں تمکو دیکھنا چاہتا ہوں۔ تمہاری صورت۔ و سیرت کا جو کہ فرشتوں سے بھی بالاتر ہے۔ زیارت کرنی چاہتا ہوں۔

میرے دوست نے ایک سرد آہ کھینچی۔ اور کہا کہ اچھا اگر تمہاری مرضی یہی ہے۔ تو میں اسکو بھی پورا کرنیکو طیار ہوں۔

---

میرے سینہ میں سخت سوزش پیدا ہوگئی۔ اور دھواں سا اٹھا۔ اور اس میں ایک انسانی شکل جو کہ بالکل مجھسے ملتی جلتی اور میرا ہی جیسا لباس پہنے ہوئے تھی۔ منودار ہوگئی۔ میری زبان سے رُکتے رُکتے لفظ دوست نکل گیا۔ اُوسنے کہا۔ کہو۔ میں تعجب سے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر اوس کی طرف دیکھنے لگا۔ اور یہ کہتا ہوا کہ

"افسوس مجھے آجتک یہ معلوم نہ ہوا کہ میں خود اپنا دوست تھا" خاموش ہوگیا۔

مجسّمہ میرا ! جو اس وقت میرے سامنے موجود تھا۔ آہستہ آہستہ معدوم ہونیلگا۔ اسکے ساتھ میری قوت بھی گھٹنے لگی۔ اور سینہ میں دم رُک گیا۔

-: اوس کے بعد۔ مجھے معلوم نہیں میں کہاں تھا :-

# غزل

(از محترمہ کنیز فاطمہ صاحبہ فرحت)

تو روحِ تمنا ہے تو ہی جانِ تمنا
آباد ترے دم سے ہے ایوانِ تمنا

سو جان سے میں کیوں نہوں قربانِ تمنا
ہے دل میں کھٹکتا مرے پیکانِ تمنا

کیا کیا نہ تری یاد میں تڑپا دلِ محزوں
کچھ تجھکو بھی معلوم ہے اے جانِ تمنا

یارب نہ مرے دل سے مٹے داغِ محبت
اس شمع سے روشن رہے ایوانِ تمنا

اب چشمِ تمنا میں سماتا نہیں کوئی
اے جانِ تمنا یہ بڑی شانِ تمنا

اس رنگ سے اُسنے مرے دلکو دئے تنو داغ
داغوں نے بھرا پھولوں سے دامانِ تمنا

اے جانِ جہاں تم جسے سمجھے ہوئے دل ہو
پہلو میں مرے ہے وہی ایوانِ تمنا

گو یاس نے جھٹکے دئے ہر طرح ہزاروں
چھوٹا نہ مرے ہاتھ سے دامانِ تمنا

دل میں جو مرے یہ نہو تو کچھ نہیں فرحت
دل پر مرے ہر وقت ہے احسانِ تمنا

# لطیفے

(۱)

ایک روز شاہجہاں نے ایرانی سفیر کو اپنے دسترخوان پر دعوت دی کئی قسم کے کھانے موجود تھے۔ بادشاہ کو پلاؤ مرغوب تھا۔ لیکن ایرانی سفیر گوشت کو زیادہ پسند کرتا تھا جس وقت وہ رکابی میں سے ہڈیاں چبانے میں مشغول تھا۔ بادشاہ نے کہا "سفیر صاحب کتے کیا کھائیں گے؟"

سفیر نے فوراً جواب دیا "پلاؤ" (برنیر)

(۲)

ایک ایرانی سفیر ایسا گستاخ اور صاف گو واقع ہوا تھا کہ بالآخر شاہجہاں نے اس سے تنگ آکر کہا "بدبخت کیا شاہ عباس کے دربار میں کوئی شریف آدمی نہیں ہے جو ایسے احمق کو میرے پاس بھیجدیتا ہے۔"

سفیر بولا "بے شک شاہ ایران کے دربار میں مجھ سے زیادہ شریف اور خلیق آدمیوں کی کثرت ہے مگر وہ بادشاہوں کے پاس بھیجے جاتے ہیں۔" (برنیر)

(۳)

شاہجہاں نے ایرانی سیاحوں سے دریافت کیا کہ ہماری نئی دہلی تمہارے اصفہان کے مقابلہ میں کیسی ہے؟ انھوں نے جواب دیا "واللہ! باللہ!! اصفہان کا آپ کی دہلی کی گرد سے مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔"

بادشاہ یہ سنکر بہت خوش ہوا۔ مگر بعد میں معلوم ہوا کہ ایرانیوں کا مطلب یہ تھا کہ اصفہان ایک عظیم الشان شہر ہے اور دہلی میں گرد و غبار کے سوا کچھ نہیں ہے۔ اس لئے دونوں کا مقابلہ کیسا۔ یہ خیال کر کے بادشاہ شرمندہ ہوا (برنیر)

(۴)

ایرانی اہلِ زبان اور اسلامی تہذیب و تمدن کا سرچشمہ ہونے کے زعم میں اس قدر مغرور اور سرکش تھے کہ شاہجہاں اور اورنگ زیب عالمگیر جیسے بادشاہوں کے احترام کو بھی ملحوظ نہیں رکھتے تھے۔ چنانچہ ایک ایرانی سفیر ہندوستانی طریقہ کے مطابق کورنش و تسلیم کئے بغیر شاہجہاں کے سامنے بے تکلف بیٹھ جاتا تھا۔ بادشاہ کو اس پر سخت غصہ

آتا تھا لیکن دم بخود تھا کیونکہ ایرانی حملہ کی ایک افواہ اس کو لرزہ براندام کرنے کے لئے کافی تھی۔

بالآخر مجبور ہو کر شاہجہاں نے یہ تدبیر کی کہ دیوان خاص کے بڑے پھاٹک کو بند کرا دیا اور اس میں صرف ایک کھڑکی کھلی رہنے دی۔ یہ کھڑکی اتنی نیچی تھی کہ کوئی شخص سر جھکائے بغیر اس میں سے نہیں گذر سکتا تھا۔ بادشاہ کا خیال تھا کہ اس طرح ایرانی سفیر کو میرے حضور میں آنے سے قبل درباری معمول سے بھی زیادہ جھکنا پڑیگا اور میری عظمت میں فرق نہیں آئیگا۔

مگر ایرانی سفیر اس کا مطلب سمجھ گیا۔ اور بادشاہ کی طرف پشت کر کے کھڑکی میں داخل ہوا۔ یہ دیکھکر بادشاہ بہت مغلوب الغضب ہوا اور بولا "بدبخت! کیا تو سمجھتا ہے کہ تو اپنے جیسے گدھوں کے اصطبل میں داخل ہو رہا ہے؟"
سفیر نے جواب دیا "بے شک میں یہی سمجھا۔ کوئی شخص ایسے دروازہ سے گذر کر گدھوں کے سوا کس کے پاس جانیکا خیال کر سکتا ہے؟"

(برنیر صفحہ ۱۵۲)

## (۵)

جاندار شاہ (۱۷۱۲-۱۳ء) کی بیوی لال کنور ایک ادنیٰ ذات کی ڈومنی تھی۔ شہنشاہ نے اس کو امتیاز محل کا لقب دیا اور اس کے رشتہ داروں کو اعلیٰ عہدوں پر مقرر کیا۔ اس کے بھائی خوشحال کو ہفت ہزاری بنا کر آگرہ کی صوبہ داری مرحمت کی ؎

چو بادِ خزانی در آید بباغ
زمانہ دہد جائے بلبل بزاغ

ذوالفقار خاں وزیر نے اس شاہی فرمان کی تیاری میں عمداً بے پروائی کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خوشحالی کا تقرر عمل میں نہیں آسکا۔ آخر کئی روز انتظار کرنے کے بعد خوشحالی نے لال کنور کی معرفت بادشاہ سے اس لیت ولعل کی شکایت کی۔ بادشاہ نے وزیر سے جواب طلب کیا۔ وزیر نے عرض کیا "جہاں پناہ! ہم اہل دربار رشوت ستانی میں مبتلا ہو گئے ہیں اور اس کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے۔"

بادشاہ نے دریافت کیا "امتیاز محل اور خوشحال سے تم کیا رشوت چاہتے ہو؟" وزیر نے جواب دیا "ایک ہزار ڈھول۔ باجے۔ تاشے۔ نفیری۔ سارنگی۔ دف۔ طنبور۔ خنجری۔ وغیرہ وغیرہ۔" بادشاہ نے متعجب ہو کر پوچھا۔

"تم کو ان چیزوں سے کیا واسطہ ؟" وزیر نے کہا "جہاں پناہ! حضور نے تمام منصب اور عہدے جو ہم لوگوں کے لائق تھے ان ڈوموں۔ نقالوں۔ بھانڈوں۔ گویوں پھکیو اور مسخروں کو بخش دیے۔ اس لئے ہم درباریوں کو بجز اس کے کیا چارۂ کار ہے کہ ان لوگوں کا ہنر سیکھ کر روزی حاصل کریں" ؎

ہمائے گو مفگن سایۂ شرف ہرگز

براں دیار کہ طوطی کم از زغن باشد (خافی خاں جلد ۲ صفحہ ۲۲۳)

(۶)

ہمایوں نے جب اپنی کھوئی ہوئی سلطنت فتح کرنے کا خیال ظاہر کیا تو امراکی دو جماعتیں ہوگئیں۔ ایک کہتی تھی کہ کابل پر قناعت کرنی چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ ہندوستان کی تسخیر کرنے کی کوشش میں کابل بھی ہاتھ سے نکل جائے دوسری جماعت اس کی مخالفت کرتی تھی۔ بالآخر ایک سردار نے یہ مشورہ دیا کہ قسمت آزمائی سے پہلے شگون لینا مناسب ہے۔ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ تین اشخاص تین جانب روانہ کئے جائیں اور ان میں سے ہر ایک اس شخص کا نام معلوم کرے جو اس کو سب سے پہلے ملے۔ ان ناموں سے شگون کے نیک و بد ہونے کا فیصلہ ہوگا ہمایوں نے اس کو پسند کیا اور تین سواروں کو دوڑایا۔ تھوڑی دیر بعد تینوں واپس آئے۔ پہلے نے کہا "مجکو ایک آدمی ملا جس کا نام سعادت خاں تھا" دوسرے نے کہا "مجکو ایک آدمی ملا جس کا نام مراد خاں تھا" تیسرے نے کہا "مجکو ایک آدمی ملا جس کا نام دولت خاں تھا" اس پر ہمایوں کو اپنی کامیابی کا یقین ہوگیا۔ (تاریخ فرشتہ جلد اول صفحہ ۴۵۶) لیکن روانہ ہونے سے پیشتر اس نے دیوان حافظؒ سے فال لی۔ یہ شعر برآمد ہوا ؎

دولت از مرغ ہمایوں طلب و سایۂ او

زانکہ با زاغ و زغن شہپرِ ہمت نبود

(خلاصۃ التواریخ قلمی صفحہ ۲۳۱)

(۷)

اکبر نے جب سکندر سور کی سرکوبی کا ارادہ کیا تو دیوانِ حافظؒ سے فال نکالی۔ یہ بیت برآمد ہوا ؎

سکندر را نمی بخشند آبے
بزور و زر میسر نیست ایں کار

(سیر المتاخرین جلد ۲ صفحہ ۲۷)

(۸)

فرخ سیر نے تخت نشین ہونے کے بعد اپنے سکہ پر یہ شعر کندہ کرایا:۔

سکہ زد از فضلِ حق بر سیم و زر
بادشاہِ بحر و بر فرخ سیر

اس سال دہلی میں خشک سالی کے آثار نمودار ہوئے اور غلہ بہت گراں ہو گیا۔ اس مناسبت سے بعض ظریفوں نے مندرجۂ بالا بیت کو اس طرح مشہور کیا۔

سکہ زد بر گندم و موٹھ و مٹر
بادشاہِ دانہ کش فرخ سیر

(لیٹر مغلز از ولیم اروِن جلد اوّل صفحہ ۲۹۹)

(۹)

اورنگ زیب عالمگیر نے جب تیغ بہادر (سکھ گرو) کو قتل کرنے کے لئے اپنے دربار میں بلایا تو بعض اہل دربار نے گرو سے کہا کہ اگر تم خدا کی طرف سے ہادی مقرر کئے گئے ہو تو کوئی کرامت دکھاؤ۔ گرو نے جواب دیا "بندہ کا کام فقط خدا سے دعا کرنا ہے۔ تاہم کرامت دکھانے کے لئے تیار رہوں۔ میں ایسا منتر جانتا ہوں کہ اس کی برکت سے تلوار کا وار خالی جاتا ہے۔" یہ کہکر اُس نے کاغذ کے ایک پرزہ پر چند الفاظ لکھکر اپنی گردن سے چپکا لئے اور جلاد کے سامنے سر جھکا دیا۔ اہلِ دربار کا خیال تھا کہ تلوار اس کا سر نہیں کاٹ سکے گی لیکن یہ دیکھکر ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہیں رہی کہ جلاد کی تلوار کی ایک ہی ضرب نے اس کا سر تن سے جدا کر دیا۔ انھوں نے کاغذ کے پرزہ کو پڑھا تو اس میں لکھا ہوا تھا۔

"سر دیا سر نہ دیا"

غور کرنے سے معلوم ہوا کہ تیغ بہادر نے تجنیس خطی کی آڑ لیکر نہایت عقلمندی سے اپنے آپ کو دروغ گوئی کے الزام سے بچا لیا۔ اس فقرہ میں لفظ "سر" دو جگہ آیا ہے۔ اس پر اعراب لگانے سے گرو کا مطلب واضح ہوجاتا ہے جو یہ ہے

"سِر دیا سَر نہ دیا"

پہلے "سر" کے معنی "سَر" کے ہیں جس کو اہل ہند "سِر" بھی بولتے ہیں۔ دوسرے "سر" کے معنی "بھید" کے ہیں۔ تیغ بہادر کا مدعا یہ تھا کہ گو تلوار سے میرا سر قلم ہوجائے مگر میرا راز قائم رہے گا یعنی میں نے جو جذبہ اپنی قوم میں پیدا کردیا ہے وہ کسی تلوار سے زائل نہیں ہوسکتا۔

(ہسٹری آف دی سکھس از کننگھم صفحہ ۹۶)

(۱۰)

ہمایوں نے بہادر شاہ والئی گجرات و مالوہ کی سرکوبی کا بیڑہ اٹھایا۔ لیکن سارنگپور کے نزدیک پہونچکر معلوم ہوا کہ بہادر شاہ قلعۂ چتور کے فتح کرنے میں مشغول ہے۔ اگر ہمایوں عقلمند اور سیاست داں ہوتا تو اس وقت آسانی سے بہادر شاہ پر غلبہ پاسکتا تھا مگر اس نے بہادر شاہ کے خلاف راجپوتوں کی مدد کرنیکی بجائے یہ انتظار کیا کہ جب بہادر شاہ چتور پر قبضہ کرلے اُس وقت میں اس پر حملہ کروں اسی اثنا میں اس نے ذیل کا قطعہ تصنیف کرکے بہادر شاہ کے پاس بھیجا ؎

اے کہ ہستی غنیم شہر چتور — کافراں را چطور میگیری
بادشاہے رسید بر سر تو — تو نشستہ چتور میگیری

بہادر شاہ بھی نہایت سخن سنج تھا۔ اس نے ترکی بہ ترکی یہ جواب ارسال کیا ؎

من کہ ہستم غنیم شہر چتور — کافراں را بجور میگیرم
ہر کہ بکند حمایتِ چتور — تو ببیں کش چطور میگیرم

(تاریخ فرشتہ جلد اوّل صفحہ ۳۹۹)

قطعاتِ بالا میں "چتور" اور "چطور" کی صنعت قابلِ داد ہے۔

# کفّارہ

از قلم احمد (سراوہ) از میرٹھ

أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ج (القرآن۔ سورۃ الانعام۔ رکوع ۲۰۔ آیت ۱۶۵)

ترجمہ۔ کیا میں اللہ کے سوا کسی دوسرے کو رب بناؤں۔ اور وہی تمام چیزوں کا پالنے والا ہے۔ اور کوئی نفس برائی نہیں کرتا مگر اپنے لئے اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائیگا۔

اس آیت میں قرآن مجید نے مسیحی عقیدہ خون کے کفّارہ کی تردید کی ہے۔ ہر شخص خود اپنا بوجھ اٹھانے والا ہے اس پر ابتدا ہی سے چند اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ یہی اس کا بوجھ ہیں۔ وہ کسی دوسرے کی ذمہ داریوں کا جواب دہ نہیں ہو سکتا۔

مسیحیت کے حامی کفّارہ کے مسئلہ کے ثبوت میں بعض اوقات یہ صوفیانہ دلیل پیش کیا کرتے ہیں کہ ایک نیک آدمی اپنے قرضدار کا قرض معاف کر سکتا ہے۔ لیکن آدمی خدا اور مسیحؑ کا باہمی تعلق ایک قرضدار۔ قرضخواہ اور نیک شافع کے آپس کے تعلق کی مانند نہیں ہے۔ کیونکہ مسیحیت کی رو سے حضرت مسیحؑ خود خدا تھے۔ اس لئے مذکورہ دلیل غیر مناسب ہے۔

بخلاف اس کے مسیحؑ اور بنی آدم میں طبیب اور مریض جیسی نسبت ہے۔ ایک شخص کو کوئی اندرونی بیماری ہو گئی اور طبیب نے اُس کو تندرست کرنے کے لئے خود دوا کھائی۔

اسی طرح آدمی نے گناہ کیا اور اس کو گناہ سے آزاد کرنے کی غرض سے خدا (مسیحؑ) خود سولی پر چڑھ کر ہلاک ہو گیا۔

خون کے کفارہ کا عقیدہ عام گمراہی یا فطری گنہگاری کے اصول پر مبنی ہے۔ اور یہ دونوں مسیحیت کے بنیادی اُصول ہیں۔

خلقی گناہ ہر شخص کو فطری قصور اور خطا کو کہتے ہیں۔ اس لئے جو کوئی اس دنیا میں پیدا ہوا خدا کے عتاب اور عذاب کا مستحق ہے تقدس کے سرچشمہ یعنی خدا کی اس سے زیادہ کیا توہین کی جا سکتی ہے کہ اس نے تمام انسانوں کو فطرتاً گنہگار پیدا کیا۔ یہ خدا پر بہتان ہے۔ اس میں اس سے زیادہ کمزوری اور کوئی نہیں ہو سکتی۔

انسان جو خدا کی صنعت کا بہترین نمونہ اور دنیا میں اس کا خلیفہ ہے مسیحیت کے نزدیک تمام مخلوقات سے

زیادہ ذلیل ہے خدا کی کل عمدہ مخلوق آدمی ہی کی وجہ سے خراب۔ ناپاک۔ رسوا۔ ملعون۔ اور راندہ درگاہ ہوئی۔ زمین بھی اس سے محفوظ نہیں رہی اور آدم کے باعث مردود ہوئی۔ آدمی کی نافرمانی کی بدولت اس میں گھاس اور کانٹے پیدا ہونے لگے۔ رنج و غم، مصیبت و اذیت صرف اسی کے سبب سے ظہور میں آئیں۔ آہ! کیسی شیطانی چیز ہے مگر جب ایک شخص ان اوراق کو الٹتا ہے جن میں انسان کی ایسی تنفر انگیز تصویر بنی ہوئی ہے تو اس کو معلوم ہوتا ہے کہ ایسی مخلوق کا خالق خود بھی مکمل نہیں ہے۔ ایک کاریگر اپنی کاریگری سے پہچانا جاتا ہے۔ اس کی بنائی ہوئی تصویر خود اس کی سیرت کو ظاہر کرتی ہے۔

"خدا نے آدمی کو اپنا ہمشکل بنایا"

(توریت۔ کتاب اول پیدائش)

"خدا اس برائی پر پچھتایا جو وہ لوگوں کے ساتھ کرنا چاہتا تھا"

(توریت۔ کتاب ثانی خروج)

کیا اس کلمہ کفر سے خدا پچھتانے والا نہیں ٹھہرتا۔ اگر آپ ہم سے اپنے خدا کی عبادت کرانا چاہتے ہیں تو اس کو اس سے بہتر بنائیے۔

پال کہتا ہے "وہ (مسیح) دنیا میں اس لئے ظاہر ہوا کہ اپنے آپ کو قربان کر کے گناہوں کو دور کرے"۔ گناہ کے لئے کفارہ کا اصول نہایت دیرینہ عقیدہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مسیحیت سے پیشتر دنیا میں خدا کے بہت سے مجسم (اوتار) ہوئے جنہوں نے انسان کے گناہوں کا کفارہ کرنے کی خاطر اپنی جانیں دیں۔ ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں:۔ متھرا (ایران کا خدا) ایڈونیس (شام کا خدا)۔ اتیس (فریگیا کا خدا)۔ کوئٹزالکوٹالا (میکسیکو کا نجات دہندہ)۔ ان کے علاوہ بھی اور بہت ہوئے۔ جیسا کہ جسٹن مارٹر کہتا ہے "خدا کے تمام فرزندوں کے لئے مصیبت مشترک تھی" اور اسی وجہ سے ان کو "مقتول" "نجات دہندہ" اور "رہانندہ" کہا جاتا ہے۔ لارڈ بیکن بھی مخلوق کی نجات کے واسطے مارا گیا اور اسی سبب سے گناہ دور کرنے والا اور خلاصی دینے والا کہلایا۔

مقتول معبودوں کی فہرست میں ایک فرضی ہستی ——— جیسا کہ حضرت مسیح کے عہد نامہ جدید کی ان تحریروں سے ظاہر ہوتا ہے جو ان کے متعلق ہیں ——— مسیحیوں کا خدا ہے جس کی بابت یقین کیا جاتا ہے کہ اس نے

اپنے خون سے انسان کو گناہ کی زنجیروں سے آزاد کیا۔ ہر شخص کو اپنے عقیدہ کا اختیار ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ مسیح کے خون سے کفارہ کے باوجود "ازلی لعنت" میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ آدمی اب بھی محنت سے روزی پیدا کرتا ہے اور مصائب و تکالیف میں مبتلا ہے۔ بچے اب بھی گنہگار پیدا ہوتے ہیں۔ اور زمین سے کانٹے بھی بدستور اُگتے ہیں۔ ابن اللہ کی قربانی کا کچھ بھی اثر نہیں ہوا۔ اور جو حالات پہلے تھے وہی اب ہیں۔ حضرت مسیح خود تکلیف۔ رنج۔ غم۔ اور موت کا شکار ہوئے لہذا۔ رومن کیتھولک عقیدہ کے مطابق گناہ ان کی فطرت میں بھی داخل تھا۔ کیونکہ بائبل میں لکھا ہے کہ گناہ ان سب کا باعث ہوتا ہے۔ پس جو شخص خود گنہگار ہو وہ دوسروں کے لئے کیا خاک کفارہ ہو سکتا ہے۔ مزید برآں بائبل کی تعلیم یہ بھی ہے کہ ہر شخص اپنے اعمال کا ذمّہ دار ہے اور ان کی جزا و سزا صرف اسی کو ملے گی۔ غیروں کو نہیں کیونکہ ہر شخص اپنا اپنا بوجھ آپ اٹھائیگا۔

عہدنامہ جدید کی یہ آیت کفارہ کے مسئلہ کی تکذیب کرتی ہے اور قرآن شریف کی اس آیت کی تصدیق کرتی ہے یعنی کسی کے افعال دوسرے کے کام نہیں آسکتے۔ موسیٰ علیہ السلام بھی اپنے قانون میں اس اصول پر مہر تائید ثبت کرتے ہیں کہ ہر شخص اپنے ہی جرم کی پاداش میں قتل کیا جائیگا۔

پس ہم دیکھتے ہیں کہ قدیم اور جدید عہدنامے خون کے کفارہ کو جھٹلاتے ہیں۔ واقعات سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ غیر ملکوں سے لیکر مسیح کی سہل اور سادہ تعلیم میں داخل کر دیا گیا۔ "اگر تم ابدی زندگی چاہتے ہو تو قانون کے پابند رہو" (انجیل متی ۱۹: ۱۷) اور یہ ایسے شخص کا قول ہے جو قانون کو لعنت کے نام سے تعبیر کرتا ہے (متی ۳ : ۱۳) اور کہتا ہے کہ خدا کی نظر میں کوئی شخص قانون کی بدولت حق بجانب نہیں ہو سکتا۔ (۳ : ۹) مگر ساتھ ہی مسیح نے یہ اعلان کیا کہ "میں قانون کو منسوخ کرنے کے لئے نہیں آیا" اور "ہر وہ شخص جو مجھکو 'خدا خدا' کہتا ہے آسمانی بادشاہت میں نہیں داخل ہو سکتا بلکہ وہ داخل ہوگا جو میرے باپ کی اطاعت کریگا جو آسمان میں ہے" (متی ۷ : ۲۱)

اسی سلسلہ میں اس شخص کی دیانت پر ایک نظر ڈالنی مناسب ہے جس نے مسیح کی عمدہ تعلیم میں خون کے کفارہ کا مسئلہ شامل کر دیا۔ وہ شخص پال تھا۔ وہ اس جگہ خود اقرار کرتا ہے "یہودی ہو گیا۔ تاکہ یہودیوں کو اپنے ساتھ ملا سکوں اور جو لوگ قانون کے پیرو ہیں اُن میں میں قانون کا پیرو ہو گیا تاکہ قانون کی پیروی کرنے والوں کو اپنا حامی بنا سکوں اور جو لوگ قانون سے آزاد ہیں اُن میں میں بھی قانون سے آزاد ہو گیا تاکہ آزاد لوگوں کو اپنا ہمخیال بنا سکوں

(۱۔ قرنتیہ۔ ۹: ۶ و ۷)

اس بیان سے پال کی مردم شناسی پہ کافی روشنی پڑتی ہے بخشی سے یا زمی سے۔ فریب سے یا ایمانداری سے۔ دغابازی سے یا راستبازی سے۔ غرض جس طرح بھی ممکن ہو مسیحیت کی تبلیغ لازم ہے۔ اس لئے پال کا یہی طرزِ عمل تھا۔

"اور سخاوت کے شوق کو اپنے اندر سب چیزوں پر مقدم رکھو کیونکہ سخاوت گناہوں کے انبار کو پوشیدہ رکھتی ہے"۔

(۱۔ پطرس ۴: ۸)

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِیَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِیْ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ٥ (القرآن۔ سورۃ العنکبوت رکوع ۱۔ آیت ۷)

ترجمہ۔ اور جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کئے اچھے البتہ دور کرینگے ہم اُن سے برائیاں ان کی اور البتہ بدلا دینگے ہم اُن کو بہتر اس چیز سے کہ وہ کرتے تھے۔

ان ہر دو بیانوں سے واضح ہوتا ہے کہ بُرے کاموں کا حقیقی کفارہ نیک کام کرنا ہے جس سے ثانی الذکر اول الذکر کی جگہ لیکر آدمی کی زندگی میں انقلاب پیدا کر دیتے ہیں پس ثابت ہوا کہ نیکی سے گناہوں کا کفارہ ہی قدرت کا سچا اصول اور جملہ مذاہب کی اصل اور صحیح تعلیم ہے جس سے مسیحیت بھی مستثنیٰ نہیں ہے لیکن خون کا کفارہ قطعاً خلاف قانونِ قدرت اور خلافِ عقل ہے اور یقیناً مسیح کے مذہب میں بعد کی ایجاد ہے۔

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ٥

(سورۂ بنی اسرائیل۔ رکوع ۲۔ آیت ۱۵)

ترجمہ۔ جس نے راہ پائی پس اس کے سوا نہیں کہ راہ پاتا ہے اپنی جان کے واسطے اور جو کوئی گمراہ ہوا پس اس کے سوا نہیں کہ گمراہ ہوتا ہے اوپر اپنے اور نہیں بوجھ اٹھاتا کوئی بوجھ اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا اور نہیں ہم عذاب کرنے والے یہانتک کہ بھیجیں رسول۔

# سین پانچواں

## ننھے خاں - جمّن اور ممّن

ننھے خاں اسٹیج پر گاتا ہوا داخل ہوتا ہے
(اس کے ایک ہاتھ میں بوتل ہے) لا - لا - لا
را - را - را -

جمن - کسی کے گانے اور لکڑیاں چیرنے
کی آواز آرہی ہے -

ننھے خاں - لا - لالا - را - لرا - را -
میں نے ایک ہی ہلّے میں کافی کام کرلیا ہے - اب
ذرا سستالوں (ایک چسکی لے کر)

خمسہ

کچھ ڈر نہیں جو کاسۂ گردوں ہے واژگوں
اربابِ ظرف سب مرے آگے ہیں سرنگوں
جامِ جہاں نمائے دل و دیدہ ہیں فزوں
ساقی ترے کرم سے میں جمشیدِ وقت ہوں
شیشے جھکے ہوئے ہیں پیالوں کے سامنے

منیر

آؤ ذرا غم غلط کریں -

جمن - وہی ہے -

ممن - بس ٹھیک - پالیا -

جمن - ذرا قریب چل کر دیکھیں -

ننھے خاں - (ان کو دیکھ کر کبھی ایک کی طرف
دیکھتا ہے کبھی دوسرے کی طرف - پھر دھیمی آواز سے
کہتا ہے) واہ ری میری پیاری بوتل مجھے تجھ سے
کتنی م.....م... محبت ...... ہے
ارے یہ کس واسطے یہاں آئے ہیں

جمن - یقیناً وہی ہے -

ممن - ہو نہ ہو وہی ہے - جو حلیہ اس کا بتایا
گیا تھا بالکل اس کے مطابق ہے - بال برابر فرق نہیں -

ننھے خاں (ایک طرف اپنی بوتل زمین پر
رکھ دیتا ہے - جب جمن جھک کر آداب بجالاتا ہے
تو یہ خیال کرکے کہ وہ اس کی بوتل اٹھانے والا ہے
ننھے خاں اسے دوسری طرف رکھ دیتا ہے - ادھر
ممن سلام کے لئے جھکتا ہے تو وہ اٹھا کر اسے اپنے

سینے سے لگا لیتا ہے اور عجیب دل خوش کن حرکتیں
کرتا ہے۔) نہ معلوم ان مسخروں کی کیا منشا ہے۔ آپس میں
کچھ صلاح ـ مشورے کر رہے ہیں ۔

**جمن** ۔ جناب کیا آپ کا اسمِ گرامی
ننھے خاں ہے ؟

**ننھے خاں** ہیں۔ کیا ؟

**جمن** ۔ میں جناب سے دریافت کر رہا تھا
کہ کیا آپ کا اسمِ گرامی ننھے خاں صاحب ہے ؟

**ننھے خاں** ۔ (پہلے جمن اور پھر ممن
کی طرف دیکھ کر) ہاں اور نہیں ۔ اول کام
بتایئے۔ پھر نام پوچھئے ۔

**جمن** ۔ محض جناب کے سلام کو حاضر ہوئے ہیں۔

**ننھے خاں** ۔ تو پھر میرا نام یہی ہے ۔

**جمن** ۔ جناب سے ملاقات کر کے بے حد
مسرت ہوئی۔ ہمیں جناب کے پاس اپنی حاجت روائی
کے لئے خاص طور پر بھیجا گیا ہے اور ہم آپ سے ایک
معاملہ میں مدد کے خواستگار ہیں ۔

**ننھے خاں** ۔ اگر میں اپنے حقیر پیشے سے آپ
کی کسی طرح مدد کر سکتا ہوں تو بجان و دل تیار ہوں
مجھے عین راحت ہوگی ۔

**جمن** ۔ آپ کی بے حد عنایت ہے ۔ جناب
ذرا اپنی ٹوپی اوڑھ لیں۔ دھوپ بہت تیز ہے کہیں
نقصان نہ پہنچائے ۔

**ممن** ۔ جی ہاں بہتر یہی ہے ۔

**ننھے خاں** (علیحدہ) کس قدر خوش اخلاق
لوگ ہیں ۔

**جمن** ۔ امید ہے کہ جناب کو ہمارے آنے
سے کچھ تعجب نہیں ہوا ہوگا ۔ پیاسا ہمیشہ کنوئیں کے
پاس آتا ہے۔ ماہرانِ فن کی ہر ایک کو تلاش رہتی ہے۔
ہم نے جناب کی بہت تعریف سنی ہے ۔

**ننھے خاں** ۔ اس میں کوئی کلام نہیں کہ میں
دنیا میں لاثانی لکڑہارا ہوں

**جمن** ۔ جناب کیا فرما رہے ہیں ۔

**ننھے خاں** ۔ میں اپنا کام نہایت جانفشانی
سے کرتا ہوں کیا مجال کہ ذرہ بھر نقص رہ جائے ۔

**جمن** ۔ جناب ہم اس غرض سے آپ کے پاس
نہیں آئے ۔

**ننھے خاں** ۔ مگر میں بارہ آنہ من سے ایک
چھدام کم نہیں لیتا ۔

**جمن** ۔ جناب اس مضمون کو چھوڑیئے ۔

**ننھے خاں** ۔ نہیں جناب اس سے میں
ایک کوڑی کم نہیں لوں گا ۔

جمن ۔ جناب ہمیں سب حقیقت معلوم ہے۔
ننھے خاں ۔ اگر معلوم ہے تو پھر تکرار کی
ضرورت ہی کیا ۔ میرا یہی نرخ ہے۔
جمن ۔ آپ تو مذاق کر رہے ہیں اور ....
ننھے خاں ۔ جی نہیں میں ہرگز مذاق نہیں
کر رہا ہوں ۔ میں اس سے کم دام نہیں لوں گا ۔
جمن ۔ اب کچھ اور بات کیجئے ۔
ننھے خاں ۔ ممکن ہے آپ کو کوئی اور شخص
مل جائے جو اپنا مال کم داموں میں دیدے ۔ مگر
لکڑی لکڑی میں فرق ہے ۔ اور میری ......
جمن ۔ اب اس بحث کو جانے دیجئے ۔
ننھے خاں ۔ میں حلفیہ کہتا ہوں کہ میں اس سے
ایک کوڑی کم نہیں لوں گا ۔ مرضی آئے لیجئے ورنہ رخصت
جمن ۔ لاحول ولاقوۃ ۔
ننھے خاں ۔ آپ کو یہی دام دینے پڑیں گے
میں نے صاف صاف کہہ دیا ہے ۔ گراں فروشی سے
مجھے عار ہے ۔
ابھی نواب سید کلب علیخاں بہادر سریر آرائے حکومت تھے کہ ولی عہد بہادر نواب سید مشتاق علیخاں کے کاشانۂ اقبال میں ۲۹ ر رجب ۱۲۹۲ھ ہجری مطابق ۱ ر اگست ۱۸۷۵ء کی ساعت سعید میں اس ماہتاب نے طلوع کیا جو بعد کو آفتاب بن کر چمکا اور جس کی انوار باریٔ جود وسخا سے رامپور تو رامپور بیرون ہند تک کی ظلمت گاہیں جگمگائے بغیر نہ رہ سکیں۔

سید محمد جعفر رئیس شمس آباد نے قطعہ تاریخ لکھکر گزرانا -

یوسف لقا نواب کا روشن قمر پیدا ہوا     مسند نشیں پیدا ہوا لخت جگر پیدا ہوا
شگل رجب انتیسویں پہر دوپہر کی ماہ نو     فالی حسب آصف نشان فرخ سیر پیدا ہوا

حقیقتاً چوتھا مصرعہ تاریخ کیا تھا گویا الہام تھا کہ لفظ بلفظ صحیح ہو کر رہا - ظاہرا مقدر کو دیکھیے کہ ابھی سفر زندگی کی وہ ہی منزلیں طے کر پائی تھیں کہ خلد آشیاں کا سایہ سر سے اٹھ گیا - جب نواب مشتاق علیخاں راہیٔ ملک بقا ہوئے تو اُس وقت نواب حامد علیخاں بہادر کی عمر صرف چودہ سال اور کچھ ماہ کی تھی لیکن تاہم تاجپوشی کی مبارک تقریب کے موقع پر جو الفاظ ممدوح نے مسٹر نیل قائم مقام ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کی تقریر کے جواب میں فرمائے وہ انکی قدر

امید افزا تھے کہ تھوڑی دیر کے لیئے وابستگانِ دربِ دولت اور بہی خواہانِ سلطنت میں سے ہر شخص ایک شاندار اور خوشگوار مستقبل کے خوابِ شیریں میں کروٹیں لینے لگا۔ اب اس دُرِ یتیم کی تعلیم و تربیت کی تمامتر ذمہ داری گورنمنٹ انگلشیہ کے کاندھوں پر تھی۔ ۲۰ مارچ ۱۸۸۹ء سے وہ کونسل انتظامی جو نواب عرش آشیاں کے عہد میں قائم کی گئی تھی "کونسل آف ریجنسی" میں تبدیل ہوگئی اور اس کے پریسیڈنٹ صاحبزادہ سید صفدر علیخاں ہوئے۔ وائس پریسیڈنٹ کا عہدہ مدار المہام ریاست جنرل اعظم الدین خاں کو سپرد کیا گیا اور حکومت کے تمام کام بظاہر ان دو افسران و دیگر دو ممبرانِ کونسل کی متفقہ احکام کے تحت میں سرانجام پانے لگے۔ درحقیقت میں جنرل اعظم الدین خاں ہی تن تنہا سیاہ و سفید کے مختار تھے، نواب صاحب کی ذاتِ خاص سے متعلق جو امور تھے اُن کا تعلق بلاواسطہ جنرل صاحب سے رہا۔ گو اہلِ خاندان کو یہ بات کسی طرح گوارا نہ تھی لیکن نواب صاحب بہادر کی تمامتر تعلیم رامپور سے باہر ہوئی و دیگر جدید انتظامات کے ساتھ کپتان کا ٹون صاحب بحیثیت اتالیقِ خاص مقرر ہوئے اور موسم سرما کی جائے قیام بریلی اور گرما کی نینی تال قرار پائی۔ آپ نے علومِ مشرقی و مغربی کی تحصیل میں جس غیر معمولی ذہانت اور لیاقت سے انتہائی دلچسپی کا ثبوت دیا وہ یقیناً دوسرے کے لیئے قابلِ صد رشک تھی۔ اُن کے زمانۂ تعلیم میں جو معاملات گاہ بگاہ حدودِ ریاست میں رونما ہوتے رہے اُن میں سب سے زیادہ اہم واقعۂ قتل جنرل اعظم الدین خاں بہادر تھا جو ۳۰ اپریل ۱۸۹۱ء کو وقوع میں آیا۔ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ نام نہاد ایجنٹ بھی اس سازش میں شریک تھے۔ ۱۶ مئی ۱۸۹۱ء سے کل اختیارات صاحبزادہ سید صفدر علیخاں سے لے لیئے گئے اور ان کی جگہ کرنل ونسنٹ صاحب کا تقرر عمل میں آگیا۔ اب نواب صاحب بہادر قریب قریب تعلیم ختم کرچکے تھے لہذا باایمائے گورنمنٹ فروری ۱۸۹۴ء میں رامپور تشریف لائے اور ۳ مارچ ۱۸۹۴ء کو جملہ متعلقین و متوسلین سے رخصت ہوکر ہزاروں سلامتی کی دعاؤں اور لاکھوں بہترین تمناؤں کے ساتھ سیاحتِ عالم کی نیت سے اپنے عزیز و اقارب اور اپنی محبوب رعایا کا داغِ جدائی سینے میں لیئے گیارہ بجے دن کے وقت بریلی کی طرف روانہ ہوگئے۔ تمام حدودِ ریاست پر ایک اداسی ایک بے کیفی ایک تاریکی مسلط ہوچکی تھی اور ہر چھوٹا بڑا بے چین و متفکر تھا کہ دیکھیے اب وہ دن کب آئیں اور ہماری شامِ رنج و الم صبحِ دل افروز سے کب تک تبدیل ہو۔ ہوتے ہوتے ۱۱ جنوری ۱۸۹۶ء کو رامپور کے گلی کوچوں میں یہ خبر عام ہوگئی کہ عنقریب آفتابِ ابہت و اجلال طلوع ہونے والا ہے چنانچہ ۹ کو عالی جناب امارت پناہ نواب حامد علیخاں

بہادر کی سواری نہایت کروفر و تزک و احتشام کے ساتھ دار السرور رامپور میں داخل ہوئی ۔ تمام شہر میں خوشی منائی گئی اور پبلک کی طرف سے مسرت و انبساط کے بڑے بڑے مظاہرے کیے گئے۔ اب وہ روزِ سعید بھی کچھ دور نہ تھا جبکہ وہ دو رشتہ ہوا رہمیشہ کے لیے ایک رشتۂ اتحاد میں منسلک ہونے والے تھے۔ چنانچہ ۲۲ر اکتوبر ۱۸۹۱ء کو صاحبزادہ حمید الظفر خاں کی تحریک و کوشش سے موجودہ نواب صاحب بہادر جاورہ کی ہمشیرِ کلاں کے ساتھ آپکی نسبت طے پا گئی۔ باراتیوں کی پہلی گاڑی ۱۲ر فروری کو ریاستِ جاورہ کی طرف روانہ ہوئی پھر کیا تھا اسپیشل پر اسپیشل چھوٹنے لگے غرض شادی کے شرکا میں علاوہ عوام کے راجگان و مہاراجگان کی تعداد بھی غیر معمولی تھی - بہاں پر رخصت کی رسم ادا کی گئی اور دُلہن کی پالکی پہ روپیوں اشرفیوں اور جواہرات کی اس قدر بارش ہوئی کہ جاورہ میں آج تک یادگار رہے ۲۱ر مارچ کو برات رامپور میں داخل ہوئی تمام شہر چراغاں کیا گیا اور محلّے محلّے کھانے بٹنے لگے ۔ ۸ و ۱۰ تاریخ تک ضیافتیں ہوتی رہیں۔ حساب لگایا تو اخراجات ۳ ۵ ہزار ہوئے۔

اب وقت آگیا تھا کہ عنانِ حکومت براہِ راست ریاست کے والی کے ہاتھ میں پہونچ جائے۔ ۴ر اپریل کو ایک عظیم الشان دربار کیا گیا اور لفٹننٹ گورنر بہادر نے جو اسی لیئے رامپور تشریف لائے تھے اپنے ہاتھ سے تاجِ سلطنت نواب حامد علیخاں بہادر کے زیبِ سر فرماکر شمشیر کمر سے آراستہ کی۔ جب تمام رسمی فرائض انجام پذیر ہو چکے تو دربار برخاست کیا گیا اور اُس وقت سے کونسل آف ریجنسی کی صدارت نواب صاحب بہادر کی ذاتِ خاص کو منتقل کر دی گئی - حکومت نے جن آرزوؤں اور امیدوں کے ساتھ نواب صاحب کی تعلیم کا بیڑا اُٹھایا وہ سب بفضلِ خدا تکمیل کو پہونچیں - باوجودیکہ اب حامد علیخاں کسی حد تک بااختیار ہو گئے تھے لیکن گورنمنٹ کی دخل اندازیاں اب بھی کوئی غیر موزوں اور بے محل خیال نہیں کی جاتی تھیں - چنانچہ آپ کے حقیقی نانا کو صرف اس بنا پر کہ اُن کی صحبت کا اس نوعمر فرمانروا کی روزمانہ زندگی پر بُرا اثر پڑھنے کا احتمال تھا، رامپور سے علٰحدہ کر دیا گیا۔ یکم جون ۱۸۹۶ء کے سرکاری اعلان کے مطابق نواب صاحب کو اختیاراتِ کاملہ حاصل ہو گئے۔ کونسل آف ریجنسی توڑ دی گئی اور اسحاق خاں صاحب مدار المہام ریاست مقرر ہوئے۔ نواب صاحب نے خود مختار ہوتے ہی پہلا کام جو یقیناً اُن کی خدا ترسی اور رحمدلی پر دلالت کرتا ہے یہ کیا کہ اُن جملہ اشخاص کو جو کسی جُرم کی پاداش میں یا کسی خانگی جھگڑے کے سلسلہ میں رامپور سے معتوب کر کے نکال دیئے گئے تھے اور جن کو

حدود ریاست میں قدم رکھنے تک کی اجازت نہ تھی کامل معافی عطا فرمائی - اسی سال جب قحط کے آثار ظاہر ہونے شروع ہوئے تو نواب صاحب بہادر نے چھ ماہ کی کل مالگذاری یک قلم معاف فرما دی اور تحصیلدار صاحبان کو حکم بھیجدیئے گئے کہ خزانہ سرکاری سے روپیہ لیکر اپنے ماتحت مواضعات کے غلہ گراں قیمت پر خریدنا شروع کر دیں - یوں غلہ بعد کو حکومت کی طرف سے ارزاں نرخ پر فروخت کر دیا جاتا تھا - غرض جس حسن انتظام کے ساتھ حضور پُرنور نے ایسے نازک وقت پر غربا و مساکین کی امداد فرمائی وہ اپنی مثال آپ تھا - اس داد و دہش میں خزانہ کا کافی سے زیادہ روپیہ صرف میں آگیا -

اسحاق خاں صاحب کامل دو سال تک عہدۂ مدار المہامی کے فرائض سرانجام دینے کے بعد نہایت نیکنامی کے ساتھ اپنی خدمات سے سبکدوش ہوگئے - اور اُن کی جگہ مولوی عبد الغفور خاں صاحب ڈپٹی کلکٹر کا تقرر باَیمائے گورنمنٹ عمل میں آیا - موصوف ابتدائے ملازمت سے لیکر اختتام دَور تک جس حُسن و خوبی ولیاقت و سلیقہ کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے میں ساعی و کوشاں رہے وہ کسی باخبر شخص سے پوشیدہ نہیں تاہم کسی بنا پر ۱۹۰۸ء میں آپنے ملازمت سے استعفا دیدیا اور حج کی نیت سے بیت اللہ شریف کی طرف راہی ہوگئے - اور آپ کی خدمات صاحبزادہ عبد الصمد خاں صاحب عرف ابن میاں کو تفویض کر دی گئیں - ۲۰ مارچ ۱۹۰۸ء سے مدار المہامی کا عہدہ توڑ دیا گیا - اور حسب ذیل تقررات عمل میں لائے گئے -

| | |
|---|---|
| (۱) صاحبزادہ عبد الصمد خاں صاحب | چیف سکرٹری |
| (۲) قمر شاہ خاں صاحب | جوڈیشل سکرٹری |
| (۳) عبد المجید خاں صاحب | ریونیو سکرٹری |

چونکہ نواب صاحب بہادر کی پرورش ہز ہائی نس جناب عالیہ منور محل صاحبہ کے آغوشِ عاطفت میں ہوئی تھی جو شیعی المذہب تھیں لہذا جب آپ نے ہوش سنبھالا تو اُنھیں کے نقش قدم پر چلنا شروع کر دیا - عقائد کی پختگی اور پابندی رسوم عزاداری کا یہ عالم تھا کہ ۲۹ ذی الحجہ کی شام کو جس وقت سرکاری تعزیہ توڑے اصلہ پر ہوتا تھا تو خود پاپیادہ استقبال کر کے امام باڑہ میں لاتے تھے شب میں تمام مجالس میں بنفسِ نفیس شرکت فرماتے تھے - ۷ محرم کو جب مہندیاں چڑھائی جاچکتی تھیں اور جملہ دیگر رسوم اختتام پذیر ہوجاتی تھیں تو

اپنے ہاتھ سے وصیا تقسیم فرماتے تھے۔ بارھویں محرم کو بوقتِ عصر سوم کی فاتحہ نہایت خلوص کے ساتھ دلاتے تھے۔ جب جلوس کربلا کو روانہ ہوتا تھا تو تمام حکامِ ریاست، اہلِ خاندان و دیگر معززینِ شہر ہمراہ ہوتے تھے۔ حتیٰ کہ آپ خود بھی پاپیادہ ہاتھ میں علم لیے محل سے پیکر کربلا تک ساتھ جاتے تھے۔ غرض ایام محرم میں شکر خیرات اور نیاز کا وہ عالم ہوتا تھا کہ دیکھنے والی آنکھیں ہی خوب جانتی ہیں۔ ۱۲ محرم تک تمام دفاتر و محکمہ جات میں تعطیل رہتی تھی۔

حضور پُرنور کے مختلف بیگمات سے نو اولادیں ہوئیں۔ جن کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:

(۱) جناب عالیہ کنیز فاطمہ نواب سکندر بیگم صاحبہ عرف نواب بیگم

(۲) عالی جناب حسن علی خاں صاحب

(۳) عالی جناب حسین علی خاں صاحب

(۴) عالی جناب ہز ہائی نس نواب رضا علی خاں بہادر حال والیٔ رامپور

(۵) عالی جناب جعفر علی خاں صاحب

(۶) جناب عالیہ شہزادی بیگم صاحبہ

(۷) جناب عالیہ کنیز بتول صاحبہ

(۸) جناب عالیہ چھوٹی بیگم صاحبہ

(۹) عالی جناب وتن صاحب

نواب صاحب بہادر جہاں اپنے ہم چشم والیانِ ملک میں اور بہت سے اوصاف کے باعث غیر معمولی خصوصیات کے حامل کیے جاتے تھے وہاں داد و دہش کے میدان میں بھی آپ کا نہ رُکنے والا قدم کبھی کسی سے پیچھے نہیں رہا۔ تعلیم سے آپ کو خاص شغف تھا۔ آپ نے علی گڑھ کالج۔ ایجوکیشنل کانفرنس اور ندوۃ العلماء کی حمایت و سرپرستی میں ہمیشہ غایت انہماک اور شاہانہ فیاضی سے کام لیا۔

جب دسمبر ۱۹۱۱ء میں مسلم یونیورسٹی فونڈیشن کمیٹی کے ضروری اور اہم اجلاس بمقام لکھنؤ منعقد ہونا شروع ہوئے تو اُن کے صدر حضور والا نواب سید حامد علیخاں ہی منتخب ہوئے۔ آپ نے جس حُسن و خوبی و کاوش اور حوصلہ مندی

کے ساتھ اپنے فرائض کو سرانجام دیا اُسی کا نتیجہ ہے کہ وہی علی گڑھ کالج جو کسی زمانہ میں ایک چھوٹی سی درسگاہ خیال کیا جاتا تھا آج ایک عظیم الشان دارالعلوم کی شکل میں تبدیل ہو چکا ہے۔ جب فروری ۱۹۱۱ء میں مسلم یونیورسٹی کو روپیہ کی سخت ضرورت تھی تو نواب صاحب نے بروقت بکمال فراخدلی ڈیڑھ لاکھ روپیہ کی گراں قدر رقم یکشت عطا فرما کر اتنا بڑا احسان فرمایا کہ قوم قیامت تک اس سے سُبکدوش نہیں ہو سکتی۔ جو تار عالی جناب نواب صاحب نے بسلسلۂ مراسلات متعلق مسلم یونیورسٹی ایجنٹ حیدرآباد کو دیا اُس کی نقل حسب ذیل ہے۔

"ہز ہائی نس سر آغا خاں اور ہندوستان کے مسلمانوں نے مجھ سے خواہش کی ہے کہ یونیورسٹی کے مسئلے کے متعلق ہز ہائی نس نظام سے ملاقات کروں اور حیدرآباد میرا آنا بحیثیت ایک والیٔ ملک کے نہ ہوگا بلکہ ایک مسلمان اور مسلم ایجوکیشن کی تائید میں ایک ناچیز کام کرنے والے کی حیثیت سے ہوگا۔"

مندرجۂ بالا تحریر سے صاف ظاہر ہے کہ نواب حامد علیخاں بہادر مسلمانانِ ہند کی تعلیم سے کس قدر دلچسپی لیتے تھے اور اس کارِ خیر میں کس قدر تندہی اور جانفشانی کو عمل میں لاتے تھے۔ آپ کی دریادلی اور فیاضیوں کے افسانے کچھ علی گڑھ ہی تک محدود نہیں رہے بلکہ اطراف و جوانبِ ہند کا ہر گوشہ اور ہر ناویہ آپ کی مدح طرازی سے آج تک لبریز ترنم ہے۔ چنانچہ بریلی کے اسلامیہ مڈل اسکول کے چندے میں کہ اب ہائی اسکول ہوگیا ہے ۱۹۱۳ء میں علاوہ قطعۂ اراضی عمارت اور ایک مستقل سالانہ امداد کے دس ہزار روپیہ نقد عطا فرمائے۔ جب ۱۹۱۸ء میں قحط پڑا تو کیفیاتِ مصائب سے متاثر ہوکر ایسے مواقع پر امدادِ عامہ کے لیے پچاس ہزار سالانہ ہمیشہ کے لیے وقف کر دیے۔ نمائشِ الٰہ آباد کے چندے میں بیس ہزار روپیہ کی گراں بہا رقم مرحمت فرمائی۔ جب لکھنؤ میں زنانہ اسکول قائم کرنے کی تحریک شروع ہوئی تو حضور ممدوح نے بھی چالیس ہزار کی ایک رقم یکشت عنایت فرمائی۔ شیعہ کالج لکھنؤ کا سنگِ بنیاد اپنے ہاتھ سے رکھا اور فوراً دو لاکھ روپیہ نقد اس کے فنڈ میں عطا فرما دیا۔

آپ کے فیضانِ کرم سے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، شیعہ کالج لکھنؤ اور طبیہ و ویدک کالج دہلی خصوصاً اور ہندوستانی میرس میوزک کالج اور ہندوستان کے اور بہت سے علمی و فنی ادارے عموماً تادمِ آخر فیضیاب ہوتے رہے۔ نواب صاحب فطرتاً نہایت فراخدل، عالی ہمت اور بلند حوصلہ واقع ہوئے تھے جود و سخا کے باب میں اگر آپ کو نوشیروانِ ثانی کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا۔ آج تک بیرونجات کے ہزاروں خاندان آپ ہی کے شاہانہ کرم کے سہارے عیش و آرام کی زندگی

گزار رہے ہیں۔ نواب صاحب کی ذاتِ والاصفات میں وہ تمام اوصاف مجتمع تھے جو انسانی شرافتِ نفس کا طرۂ امتیاز خیال کیے جاتے ہیں اور جن کو نیک نیتی، زندہ دلی، رحمدلی، محبتِ عامّہ اور حق پسندی کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔ تعمیرات کا اس قدر شوق تھا کہ جب تک زندہ رہے یہ سلسلہ ایک روز کو بند نہ ہوا۔ پرانے طرز کے محلات کو منہدم کرا کے اُن کی جگہ نئی نئی کوٹھیاں اور محلات تعمیر کرائے گئے اور نئے نئے باغات لگائے گئے۔ رفاہِ عام کے لئے کوتوالی عمارت عدالت اور عمارتِ کچہری صدر کے علاوہ جامع مسجد۔ امام باڑے۔ مٹن گنج ہسپتال اور ہائی اسکول وغیرہ وغیرہ کئی جدید عمارتیں تیار کرائی گئیں۔ بجلی اور تار برقی کے محکمے بغیر کسی محصول کے جاری کر دیئے گئے۔ اور بہت سے دیگر محصولات مثلاً پرمٹ چوکیواری کے قطعاً معاف کر دیئے گئے۔

چونکہ طبیعت فطرۃً رنگین پائی تھی لہٰذا حکم ہوا کہ ۲۱ مارچ کو تمام دفاتر اور محکمہ جات میں تعطیل ہوا اور جشنِ نوروز نہایت اہتمام کے ساتھ منایا جایا کرے۔ اس کے علاوہ سال کے مخصوص موقعوں پر اور بہت سے میلے بھی ترتیب دیئے جانے لگے جن کے ساتھ زنانہ بازار بھی لگتے تھے۔

نواب صاحب کی خاص خوبی جو آپ کو تمام والیانِ ملک سے حقیقتاً ممتاز کیے ہوئے تھی وہ آپ کی مہمان نوازی اور خاطر داری تھی۔ آپ کے دسترخوان کی وسعت کا اندازہ اس سے بخوبی ہو سکتا ہے کہ شہر و بیرونجات کے سیکڑوں شرفا جو زمانے کی ناسازگاری سے فاقہ زدہ ہو جاتے تھے اور نوبت فاقوں تک پہنچ جاتی تھی۔ بغیر کسی روک ٹوک کے سرکاری مہمان خانوں میں آکر مہمان ہو جاتے تھے اور مہینوں نعمت ہائے گوناگوں سے سیر ہوتے رہتے تھے غریب سے غریب اور بڑی بڑی ہستیوں کو آپ کا مہمان ہونے کا فخر حاصل رہا ہے۔ اور یہ صرف خاطر و مدارات اور وسعتِ اخلاق ہی کا سبب تھا کہ جو ایک مرتبہ بھی آپ کا مہمان ہو گیا وہ پھر عمر بھر آپ ہی کا کلمہ پڑھتا رہا۔ گفتگو بہت پُرلطف اور ہمیشہ انبساط کا پہلو لیئے ہوتی تھی۔ پژمردگی اور افسردگی سے سدا کا بُعد تھا۔ بُردبار، صابر اور ہمت اس بلا کے تھے کہ جوان اولادیں آنکھوں کے سامنے سے اُٹھ گئیں مگر پیشانی پر کبھی شکن تک نہ آنے پائی۔ وہی شگفتگی، وہی شادابی۔ وہی زندہ دلی۔ فنِ موسیقی میں اس قدر کمال حاصل تھا کہ بڑے بڑے اُستاد آپ کے سامنے زانوئے ادب تہ کرتے تھے۔ ہندوستان کا کوئی ماہرِ فن ایسا نہ ہوگا جس نے اس دربار سے دادِ فن نہ پائی ہو اور انعام و اکرام سے مالا مال ہو کر نہ گیا ہو۔

نواب صاحب خلد آشیاں کا قول تھا کہ "ہمارے بعد ریاست کا نام یہی روشن کریں گے۔" چنانچہ یہ پیشین گوئی بھی حرف بحرف صحیح ثابت ہوئی اور بالآخر ۱۹۱۲ء میں گورنمنٹ انگلشیہ کے ایک ذمہ دار اور اعلیٰ افسر کو ریاست کی سالانہ رپورٹ میں تبصرہ کرتے ہوئے لکھنا ہی پڑا کہ "نواب صاحب بہادر کی حکومت انتظامی قابلیت نہایت اعلیٰ رکھتی ہے۔"

جہاں آپ کے اعلیٰ اور بلند پایہ کیرکٹر میں اور بہت سی خصوصیات نہایت شاندار اور انمول تھیں وہاں آپ کی خدا ترسی۔ رحمدلی۔ رعایا پروری اور بے تعصبی بھی کسی طرح کم نہ تھیں۔

بغیر کسی مذہبی ملی یا قومی اختلاف کو دل میں جگہ دیئے ہوئے آپ بڑی کاوش و محنت کے ساتھ عدالت العالیہ کے فیصلوں کے بعد اکثر و بیشتر مقدمات کی اپیلوں کو بذاتِ خود سنتے اور حکم لکھواتے تھے اور گاہے گاہے افواج کی قواعد و دیگر محکمہ جات کا معائنہ بھی فرماتے تھے۔ آپ کے عہدِ معدلت گستر کی سب سے بڑی شان رحم اور چشم پوشی تھی۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ حصول داد و دہش میں آپ کے بدخواہ بھی خواہان وابستگانِ دامنِ دولت سے بازی لے گئے ہیں۔ آپ کے زمانۂ حکومت میں جب سے کہ حضور جنت مکان نے اختیاراتِ کلیہ ہاتھ میں لیئے تھے آخر وقت تک کسی قسم کا کوئی جھگڑا اقتصادی، مذہبی یا تمدنی حدودِ ریاست میں وقوع میں نہیں آیا۔

یہ پہلے کہا جا چکا ہے کہ سرکار جنت مکان کوئی معمولی ماہرینِ فنِ موسیقی نہیں تھے اور جملہ فنونِ لطیفہ میں آپ کو کم و بیش دخل حاصل تھا۔ لیکن تاہم خصوصاً جو چیز آپ کو بزرگوں سے وراثت میں ملی تھی وہ شاعری تھی۔ چونکہ ولادت نواب کلب علیخاں خلد آشیاں جیسے نکتہ آفریں شاعر "شاعر نوازِ حکمراں کے عہد میں ہوئی تھی لہذا اُس زمانے کے بہترین ادبا و فضلا کی شب و روز کی صحبتوں نے اور بھی سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ منشی امیر احمد صاحب مینائی کے فرزند محمد احمد صاحب مینائی المتخلص بہ قمر سے تلمذ اختیار کیا اور رشک تخلص کے ساتھ شعر کہنے لگے۔

چونکہ طبیعت فطرتاً من چلی اور رنگین واقع ہوئی تھی لہذا طبیعت کی موزونیت کے لحاظ سے شعر گوئی کو غزلیات ہی تک محدود رکھا اور شروع ہی میں وہ جوہر دکھائے کہ اُستاد تو اُستاد تمام دربار سر دُھنے لگا۔ نموناً ایک غزل نقل کی جاتی ہے۔

---

# غزل

کیا چیز ہے وقت کم سِنی کا | کچھ خوف نہیں بُری بھلی کا
کیوں مست ہی فصلِ گل میں بلبل | کیوں رنگ ہی اِسپہ بیخودی کا
رونے میں اثر نہیں ہمارے | اس پر بھی گمان ہے ہنسی کا
کہتی ہے ادا سے اُس کی شوخی | کٹ جائے گا اب گلا کسی کا
ہوتے ہی جُدا کسی سے افسوس | جاتا رہا لُطف زندگی کا
دل لے کے بھلا مُکرتے ہو کیوں | بتلاؤ تو خوف ہے کسی کا
رونا ہے کبھی، کبھی ہے جلنا | اُلفت میں تو ہے مزا اسی کا
آنکھوں سے لہو بہا ہے برسوں | یہ رنگ ہے اپنی عاشقی کا

اے رشکؔ کلام میں تمہارے
انداز نیا ہے شاعری کا

ہز ہائی نس کے کلام میں جو خصوصیت سب سے زیادہ نمایاں اور ممتاز ہے وہ معاملہ بندی محاورات کا برمحل استعمال اس طرح کہ بندش کی چستی ہاتھ سے نہ جائے اور زبان کی صفائی اور بے تکلفی ہے۔ اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ ریاستِ رامپور کا سا عظیم الشان کتب خانہ شاید ہی کسی دیسی ریاست میں جو تو ہو ورنہ قلمی نسخہ جات کے لحاظ سے ہندمیں نہیں تو صوبۂ ہذا میں عدیم المثال ضرور ہے۔

آپ کی کتب بینی و وسعت مطالعہ کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ باوجودیکہ آپ نے ایک عرصہ سے کتب بینی کے مشاغل سے معذوری اختیار کر لی تھی ضرورۃً کبھی اچھی طرح یاد تھا کہ فلاں کتاب فلاں الماری میں فلاں جگہ رکھی ہے اور فلاں نسخہ فلاں الماری میں رکھا ہے اور اکثر جب کبھی کسی فاضل یا ملد وست بزرگ سے کسی علمی بحث میں الجھ جاتے تھے تو کتابوں کا بلکہ صفحوں کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بھی فرما دیا کرتے تھے کہ وہ کتاب آپ کو کتب خانہ کے فلاں کونے میں جو الماری رکھی ہے اُس کے فلاں خانے میں فلاں جگہ ملے گی۔

مندرجہ بالا حقیقت سے پتہ چلتا ہے کہ حضور نواب صاحب کا مذاقِ کتب بینی کتنا وسیع اور حافظہ کس قدر زبردست تھا۔

یہ بات کس قدر محیر العقول اور قابل قدر ہے کہ ایک ہی شخص بیک وقت ایک کامیاب حکمراں ایک اعلیٰ فاضل ایک بلند پایہ شاعر اور ایک ماہر فنِ موسیقی ہو۔ یقیناً نواب صاحب جنت مکاں اگر ایک طرف گورنمنٹ کی نظروں میں نہایت ممتاز اور قابلِ عزت خیال کیئے جاتے تھے۔ اور کوئی سال ایسا خالی نہیں جاتا تھا کہ حضور پُر نور پر حضور شہنشاہِ معظم کی سالگرہ و نوروز کے مواقع پر قومی اعزازات و دیگر خطابات کی بارش نہ ہوتی ہو تو دوسری طرف عام لوگوں کے دل آپ کی محبت اور عقیدت سے لبریز نظر آتے تھے اور اس قسم کے مظاہرے سال کے مخصوص موقعوں پر اکثر پبلک کی طرف سے ہوتے رہتے تھے اور آج اگر ایک طرف نواب صاحب کی وفاتِ حسرت آیات نے پہاسو چمیز میں ایک غمگین سکوت ایک درد آمیز خاموشی ایک ماتم خیز اداسی مسلط ہے تو دوسری طرف انجمن ہائے ماتمۂ نالہ و فریاد اور آہ و بکا کی بیا تک اور فلک دوز شور و غوغا سے محشرستاں بنی ہوئی ہیں ؎

اس طرح جی کہ بعد مرنے کے
یاد کوئی تو گاہ گاہ کرے

"ماخوذ"

# دعائے مرگ

(از مسودۂ زیارت حضرت جوش ملیح آبادی)

کر قطع نخلِ عمر گلستاں کا واسطہ
یا رب بہارِ عالمِ امکاں کا واسطہ

اب آفتابِ عمر کو دے رخصتِ غروب
تجھکو طلوعِ صبحِ درخشاں کا واسطہ

کام و دہن کو موت کی تلخی سے کر دوچار
شکر فشانیٔ لبِ خوباں کا واسطہ

اب طولِ زندگی سے مجھے کر نہ شرمسار
بالیدگیٔ زلفِ پریشاں کا واسطہ

یا رب بہارِ عمر کو دے اب خزاں کا درس
موجِ نسیم و طبعِ گلستاں کا واسطہ

کربِ فنا و تشنگیٔ مرگ کر عطا
عمرِ مسیح و چشمۂ حیواں کا واسطہ

اب چشمِ تر سے چھین بھی لے نورِ زندگی
اہلِ نظر کے دیدۂ حیراں کا واسطہ

اب قیدِ آب و گل سے رہائی کا دے پیام
تجھکو مآلِ شاہدِ کنعاں کا واسطہ

بادِ اجل سے جلد بجھا دے چراغِ عمر
پچھلے پہر کے نجمِ پُر افشاں کا واسطہ

ظرفِ گلو سے توڑ بھی لے گوہرِ حیات
یا رب نزولِ قطرۂ نیساں کا واسطہ

ایفا کر اب اجل کا کیا تھا جو تو نے عہد
شیریں لبوں کی لغزشِ پیماں کا واسطہ

دے روزِ گرمِ زیست کو اب حکمِ اختصار
تجھکو درازیٔ شبِ ہجراں کا واسطہ

زہ قامتِ حیات پہ کر اب کمانِ مرگ
تجھکو بلندیٔ قدِ خوباں کا واسطہ

دے روشنی جبیں کو پسینے سے موت کے
سیمیں تنوں کی تابشِ افشاں کا واسطہ

اب فکرِ زندگی سے فراغت کی دے نوید
تجھکو فریبِ وعدۂ جاناں کا واسطہ

چٹکی سے چھوڑ ناوکِ ہستی شکار کو
رنگیں رخوں کی جنبشِ مژگاں کا واسطہ

اب نشۂ حیات سے دے جوش کو فراغ
تجھکو خمارِ نرگسِ جاناں کا واسطہ

# حسن بن صباح

عبدالعلیم صاحب نامی

"اساسن" انگریزی لغت کا ایک لفظ خیال کیا جاتا ہے لیکن بہت کم لوگ اس سے واقف ہیں کہ یہ عربی زبان کا ایک لفظ ہے جو انگریزی کے قالب میں ڈھال لیا گیا ہے۔ اس کا تعلق ایران کی اُس عظیم ترین ہستی سے ہے جو پہاڑی شیخ (شیخ کوہی) کے نام سے تاریخی صفحات میں نظر آتی ہے۔ تعجب کی بات نہیں بلکہ واقعات کی بے ترتیبی قسمت کی بدنصیبی ہے کہ ایک ہی کان کے دو ہیرے کبھی شاہی تاج کو زینت بخشتے ہیں اور کبھی ہاون دستہ کی زد سے محفوظ نہ رہ کر سرمہ بنتے ہیں۔ ایک ہی شاخ کے دو پھول کبھی کسی حسین کے سینے کو رونق بخشتے ہیں اور کبھی امواج کی لہروں میں آکر یا کسی ناشاد کی مٹھیوں میں دب کر اپنی سیاہ بختی کا ثبوت دیتے ہیں اور کچلے جاتے ہیں یہ میری بدقسمتی ہے۔ قسمت کا جہاں تک تاریخی صفحات سے تعلق ہے اس نے کبھی انسان کو اتنا برداشتہ خاطر نہیں کیا جتنا پانچویں صدی ہجری میں امام موفق الدین ان بزرگ ترین ہستیوں میں سے تھے جن کی شہرت دور دراز ملکوں تک پھیلی ہوئی تھی اور جس نے سیکڑوں طلبا کو ان کے مکتب کی طرف متوجہ کر دیا تھا۔ انہی میں تین ایرانی جوان بھی تھے جن کو کبھی اس بات کا خیال تک نہ گزرا تھا کہ وہ بقائے دوام حاصل کریں گے یا انتہا تک اپنا روشن نام چھوڑ جائیں گے۔ ان میں دو حسن تھے اور تیسرا عمر وہ آپس میں انتہائی دوست تھے اور اس دوستی نے رفتہ رفتہ یک رنگی کی صورت اختیار کر لی تھی۔ یہی وہ ہستیاں ہیں جو دنیا میں اپنے اپنے موقعوں پر کامیاب رہیں اور اُنھوں نے وہ نام چھوڑا جو آج تک عزت سے لیا جاتا ہے۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ اُنھوں نے خدا کو درمیان دے کر قسمیں کھائیں کہ اگر ان میں سے کوئی معزز عہدے پر پہونچے یا دولتمند بنے تو باقی ماندہ کو اپنا شریک کار بنائے۔ درس ختم ہوا اور وہ مختلف سمتوں کو اپنی قسمت آزمائی کے لیئے روانہ ہو گئے۔ ان میں سے ایک حسن شاہ سلجوق کے دربار میں پہونچا اور اپنی خداداد ذہانت کی بدولت جلد وزیر اعظم کے درجہ تک ترقی کر گیا۔ شاہ نے نظام الملک طوسی"

کا خطاب بخشا اور اس کو اس کی انتھک کوششوں کے صلے میں بہت کچھ انعام و اکرام عطا کیا۔ یہ وہی شخص ہے جو مدرسۂ نظامیہ کا بانی تھا اور جس کا نام اب تک عزت و عظمت کے ساتھ لیا جاتا ہے اور اُس کی اسلامی خدمات سے آج تک تاریخی صفحات روشن ہیں۔ دوسرا شاگرد جس کا نام عمر تھا عمر خیام کے نام سے یاد کیا جاتا ہے وہ اپنے زمانہ کا ایک جدت پسند فلسفی زبردست ریاضی داں، قابل ہیئت داں اور شاعر تھا۔ اور جس کی رباعیات آج تک دنیا کو محو حیرت کرتی ہیں اور اس کو غیر فانی شہرت کا مستحق بناتی ہیں اور جس کو پارسی اب تک بہ نظرِ احسان دیکھتے ہیں کیونکہ اسی نے ان کی تقویم پارینہ کو از سرِ نو زندہ کیا اور ترمیم و تنسیخ کے بعد قائم کیا۔ تیسرے شاگرد کا نام حسن تھا جو حسن بن صباح کے نام سے تاریخ میں یاد کیا جاتا ہے۔ یہ دونوں سے زیادہ قابل اور اُستاد کا مایۂ ناز شاگرد تھا۔ ان میں نظام الملک پہلا شخص تھا جو وزیر اعظم کے درجہ پر پہونچا اور شاہ سلجوق کا منظورِ نظر بنا۔ عمر خیام بھی بہت جلد ملک الشعراء کے درجہ پر ممتاز ہو گیا اور ایک خوب صورت باغ اور بہت سی جائداد کا عطیہ شاہ سے حاصل کیا۔

## مسلمانوں کی خفیہ جماعت

خفیہ جماعتیں آجکل بہت مفید ثابت ہو رہی ہیں اور دنیا کے تمام ملکوں میں ان کا ایک وسیع جال پھیلا ہوا ہے۔ جہاں تک تاریخی داستانوں سے اس کا تعلق ہے پیغمبر سلیمان اس کے بانی نظر آتے ہیں لیکن اس کا کوئی کافی ثبوت موجود نہیں ہے۔ غالباً مسلمانوں کو یہ سُن کر تعجب ہوگا کہ مسلمانوں کی پہلی خفیہ جماعت افریقہ میں قائم ہوئی اور اس کا بانی ایک اسماعیلی تھا۔ مصر کے فاطمی خلفاء اس کے معاون تھے۔

اسماعیلی فرقہ نے اپنی کامیابی اس وقت کی ملکی فضاء میں مضمر دیکھی جب ایک شخص دوسرے کا جانی دشمن تھا ملک میں بدامنی پھیلی ہوئی تھی۔ دربار سازشوں کا آماجگاہ بنا ہوا تھا اور مسلم خون سے حاصل کی ہوئی زمینیں ٹکڑوں ٹکڑوں میں تقسیم ہو رہی تھیں۔ اس جماعت میں صرف وہی لوگ شامل ہو سکتے تھے جو قرآن پر قسم کھاتے اور اس کے تمام آئین و قوانین پر عمل کرنے کا وعدہ کرتے۔ قروان میں ان کا دفتر تھا لیکن کچھ عرصہ بعد قاہرہ جو خلفائے فاطمی کا

---

علـہ دوسرے تاریخداں امام موافق لکھتے ہیں ملاحظہ ہو انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا جلد ۱۹ صفحہ ۱۰۰۔ ہارمسورتھ یونیورسل انسائیکلو پیڈیا جلد صفحہ ۵۰۴۔ ایوری مینس جلد ۱۰ ابن خلقانس بائیگرافکل ڈکشنری جلد سوم۔ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام مولفہ ہاسماونسک۔ کیسلس لٹ آف تاریخ جلد چیمبرس بائیگرافکل ڈکشنری صفحہ ۰۰۰۔ رباعیات عمر خیام مطبوعہ میکملنس۔ رباعیات عمر خیام مؤلفہ و مترجمہ فزجیرلڈ۔ رباعیات عمر خیام مؤلفہ حافظ جلال الدین احمد و مترجم

ہیڈکوارٹر تھا، تبدیل کر دیا گیا۔ ان کا افسرِ اعلیٰ "داعی الدرجات" کہلاتا تھا اور موجودہ زمانہ کے گرانڈ ماسٹر سے مشابہ تھا لیکن اس کے زیرِ اقربت سی دوسری قومیں بھی تھیں جن کو وہ نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیتا تھا۔ یہ جماعت ہفتہ میں دو مرتبہ یکجا ہوتی اور انتہائی راز کے ساتھ معاملات طے کرتی۔ المامقریزی کا بیان ہے کہ یہ سات حصوں پر تقسیم تھی لیکن قاہرہ میں تبدیل ہونے پر اس میں دو حصوں کا اور اضافہ کر دیا گیا۔ اس میں داخل ہونے والوں کو جو داعی کہلاتے تھے اس بات کی قسم کھانی پڑتی تھی کہ وہ اپنے افسرِ کا حکم مانیں گے۔ جس بات کی فرمائش کی جائے گی اُس سے منکر نہ ہوں گے اور نہ آپس میں لڑیں گے۔ اس کے بعد اُن کو مقاصد کی تلقین کی جاتی تیسرے عہدے پر اسماعیلیہ مذہب کے ارکان بتلائے جاتے۔ سات اماموں کا ماننا اور اسمٰعیل بن جعفر صادق کو رُکنِ اعظم جاننا۔ خدائی کے چوتھے عہدے پر خدا کے سات پیغمبروں پر ایمان لانا بتلایا جاتا یعنی آدم، نوح، ابراہیم موسیٰ، عیسیٰ، محمد اور اسمٰعیل بن جعفر صادق اور یہ عقیدہ کہ اُن کے ثانی ان کے کاموں میں پوشیدہ امداد کرتے ہیں۔ جعفر صادقؒ کے بعد اُن کے پوشیدہ اماموں میں اضافہ ہونا شروع ہوا۔ ہر ثانی کے پاس بارہ داعی ہوتے جن کی تعلیم پانچویں عہدے تک ہوتی تھی۔ چھٹے عہدے کی یہ تلقین تھی کہ شریعت کے احکام فلسفہ اور دلائل کے رو سے صحیح اور اصول پر مبنی ہیں۔ ساتویں کا مقصد اُن کو خفیہ اشارات و نشانات سے آگاہ کرنا تھا۔ آٹھویں کا خیال مین یکجہتی اور عمل میں یکسانی پیدا کرنا۔ نویں نے ان کو تلقین دلایا جتلا کہ بسوائے داعیوں کے اور کسی کے احکام نہ سنیں اور اسی پر پوری توجہ دیں اور جس طریقہ سے اُن کو حکم دیا جائے ویسا عمل کریں۔

## حسن کی ابتدائی زندگی

حسن بن صباح کی روانگی کے وقت یہ فرقہ اپنا کام نہایت اطمینان بخش طریقے سے کر رہا تھا اور اس کا اثر دور و نزدیک اور روز بروز پھیلتا جاتا تھا۔ اس کے داعی خاص خاص مقاموں پر تعینات تھے اور اُس کی بڑھی ہوئی قوت کو اور مستحکم بنا رہے تھے۔ حسن بن صباح اثناء عشریہ سے تعلق رکھتا تھا۔ تعلیم ختم کرنے کے بعد وہ اِدھر اُدھر گھومتا رہا لیکن حسب منشا ملازمت نہ ملی۔ اسی دوران میں اس کو معلوم ہوا کہ اس کا پرانا دوست حسن "نظام الملک" وزیرِ اعظم کے درجہ تک ترقی کر گیا ہے وہ شاہ سلجوق کے دربار میں پہونچا اور اس کو پرانا وعدہ یاد دلایا۔ نظام الملک ایماندار آدمی تھا اپنے دوست کا خوشی کے ساتھ استقبال کیا اور شاہ سے سفارش کر کے اُس کو ایک معزز عہدہ دلوایا۔ لیکن حسن کینہ فطرت تھا اور یہ

نہ دیکھ سکتا تھا کہ اس کا دوست اس سے اعلیٰ منصب پر تعینات ہو۔ ایک دن شاہ نے نظام الملک کو حکم دیا کہ اس کے تمام ملک کا حساب و کتاب جلد سے جلد تیار کرے۔ سلطنت چونکہ وسیع تھی اور حساب کتاب شاہی خزانہ میں ترتیب سے رکھا نہ جاتا تھا اس لیے اُس نے دو سال کی مہلت طلب کی لیکن حسن بن صباح نے جو اُس وقت دربار میں موجود تھا عرض کیا "حضور میں چالیس دن کے اندر اس کام کو انجام دے سکتا ہوں"۔ شاہ متعجب ہوا اور وزیر حیرت سے اُس کا منہ تکنے لگا۔ شاہ نے اُس کی قابلیت کا امتحان لینے کے لیئے کام سپرد کر دیا۔ چالیس دن کے اندر اُس نے یہ عظیم الشان کام پورا کر دیا اور چالیسویں دن ہی کھاتوں کے ساتھ دربار میں حاضر ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ نظام الملک نے حسن کے پرائیویٹ کلرک کو لے دے کر اس بات پر راضی کر لیا تھا کہ وہ صفحات کو سادہ چھوڑ دے اور اس طریقے سے حسن شاہ کو اطمینان بخش جواب نہ دے سکے اور خفگی کا باعث ہو۔ اگر حسن اس کام کو پورا کر دیتا تو نظام الملک کا زوال لازمی تھا۔ شاہ نے خوشی کا اظہار کیا لیکن جب سوالات پیش ہوئے تو اُس نے بجائے جواب دینے کے صفحات کا حوالہ دیا۔ نظام الملک آگے بڑھا اور عرض کیا "حضور عالی! عقلمندوں کا شیوہ ہے کہ اس جیسے عظیم کام کے لیے کافی وقت طلب کرتے ہیں لیکن بے وقوف اس مقام پر اپنا اثر جمانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جہاں فرشتے تک آہستہ چلتے ہیں"۔ حسن بے عزتی کے ساتھ دربار سے نکال دیا گیا۔

حسن اس شکست سے پژمردہ یا برداشتہ خاطر نہ ہوا بلکہ پائے استقلال کو اور زیادہ مضبوطی سے گاڑ دیا اور شام سے اصفہان کی طرف روانہ ہو گیا۔ مدتوں ایک جگہ سے دوسری جگہ پھرتا رہا۔ اسی دوران میں وہ اسماعیلیہ داعیوں سے ملا اور اُس نے دوستی پیدا کی جو رفتہ رفتہ بیعت میں تبدیل ہو گئی۔ اس سے کہا گیا کہ وہ قاہرہ میں خلیفہ مستنصر باللہ اسماعیلیہ امام سے ملے۔ اُس نے ایسا ہی کیا اور اپنی خداداد قابلیتوں کی بدولت ایک عہدے سے دوسرے عہدے پر جلد جلد ترقی کرنے لگا۔ اس سے دوسروں کو حسد ہوا اور اُنھوں نے ایک شب ایک جہاز میں جو شمالی افریقہ جا رہا تھا بند کر کے روانہ کر دیا۔ جہاز سمندر کی طوفانی موجوں میں گرفتار ہو گیا اور ایک عرصہ تک فٹ بال کی طرح زبردست لہروں پر اُچھلتا رہا۔ تمام ملاح جان سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے اور

گڑگڑا کر دست بدعا تھے لیکن حسن خوش تھا گویا وہ سمندر کے غضب سے بے خبر ہے اُس نے دوسروں کو بھی خوش کرنے کی کوشش کی اور کہا "ڈرتے کیوں ہو۔ خدا نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ہم کو ڈوبنے نہ دے گا" کہا جاتا ہے کہ اس نے یہ جان کر کہا کہ اگر جہاز ڈوبے گا تو سب تباہ ہو جائیں گے اور اس کے ساتھ وہ بھی اگر بچ جائے گا اُس کی فتح ہو گی چنانچہ ایسا ہی ہوا اور جہاز سمندر کی طوفانی لہروں سے نکل کر صاف سطح پر چلنے لگا اب اس کی فتح تھی تمام ملّاح اور مسافر اس کے سامنے سربسجود تھے اور اسمٰعیلیہ فرقے سے بیعت کر رہے تھے۔ اسی طرح اس نے آئندہ سیر و سیاحت میں بے شمار مرید کیے اور آخر میں الملات کی پہاڑیوں میں مقیم ہو گیا۔

## حشاشین یا اساس

حسن نے خود کو ایک مضبوط قلعہ میں محفوظ پا کر ایک نئے فرقہ کی بنیاد ڈالی جو اساس کہلاتا ہے اُس نے اسمٰعیلیہ آئین کو گھٹا کر سات تک محدود کر دیا۔ اس کی قوت روز بروز بڑھنے لگی اور قرب وجوار کی طاقتیں مغلوب ہوتی گئیں۔ الملات (الطاعونت) کے پہاڑی سلسلہ میں بے شمار قلعے تعمیر ہوئے اور خوبصورت محلات، عالیشان حویلیاں جن کے نمونے انسان نے اُس وقت تک دیکھے تھے بنائی گئیں۔ حسن نے تھوڑے ہی عرصہ میں اس غیر آباد خطے کو شاداب بنا دیا اور جنگل میں منگل کا منظر نظر آنے لگا۔ اس کا مقصد در اصل یہی تھا کہ عام نگاہوں سے جدا ہو کر وہ عیش و عشرت کے لوازمات سے مستفید ہو۔ خاص محل کے لیئے بہترین اشیاء مہیا کی گئیں اور ہر شے کو اعلیٰ پیمانہ پر سجایا گیا۔ مزید اضافہ کے لیئے مہ جبیں کنواری لڑکیاں اور حسن کی دیویاں مدعو کی گئیں جن کا کام صرف خوش رہنا اور لوگوں کو خوش کرنا تھا۔ فدائی جو بیعت کے اوّل درجہ سے گزرتے تھے اسی دنیاوی جنت میں لائے جاتے تھے اور اُن کو ایک قسم کا عرق جو حشیش[1] کہلاتا تھا پلایا جاتا تھا جس سے اُن کے ہوش و حواس کھو جاتے تھے۔

---

[1] از قسم بھنگ وافیون ۱۲

چونکہ یہ اُن کو شروع ہی سے ایک بڑی مقدار میں دیا جاتا تھا اس لیئے یہ حشیشی یا افیونی کہلاتے تھے۔ جب فدائیوں کی خواہشات نیم پوری ہو جاتی تھیں تو اسی نیم غشلی میں وہ پہاڑ کے نیچے لایا جاتا تھا اور شیخ کے ہاتھوں کو بوسہ دیتا تھا اور کہتا تھا کہ وہ داعی کا حکم بے چون وچرا بجا لائے گا۔ حسن کا گروہ اُس وقت تین حصوں پر مشتمل تھا (۱) فدائی (پجاری) (۲) رفیق : ساتھی ، (۳) داعی (اعلیٰ) تمام مرید مختلف مقامات پر بیٹھے ہوئے تھے ۔ فدائی ایک جام نوش کرنے کے بعد اپنے شیخ کا ہر وہ حکم ماننے کے لیئے تیار ہو جاتے تھے جس کے لیئے اشارہ ہوتا تھا خواہ اس میں اُن کی جان ہی کیوں نہ ضائع ہو جائے۔ ایسے لوگ عموماً جوان قویٰ کے مضبوط اور بہادر ہوتے تھے اور موت کے ساتھ ایسے ہی کھیلتے جیسے بچے گیندوں سے کھیلتے ہیں۔

فدائی اپنی اس تربیت کی بناپر وہ کام کر جاتے تھے جو دولت اور قوت سے ناممکن تھا۔ وہ مشکلات کا سامنا بہادری سے کرتے تھے اور نتائج کو بالکل خیال میں نہ لاتے تھے۔ ایک فدائی نے نظام الملک کا خاتمہ کیا۔ جس کے متعلق وہ کبھی بدنیتی کا خیال بھی نہ کر سکتا تھا۔ ایک نے سلطان سنجر کے خاص بستر پر اُس کے تکیہ کے نیچے خنجر رکھ دیا۔ اس سے سلطان اس قدر خوف زدہ ہوا کہ اُس پہاڑی شیخ سے مصلحت کر لی جس کو کچھ عرصہ پیشتر بے عزت کر کے دربار سے نکالا تھا۔ صلح کی شرطیں یہ تھیں۔

(۱) اسمٰعیلیہ فرقہ کے لوگ اس کی مملکت میں فوجی قلعہ تعمیر نہ کریں گے

(۲) نئے ہتھیار برآمد نہ کیئے جائینگے۔

(۳) حسن لوگوں کو اپنے مذہب میں داخل نہ کرے گا۔

اس صلح کو قائم رکھنے کے لیئے شاہ کو ایک معقول رقم پہاڑی شیخ کو بطور الاؤنس سالانہ دینی پڑتی تھی۔ حسن نے شرائط کو بخوشی منظور کر لیا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ اس کے تمام کام راز میں ہوتے ہیں۔

**قوت کا استحکام** | حسن اور اس کے حشیشی تمام ایشیا اور افریقہ کے لیے ایک خوف زدہ جماعت بن گئی
اُس کے پجاریوں کی زندگیاں اُس کے معمولی اشاروں پر تھیں۔ سلطان اور شاہ
اُس سے اور اُس کی پوشیدہ جماعت سے خوف زدہ تھے۔ قیمتی جانوں کا تحفظ بیکار تھا۔ حشیشی اپنے زمانے کے
سب سے زیادہ کامیاب قاتل شمار ہونے لگے تھے لیکن حسن کی وفات ۵۱۸ھ کے بعد اُن کی قوت کمزور پڑنے
لگی پھر بھی کئی فاطمی خلیفہ ان کے ظلم وستم کا نشانہ بنے اور بہت سے علماء و فضلاء کی جانیں اُن کے خنجروں کے
نذر ہوئیں ان سے چھپنے کی کوئی جگہ نہ تھی۔ ان کا آنا موت کا آنا تھا اور اُن کا جانا آفتاب کا طلوع ہونا۔

(ترجمہ)

# کہ میں کیا چیز ہوں کیوں ہوں کہاں ہوں کس کا خواہاں ہوں

میں وہ خود کردۂ جوشِ جنونِ فتنہ ساماں ہوں
کہ فیضِ چاکِ دل سے غیرتِ صد صبحِ خنداں ہوں

مزا ہے زندگانی کا اگر مشکِ خود افشاں ہوں
مثالِ بُو چمن زارِ محبت میں پریشاں ہوں

جلا کر خاک کر ڈالا جسے برقِ حوادث نے
وہی میں خرمنِ وابستۂ ارمانِ دہقاں ہوں

مٹا دیتا ہی تابِ مہ کو نورِ عاجزی میرا
جو شرماتا ہے ذرّوں کو میں وہ خورشیدِ تاباں ہوں

زمانے بھر میں ہوں بدنام لیکن یہ نہیں کھُلتا
کہ میں کیا چیز ہوں کیوں ہوں کہاں ہوں کس کا خواہاں ہوں

شہیدِ جستجو ہوں یہ تو عالم آشکارا ہے
نہیں معلوم لیکن جستجو میں کس کی حیراں ہوں

اگر ہے شوقِ نظارا تو وا کر دیدۂ باطن
نہاں ہوں پردۂ ہستی میں لیکن پھر بھی عریاں ہوں

مجھے حاجت نہیں اے چارہ گر کچھ پردہ داری کی
کہ اصلِ حُسن ہوں زیرِ نقابِ حُسن پنہاں ہوں

کیا کوزے میں دریا بند اس نیرنگِ الفت نے
میں تھا کل تک تو اک بے مایہ قطرہ آج طوفاں ہوں

مجھے بے چین کر دیتا ہے کس کا جلوۂ مضطر
میں کس کی اشک ریزی پر الٰہی آج گریاں ہوں

رُلا کر غیر کو سیکھا ہے میں نے نالہ کش رہنا
قتیلِ عشق ہوں زحمت کشِ خود کردہ ساماں ہوں

رہِ الفت میں ہی قطعِ علائق منزلِ اول
بجا ہے میں جو اپنی چاک دامانی پہ نازاں ہوں

دکھا دوں گا اثر دنیا کو اپنی بے قراری کا
جو لرزا دیتی ہے دہقاں کو میں وہ برقِ لرزاں ہوں

نہیں ہے بے سبب یہ زار نالی میری اے بلبل
رُلاتا ہے کسی کو ورنہ میں کیوں آج نالاں ہوں

مٹا دوں گا میں لوحِ دل سے اک اک نقشِ باطل کو
شرارِ عشق ہوں آتش زنِ ہر کشتِ ارماں ہوں

دبائے پھر رہا ہوں دل میں اک احساس کی دُنیا
نہ میں اِس سے گریزاں ہوں نہ میں اُس سے گریزاں ہوں

ہر اک شے ہے مجھے آئینۂ رخسارِ شاہد کا
تہِ چرخِ کہن لذت کشِ صحرا و بستاں ہوں

ریاضِ دہر میں مجھ سے نہیں نا آشنا کوئی
شعاعِ مہر کی صورت میں ہر پتّی پہ رقصاں ہوں

---

میں اہلِ جاہ بھی ہوں صاحبِ اعزاز و ثروت بھی
یہ سب کچھ ہوں مگر زحمت کشِ گردونِ گرداں ہوں

تغیر ہے بنا میرے حصارِ زندگانی کا
ابھی مستورِ غنچہ میں ابھی بوئے پریشاں ہوں

یہ آبادی ہی آبادی یہ بربادی ہی بربادی
ابھی ناواقفِ حسرت ابھی دنیائے ارماں ہوں

ابھی ہوں منظرِ رفعت ابھی پستی کا نظارہ
ابھی شادی کا گلشن ہوں ابھی صحرائے حرماں ہوں

ثباتِ زندگی کو ڈھونڈھتا پھرتا ہوں عالم میں
اسی باعث میں سرگرداں ہوں مضطر ہوں پریشاں ہوں

سکونِ دل مگر نایاب ہے غوغائے ہستی میں
عبث ہے جستجو رفعت کی اے نادان پستی میں

# راستگوئی

(از احمد صاحب برادہ)

راستی را پیشۂ خود کن مدام
تا شوی در ہر دو عالم نیکنام

انسان تنہا رہنے کے لئے نہیں بنایا گیا۔ وہ اپنے دوسرے ہمجنسوں کے ساتھ رہتا ہے اور برادری کا ایک رکن ہونے کی حیثیت سے اس پر چند فرائض عائد ہوتے ہیں جن میں سے ایک سچ بولنا ہے۔ دنیا کے کام ایک دوسرے کے اعتبار پر چلتے ہیں۔ اس لئے اگر سب لوگ جھوٹ بولنے لگیں تو کوئی کسی کے عہد و پیمان کا یقین نہ کرے اور یہ کارخانہ درہم برہم ہو جائے۔

خود غرض اور بزدل آدمی اپنے کسی فائدہ کے لئے جھوٹ بولتا ہے اور اس کے پردہ میں پناہ تلاش کرتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس سے اوّل اوّل اس کو نفع پہنچ جاتا ہے لیکن یہ نفع دیرپا نہیں ہوتا اور بعد کو اس سے جو نقصان پہنچتا ہے وہ اس نفع سے کہیں زیادہ ہوتا ہے۔ جب اس کی قلعی کھلتی ہے تو وہ سب کی نظروں میں ذلیل و حقیر ہوتا اور پھر اس کی کسی سچی بات کا بھی اعتبار نہیں کیا جاتا۔

بعض لوگوں نے سچ بولنے کے لئے بڑی بڑی قربانیاں کی ہیں۔ کیوں کہ وہ اُس کے حقیقی فائدوں سے آگاہ تھے۔ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت منقول ہے کہ آپ ایک مرتبہ دریا میں سفر کر رہے تھے۔ کشتی میں بہت سے آدمی سوار تھے۔ ایک شخص کی اشرفیوں کی تھیلی کسی نے چرالی۔ اُس نے کشتی کے تمام آدمیوں سے باری باری دریافت کیا کہ کیا تم نے میری تھیلی کہیں دیکھی ہے۔ سب نے جواب دیا نہیں۔ جب اُس نے امام صاحبؒ سے یہی سوال کیا تو آپ نے بھی یہی کہہ دیا کہ مجھ کو علم نہیں۔ اس کے بعد اس شخص نے یکے بعد دیگرے سب لوگوں کی تلاشی لینی شروع کی۔ اتفاق سے امام صاحبؒ کے پاس بھی اشرفیوں کی ایک تھیلی تھی۔ جب آپ نے دیکھا کہ وہ شخص لوگوں کی تلاشی لے رہا ہے تو آپ نے چپکے سے اپنی اشرفیوں کی تھیلی کو دریا میں پھینک دیا۔ بس جب آپ کی تلاشی کی باری

آئی تو آپ کے پاس سے کچھ برآمد نہیں ہوا۔ بعد میں آپؒ کے ایک دوست کو یہ حال معلوم ہوا تو اُس نے دریافت کیا کہ آپ نے اپنی اشرفیوں کی تھیلی دریا میں کیوں پھینک دی۔ وہ آپ کی ملکیت تھی اس لئے آپ کو اس کی وجہ سے اندیشہ نہیں پیدا ہونا چاہئے تھا۔

امام صاحبؒ نے فرمایا "بے شک وہ تھیلی میری ہی تھی۔ اور مجھ کو یقین تھا کہ وہ شخص اس کو اپنی ثابت نہیں کر سکتا تھا۔ مگر پھر بھی بعض آدمی مجھ پر بدگمان کرتے اور مجھ کو جھوٹا خیال کرتے۔ اس طرح میری کوئی حدیث اور روایت معتبر نہیں رہ سکتی تھی۔ پس میں نے دروغ گو مشہور ہونے کے مقابلہ میں مفلس ہونا زیادہ پسند کیا۔"

اس روایت سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ سچ کی اہمیت کیا ہے اور جھوٹ سے کس قدر نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جھوٹ تمام برائیوں کی جڑ ہے اور سچائی آدمی کو بہت سے گناہوں سے باز رکھتی ہے۔ جیسا کہ ذیل میں ایک روایت سے ظاہر ہوتا ہے۔

نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے زمانۂ مبارک میں ایک شخص تین سخت گناہوں کا مرتکب ہوتا تھا۔ اوّل وہ چور تھا اور رہزنوں میں شامل ہو کر ڈاکہ ڈالتا اور قافلوں کو لوٹتا تھا۔ دوم شراب نوشی۔ افیون خواری اور قمار بازی وغیرہ افعالِ قبیحہ میں مبتلا تھا۔ اور سوم ہمیشہ جھوٹ بولتا تھا۔ عرصہ تک وہ ان معصیتوں میں گرفتار رہا۔

بالآخر اس کو ہدایت کا وقت آ گیا۔ اس نے اپنے عیوب کو محسوس کیا اور اپنی اصلاح کی طرف توجہ کی۔ لیکن مثل مشہور ہے کہ خصلت فطرتِ ثانیہ بن جاتی ہے۔ اس کی عادتیں اس قدر پختہ ہو گئی تھیں کہ وہ ہر چند ان کو ترک کرنے کی کوشش کرتا تھا مگر ناکام رہتا تھا۔ ندامت کی وجہ سے وہ علماء و صلحاء کے پاس جاتے ہوئے بھی گھبراتا تھا۔

آخر وہ رات کے وقت پوشیدہ طور پر رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنا تمام حال بے کم و کاست بیان کر دیا۔ رسول اللہ صلعم نے فرمایا "میں تمہارے نیک ارادے پر تم کو مبارکباد دیتا ہوں لیکن تمام بری عادتیں یک دم نہیں چھڑائی جا سکتیں۔ جس عمارت کو گرانے میں اس قدر عرصہ لگا اس کو از سرِ نو بنانے میں کتنی مدت درکار ہو گی۔ لہٰذا میں تم کو ایک سہل طریقہ بتاتا ہوں وہ یہ ہے کہ تم اپنی جملہ برائیوں میں سے ایک ایسی برائی منتخب کر لو جس کو تم سب سے زیادہ آسانی سے ترک کر سکو۔ اگر پہلی مرتبہ اس کو چھوڑنے میں ناکام رہو تو ہرگز نہ گھبراؤ بلکہ دوبارہ کوشش کرو۔ اگر اپنے ارادہ میں ثابت قدم اور مستعد رہو گے تو ضرور غالب آ جاؤ گے۔"

یہ سن کر اُس شخص کے دل میں طرح طرح کے خیال گزرنے لگے مثلاً اپنے دل میں کہنے لگا "مے خواری اور قزاقی کی بہ نسبت دروغگوئی کا ترک کرنا آسان ہے۔ اس کے لئے صرف تھوڑی قربانی کی ضرورت ہے۔ لیکن شراب اور چوری کو چھوڑنا بہت دشوار ہے۔ اور اس کے لئے مجھ کو اپنے نفس پر بہت قابو حاصل کرنا پڑے گا۔ میں شراب کا عادی ہوگیا ہوں۔ اس کے بغیر میرا کھانا ہضم نہیں ہوتا اور طبیعت افسردہ رہتی ہے۔ چوری کو چھوڑ دینے میں مجھ کو ملی نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔" میں پہلی صورت کو ترجیح دیتا ہوں۔ اس میں مجھ کو کوئی قربانی نہیں کرنی پڑے گی کیوں کہ جھوٹ بولنا گناہ بے لذت ہے۔ میں رات دن بلا ضرورت بے شمار جھوٹ بولتا ہوں۔ اگر آئندہ نہ بولوں تو میرے کام میں کوئی حرج نہیں واقع ہوگا۔ بلکہ کچھ فائدہ ہی ہوگا۔ کیوں کہ مجھ کو کسی کے سامنے شرمندگی نہیں ہوگی اور سب لوگ مجھ پر اعتماد کریں گے۔ چنانچہ اُس نے بہت غور کے بعد سچ بولنے کی قسم کھائی۔

وہ آدمی راستگوئی کا وعدہ کر کے گھر آیا۔ جب اُس نے حسب عادت شراب کا پیالہ مُنہ سے لگایا تو اس کے ضمیر نے اس کو منع کیا۔ وہ اپنے دل میں خیال کرنے لگا۔ "میں رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کے سامنے سچ بولنے کا حلف اُٹھا کر آیا ہوں۔ اگر وہ مجھ سے شراب کے متعلق کوئی سوال کرنے لگیں تو میں کیا جواب دوں گا۔ میں جھوٹ نہیں بول سکتا۔ اُس وقت مجھ کو بہت پشیمانی ہوگی۔" ان خیالات سے متاثر ہو کر اُس نے شراب پینے سے توبہ کر لی۔

رہزنوں کے ساتھ مل کر لوٹ مار کرتے وقت بھی اس کے دل میں یہی گمان پیدا ہوا۔ جواب دہی سے ڈر کر وہ اس منحوس پیشہ سے بھی دست بردار ہوگیا اور مزدوری اور محنت و مشقت کر کے روزی کمانے لگا۔ پس ایک دروغ گوئی کی عادت ترک کرنے کا یہ نتیجہ ہوا کہ وہ ایک ایمان دار اور پرہیزگار آدمی بن گیا۔

# غزل

(از حافظ حسین صاحب رضاؔ)

شہیدِ عشق کو حاجت نہیں ہوتی چراغاں کی
لحد میں روشنی رہتی ہے شمعِ داغِ ہجراں کی

چلو مینا و ساغر لے کے توبہ توڑنے والو
بہار آئی گھٹا چھائی ہوا بدلی گلستاں کی

اب آگے دیکھیے جوشِ جنوں میرا اور کیا کیا ہو
بہار آتے ہی ہم نے دھجیاں کر دیں گریباں کی

ترا وحشی چمن میں گھوم کر اس شان سے نکلا
بجائے غنچہ و گل ہاتھ میں کلیاں تھیں داماں کی

کبھی بیمارِ غم اچھا نہ ہو گا چارہ سازوں سے
الٰہی دے رضاؔ کے درد کو تاثیر درماں کی

# نورِ ایمان

(از محمود واصل صاحب)

بیا تا گل بر افشانیم و مے در ساغر اندازیم
فلک را سقف بشگافیم و طرحِ نو در اندازیم

کبھی کبھی میں اپنے فرصت کے لمحات میں اس بات کو سوچا کرتا ہوں کہ دل میں جو ایک طرح کی بے چینی اور اضطراب ہے اس کو سکون و اطمینان کس طرح حاصل ہو سکتا ہے۔ اس قسم کا خیال ایک محشرِ آرزو کی تمہید ہوتا ہے۔ نہ پوچھئے کیا تمنائیں صد ہزار سامانِ دلفریبی کے ساتھ جاذب ہو جاتی ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ایسے موقعوں پر میں اپنی واقعی اور اصلی دنیا کو بہت ہی نامکمل اور ناقص سمجھنے لگتا ہوں۔ مجھے ہر طرف بدنمائی۔ بدسلیقگی اور بدذوقی نظر آنے لگتی ہے۔ موجودہ نظام کی ہزارہا خرابیاں بے ترتیبی کے ساتھ اُبھری ہوئی محسوس کرنے لگتا ہوں۔

میں کہتا ہوں کہ اس دنیا کو تو لوگوں نے بگاڑ ڈالا۔ اس کی رعنائیاں فنا کر دیں۔ اس کی مسرتیں مٹا دیں اور علوئیت برباد ہو گئی۔ یہ کیسی ذلیل و ناکارہ دنیا ہو گئی ہے۔ کیا اب اس میں انسان نہیں رہتے۔ کوئی دوسری مخلوق آباد ہو گئی ہے اور اگر انسان ہی آباد ہیں تو پھر یہ کیا بات ہے کہ ؎

دیکھنا رنگ اس کی محفل کا
ایک کو ایک کھائے جاتا ہے

ہمدردی۔ وابستگی۔ محبت۔ مودّت یہ سب عادتیں انسانیت کا طرۂ امتیاز ہیں۔ انھیں سے حُسن کی نیرنگیاں ہیں۔ ذوق کی بوقلمونیاں ہیں۔ لیکن جب یہی نہیں تو انسان و حیوان میں مابہ الامتیاز کوئی شئے نہیں۔ ایک طرف عسرت و افلاس ہے۔ تنگ دستی و مصیبت ہے۔ امراض و مصائب کا سامنا ہے۔ وفورِ رنج و یاس ہے۔ دوسری طرف عیش و عشرت کی بدمستیاں ہیں۔ جاہ و ثروت کی نخوت و پندار۔ دولت کی فضیلت و برتری۔ سرمایہ داری کا

جبر و حکومت۔ ایک جنبشِ نگاہ پر سو سو سجدے کرائے جاتے ہیں۔ عبد ہو کر معبود بنتے ہیں۔ ایک طرف گندگی و غلاظت۔ وحشت و بے تہذیبی کے چلتے پھرتے بھوت ہیں۔ دوسری طرف تہذیب و متانت سنجیدگی و شرافت کے فرشتے ہیں۔ ایک طرف حور و غلماں گل و ریحان۔ نغمۂ موسیقی۔ جوئے بار اور آبشار ہیں۔ دوسری طرف کیا کہئے کیا ہیں۔ زبان کو بیان کرتے شرم آتی ہے۔ قلم صفحۂ قرطاس پر لکھتے ہوئے لرزتا ہے۔ یہ آخر کیوں ہے۔ کیا خدا کا قانون یوں ہی ہے۔ جنگل کے سب ہرن ایک طرح کے ہیں۔ پپیہے سب پی کہاں کہتے ہیں۔ مور سب ایک انداز سے ناچتے ہیں۔ بلبلیں برابر نغمہ سنج ہوتی ہیں۔ کوئی تفریق و امتیاز نہیں کہتر و بہتر کا کوئی سوال نہیں۔ پھر کیا خدا کا قانون اپنے تمام مخلوق کے لئے یکساں نہیں ہے۔ فطرت کی منظر آفرینیاں کس قدر دل ربا ہیں۔ میرے بے قرار دل کو ان سے کیا کیا سکون نہیں پہنچا۔ معرفتِ کردگار کے کون کون سے راز ان سے منکشف نہیں ہوتے۔ لیکن مطالعۂ فطرتِ انسانی! یہ اچھے دین دار کو ملحد بنانے کو کافی ہیں۔ کیا انسان ہمیشہ سے ایسے ہی چلے آئے ہیں۔ کیا انسان ایسے ہی رہیں گے۔ کوئی چپکے سے کہتا ہے نہیں۔ اور سہ

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں<br>
محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی

an extremely able Introduction. This book which is entitled THE LEACOCK BOOK was published by Messrs. John Lane The Bodley Head Limited on August 22nd at 5 net.

---

To the generation of 1930 Frank Harris is already a legend. At 75 he sits on his balcony by the Mediterranean and remembers his youth. In the legend known to most of us he figures as the man of letters, the friend of Whistler, Wilde and other contemporaries, but before this he was a cowboy on the Western plains of America, whither he emigrated from Ireland the land of his birth On 22nd August Messrs. John Lane The Bodley Head Limited published Frank Harris's "ON THE TRAIL". In which he tells the story of his youthful experiences in the pioneer days of the seventies when men lived dangerously on the outskirts of civilisation, the days of the covered wagon and the buffalo.

Crown 8vo 7/6 net.

---

On August 22nd Messrs. John Lane The Bodley Head Limited published "THE PAVILION BY THE LAKE" by Arthur J. Rees, author of The Threshold of Fear", etc. The story revolves round a country house and a haunted and deserted pavilion James Altamount, 'the shipping master', finds the lifeless body of a man, whom he had befriended in London on the previous day, inside the pavilion And it is beside the pavilion on the following morning that Altamount himself is found dead with a bullet in his back. Who shot him and what became of the body of the unknown man? This dual problem rests in turn upon a third mystery—the disappearance of the famous historical miniature of Mary Queen of Scots which Altamount bought as a present for his wife, whose face resembles the Queen of the miniature. A certain analogy between the lives of the unhappy Queen and the woman who resembles her forms a mystery in keeping with the general design of the plot.

Crown 8vo 7/6 net.

---

*The Speaker at the Union.*—Sir, I want for my country political reform, I want social reform, I want economical reform, I want er-er—.

*Some one from the Back-benches.*—You want chloroform.

* * * * *

*Speaker (who was constantly interrupted.)*—There seem to be too many fools here tonight. Would n't it be better to let one speak at a time.

*A voice.*—Then, carry on.

* * * * *

*Speaker.*—Gentlemen, did you ever stop to think. I ask you again, did you ever stop to think?

*Weary listener.*—Did you ever think to stop?

could see an eager crowd in room No. 14 where he very cheerfully related his adventures and experiences We wish Mr. Oudyn and other world wanderers every success in their adventurous mission.

The *After-vacations* lunch of the New Circle was held just *before-vacations* on 20th September at 1. 30 p. m. The Dining Hall was very tastefully decorated and the dishes were all delicious. Although the enthusiasm of the students was damped by the absence of Mr. A M. Kureishy (because of ill health), the function proved to be a complete success. Interesting after-lunch speeches were delivered by Messrs. SyedWali Mohamed, Syed Amin, and Mohd Shamim. Mr. Kadri, his colleagues, and the monitors of New Circle deserve congratulations.

Our University was visited in the end of September by Miss Sakina Karamat, an Indian-Muslim lady who has just returned from America after studying there for about ten years. She possesses distinctions in two different subjects namely Biology and Oratory. She took a degree in the former and a diploma in the latter. A meeting was arranged by the University Union in which she narrated her experiences and described at length the student life of America A similar function was arranged by our Union also and Miss Sakina delivered a very interesting speech relating to the student activities of America.

She has very kindly promised to contribute an article to our Magazine.

## LITERARY NOTES.

Messrs. John Lane The Bodley Head Limited have in preparation for early publication GLIDING AND SAIL-PLANING: "A Beginners Handbook" by F. Stamer and A. Lippisch, which is to be profusely illustrated. The motorless aeroplane, now known as the Glider or Sail-Plane, is rapidly growing in popularity especially since the visit of the German gliders, Herrn Kronfield and Magersuppe. This book by two experts, is the first complete handbook on the sport to be published in this country. It covers the whole ground-equipment and training, choice of ground, practice flying, clouds and winds, tools, construction and maintenance.

Mr. Ben Travers, unlike traditional humorists, is by no means a dismal man. Apart from his hobby of cricket, he went to Australia with the last Test Team and has spent most of this Summer with the Australian Team here, his happiest moments are spent in the library at his house at Burnham-on-Sea where it is at once noticed that the books nearest to hand are those of "Saki", Stephen Leacock, O. Henry and other authors of the same calibre. In spite of all his other work, he has during the last few years written no less than eight successful plays and five best-selling books, he has found time to edit a selection of Stephen Leacock's works to which he has written

# NEWS AND NOTES.

The Principal has been pleased to appoint the following office bearers for the session 1930—31 :—

| | |
|---|---|
| Student Personal Assistant to the Principal | ... Tahir Hasan Zoberi. |
| Games Secretary | ... Mirza Rafi Ahmad. |
| General Secretary, Tennis Club. | ... Masood Ali Tahir. |
| ***Secretaries:—*** | |
| Dramatic Society | ... Zahir Baber Kureshy. |
| Historical Society | ... Syed Muhammad. |
| Logic Society | ... Masood Ali Tahir. |
| Geographical Society | ... Nafis Ahmad. |
| Arabic Society | ... Akhtar Imam |
| Urdu Society | ... Akhtar Imam. |
| Literary Societies Reading Room | ... Meraj Ahmad Khan. |
| ***Captains:—*** | |
| Cricket Club | ... Mirza Rafi Ahmad. |
| Hockey Club | ... Sardar Abdul Aziz. |
| Foot Ball Club | ... Moinuddin Foosi. |
| Sports Club | ... Sardar Abdul Aziz |
| Volley Ball Club | ... Syed Mehdi Hassan. |
| Basket Ball Club | ... Sardar Abdul Aziz. |
| Kabaddi Club | ... Tahir Hussain Zoberi. |

We offer them our hearty congratulations and hope their respective institutions will prosper under the new regime.

---

Mr. Kh. Hamid Hasan, The Secretary, Service of Humanity Society, writes :—

"We the members of the 'Servants of Humanity Society' started our work on Sunday the 24th of August. We went to Chetar village which is situated some six miles from our hostel, where we helped about 80 patients and disinfacted 13 wells.

In this connection I must thank Dr. Butt and Dr. Feyyaz for their assistance in giving us medicines free."

### Tourists at Aligarh.

Aligarh, these days, seems to be very popular with the tourists.

Two Ceylonese youngmen who are touring round the world on Motor bicycles visited our University in the last week of August. Mr. Yusuf, the Dutch-Muslim Vice-Counsel of Jeddah, who is visiting India, came to Aligarh and stayed with Dr. Butt for a day. He was much impressed by the University and spoke highly of those he came into contact with. But the most interesting and adventurous of all was Mr. Arie Oudyn, a young Dutch tourist who started from Holland two years ago and so far has visited about twenty countries. He was staying here with Mr. Shameem in Marris Hostel and all day long one

weakened and becomes more susceptible to disease; (3) inflamed gums and cavaties in the teeth leave unprotected places at which germs may enter to produce diseases that it may take years to cure.

"One of the secrets of preserving good teeth is diet. Another, and just as importent, is proper care, in the form of burshing.

"Most people have no idea of the proper way to brush, believing that their enthusiasm makes up for their lack of skill. Others brush their teeth up and down.

"They are, too, wrong although they are closer to the truth. Here is one of the few proper ways to brush the teeth, and almost no one knows it.

"Brush your gums as well as your teeth, brush the upper gums and teeth downwards; brush the lower gums and teeth upward.

"Brush them this way at least twice a day, and preferably oftener; brushing on arising, after each meal and before going to bed is not excessive. Use a good grade of tooth powder, and tooth brush that is dry when you start—the bristles of a wet one are too soft, no matter how good the brush, to give you effective results. If this means owning more than one tooth brush, do not hesitate at the additional expense. You will find it well worth the results. In these simple ways early precautions may save many miseries in later life."

## Salt for the Teeth.

"There would be a considerable lessening of dental troubles," says a writer in 'The Statesman', "if more use were made of common salt, not of course, as a substitute for dentifrice but as an extra treatment. Many of us would give our teeth an occasional brush with salt if it were not for the trouble of going downstairs to get it. For which reasons a salt sprinkler should be found in a medicine chest in every bathroom. They may be bought in coloured glass or china, quite cheaply, and their bright hues do not look out of place. A shake of salt should be put on the tooth brush at intervals after usual tooth paste or powder has been used. The salt keeps gums hard and healthy and removes film from the teeth."

## Bites between meals.

What is the dominant scientific fact behind the doctor's objection to "bites" between meals?

Any doctor will tell you that if you are in the habit of whiling away the weary hours between one meal and another with the help of this, that, or the other dainty, according to your taste, and the extent of your purse, you are denying your stomach its necessary rest as surely as you are denying your brain rest if you try to do without sleep.

It is bad policy to treat the stomach as the maid-of-all-work of comic fiction used to be treated in the bad old days.

## Kabaddi.

Kabaddi Club, like the Tennis Club, was one of the first to start practice. Mr. Tahir deserves credit for not lagging behind even during the last month in spite of his being "on the shelf," added to malaria for which he had to be admitted as indoor patient to the University Hospital.

## The Day Scholars Club.

They should, above every thing else, learn how to obey without which they cannot know how to command. One can hardly congratulate them for exercising their authority in a place which does not fall within their jurisdiction. Abuse of authority leads to unpleasantness and unhappy results. Politeness and courtesy are the ornaments of a gentleman and the Proctorial *Badge* does not mean a negation of them. Let our University *Police* be jealous of the honour of their *Badge*.

We suggest to the monitors to exercise their authority sympathetically and would advise the students to show keen sense of discipline in obeying the College rules. Fines, however, hit the parents hard and

# OBITUARY

The University had hardly recovered from the loss of its ex-Chancellor, that, it received another shock by the untimely death of H. H. the late Nawab of Rampore. He was one of the Rectors of the University and took great interest in its welfare. He had, for a long time, identified himself with the Aligarh movement and served its cause and institutions with zeal and munificence. Very few Rulers of States combined in them, as he did, rare administrative qualities with literary taste and genuine appreciation of Art. In him the community has lost a generous and selfless leader and his State a wideawake and enlightened Ruler. We publish in this issue his life sketch and commend it to our readers.


We offer heartfelt condolences to the Royal family of Rampore and pray that the soul departed may rest in eternal peace. Amin!

# M. U. Intermediate College Magazine

## OCTOBER, 1930.

## CONTENTS


# The Intermediate College Magazine



M. U. INTERMEDIATE COLLEGE, ALIGARH

Vol. 2. | OCTOBER 1930 | No. 10.

ALIGARH
MUSLIM UNIVERSITY PRESS



مسلم یونیورسٹی انٹرمیڈیٹ کالج علی گڑھ

# انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

## علی گڑھ


جلد (۲) | بابت ماہ دسمبر ۱۹۳۰ء | شمارہ (۱۲)

باہتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

مطبع مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ۱۳۴۹ھ ۱۹۳۰ء طبع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# انٹرمیڈیٹ کالج میگزین


نگراں - عبدالعزیز صاحب پھلوری
ایم اے ایل ایل بی

مدیر
حکیم ماجد حامدی

جلد (۲) | بابت ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء | نمبر (۱۲)


## فہرست مضامین

# نذرِ عقیدت

یہ معلوم کر کے کہ تمام مسلمانانِ ہند اور خصوصاً جامعہ علی گڑھ کے مرکز توقعات ہندوستان کی مہتم بالشان ریاست کے فرمانروائے ستودہ صفات، دودمانِ عم مصطفوی کے نامور اور نازشِ سلف یادگار، عاصمۂ اسلام بہاولپور کے جواں بخت و جواں طالع تاجدار اعلیٰ حضرت ہز ہائنس نواب سر صادق محمد خاں بہادر دام اجلالہ و ملکہ اپنے قدوم سعادت لزوم سے بتاریخ ۳ر دسمبر ۱۹۳۳ء ہمارے جامعہ کی سرزمین کو آسمان بنائیں گے اور علی الخصوص کالج یونین میں شرکت فرما کر اس کی عزت بڑھائیں گے۔ ہماری درس گاہ اپنی خوش بختی و فرخندہ طالعی پر جس قدر بھی ناز کرے کم ہے۔ اس مبارک موقع پر ہم بھی کالج کی جانب سے خدام درگاہِ فلک اشتباہ کی خدمتِ عالی میں خیر مقدم کی نذرِ عقیدت پیش کرنے کی جسارت کرتے ہیں۔

کلاہِ گوشۂ دہقاں بہ آفتاب رسید
کہ سایہ بر سرش افگند چوں تو سلطانے

احقر مدیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# انٹرمیڈیٹ کالج میگزین

نگران - عبدالعزیز صاحب پری
ایم اے۔ ایل ایل۔ بی

مدیر
حکیم ماجد حامدی

| نمبر (۱۲) | بابت ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء | جلد (۲) |
|---|---|---|

## شذرات

سنہ ۱۹۳۰ء بھی ختم ہو گیا - غالباً ہم یہ کہنے میں بالکل حق بجانب ہیں کہ ہمارا میگزین اب اُس بلندی پر گامزن ہے جہاں پہونچ کر شاعر پکار اُٹھتا ہے ع

نہ ستایش کی تمنا نہ صلہ کی پروا

---

حقیقتاً ہماری اس "غیر معمولی" کامیابی کا راز اُن مہربان اور فرض شناس ہستیوں کی مستقل کرم فرمائیاں ہیں جو عرفِ عام میں "ہمارے اہل قلم بھائی" کہلاتی ہیں۔ اگر آج اُن کی طبیعتوں میں سے فرض شناسی اور استقلال کے عنصر یکسر مفقود کر دیئے جائیں تو یقین جانئے کہ میگزین سادہ اوراق کا ایک بے کار محض پلندہ رہ جائے گا اور بس

---

پیشِ نظر نمبر میں حضرت احسان ساقی صاحب کا مضمون "شام کا طریق تعلیم" متعلمین اور معلمین دونوں کے لئے

غور سے پڑھنے کے لائق ہے اور ہر طرح استفادہ کا باعث ہو سکتی ہے خصوصاً ان حضرات کے واسطے جو ایسے مقامات سے "بسلسلۂ حصولِ تعلیم" قاصد ہونے والے ہیں بہت سی مفید معلومات اپنے اندر رکھتا ہے۔

بالآخر حضرت "تنبیہ الغافلین" کی "جادو اثری" رنگ لا کر رہی اور میاں غلام احمد کہ مہینوں کے مسلسل تقاضوں پر بھی ٹس سے مس نہیں ہوئے اور ہنوز "آج" اور "کل" سے رشتۂ لب قائم کئے ہوئے تھے چند گھنٹوں کے اندر اندر کمرہ کے ایک گوشہ میں "غیر کاغذ، قلم، دوات" سے بے خبر نظر آنے لگے ہمیں مسرت ہے کہ سید اختر امام صاحب طاہر حسین صاحب بیری اور محمود اصل صاحب کے علاوہ چند اور اصحاب نے بھی میگزین کے لئے مستقل طور پر مضامین لکھنے کا وعدہ فرمایا ہے اور انشاء اللہ غلام احمد صاحب ان میں پیش پیش رہیں گے۔ موصوف کا مضمون "گپ" ایک مزاحیہ مضمون ہے جس میں ہماری روزمرہ زندگی کے ایک خاص پہلو کا خاص "رشیدانہ" رنگ میں دھندلا سا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ تاہم ——— گپ کا اعتبار کیا۔

حصۂ نظم میں حضرت جگر مراد آبادی اور قبلہ احسن مارہروی کی نظمیں "الف" سے لے کر "ی" تک پڑھنے کے لائق ہیں اور اردو تغزل کے کمال کا بہترین مرقع۔

مابعد میری نظم "اے گلاب کی کلی" ہے جو "حفیظانہ" طرز میں لکھی گئی ہے اور انگریزی نظم (To a Lonely Rose) سے ماخوذ ہے۔

———

۱۱ نومبر کو منٹو سرکل ڈائننگ ہال میں ایک "محض رسمی" لنچ ہوا جس میں تقریباً منٹو سرکل کی تمام آبادی مدعو تھی، حتیٰ کہ غریب ٹکمیوں تک کو نظر انداز نہیں کیا گیا۔ "چند اصحاب" کا خیال ہے کہ ضیافت ہر طرح کامیاب رہی ——— ممکن ہے۔ ہاں نشستوں کے انتظام کے ہم بھی معترف ہیں کہ زیادہ نہیں صرف دو چار "مہمان نما میزبانوں" کو جگہ نہ ملنے کے باعث ٹھنڈے ٹھنڈے کمروں کو واپس چلا جانا پڑا۔ سنا جاتا ہے کہ اس قسم کی چھوٹی موٹی ضیافتیں ہر مہینہ وقوع پذیر ہوا کریں گی۔ ہمیں امید ہے کہ آئندہ ہر کام سلیقہ مندی اور نفاست کے ساتھ عمل پذیر ہوگا۔

———

آخر کار ہماری "خبر" حرف بحرف صحیح ثابت ہوئی اور "ہم سب" کے عجیب تذکرۂ کپتان صاحب کے عجیب الطبع تخیلات بتاریخ ۲۲ نومبر ایک عجیب النوع "مذاق" کی صورت میں بمقام "منٹو سرکل گراؤنڈ" ظہور پذیر ہوئے

اور ہماری آپکی اطلاع میں کہ ایسی حرکت کو "تھلا پیا کرنا" ہی کہیں گے۔ ایک "روپیہ" "کمن" سے فضا میں اٹھا دیا گیا اور "پہلے کھیلنے" کا فیصلہ قسمت کی طرف سے "اُن کے کھلاڑیوں" کے خلاف صادر ہوا۔ "ہمارے" کپتان سردار عبدالعزیز صاحب نے گیند پھینکنا شروع کی اور اسی طرح ہر بار پھینکتے رہے تاوقتیکہ کسی نے "اُوور" نہ کہدیا اور کھیلنے والا کھیلتا رہا یا محض "بلا" ہاتھ میں لئے کھڑا او نگتا رہا۔ دریں حالت کہ دوسرا ساتھی کھیلتا رہا۔ یا یوں کہہ لیجئے کہ ہر دو کھلاڑیوں سے دونوں "حرکات" علی الترتیب سرزد ہوتی رہیں۔ تاوقتیکہ کسی نے "آؤٹ" نہ کہدیا۔ قریب ساڑھے بارہ بجے کھیل بغرض طعام بند کر دیا گیا اور پھر دو بجے سے شروع ہو کر تقریباً پانچ بجے تک جاری رہا۔ "کھلاڑیوں" میں سب سے زیادہ "دوڑیں" یا (Runs) اُن کے کپتان مرزا رفیع صاحب کے حصہ میں آئیں اور ہماری طرف والوں میں سہرا "بھائی" مہدی (والی بال کپتان) کے سر رہا۔ بہر کیف "جیت" ہماری ہی رہی۔

مابعد کھلاڑیوں اور دیگر مہمانوں کو "کرکیٹ کلب" کی طرف سے ایک شاندار پارٹی دی گئی جس میں پرنسپل صاحب نے بھی شرکت فرمائی اور یہ طے پایا کہ ماہ دسمبر کے پہلے ہفتے میں ایک "عالی شان" میچ مابین ممبرانِ اسٹاف و طلباء منعقد کیا جائے امید کی جاتی ہے کہ اس موقع پر جناب قریشی صاحب جملہ کھلاڑیوں کو ضیافت پر مدعو بھی کرینگے۔ ہمیں مسرت ہے کہ اس تقریب پر ہمارا فراموش کیا جانا کسی طرح قرینِ قیاس نہیں۔

اخیر میں ہم "اپنے" کپتان جناب سردار عبدالعزیز صاحب "منٹو ڈیوی" کی خدمت میں کہ کیا شاندار "فتح" پائی ہے ؎

کامیاب آئی از سرِ مقتل　　　خونِ اعدا بتو خدا ریزد
سرخروئی ترا مبارک باد　　　رحمتِ حق بتو ضیا ریزد

---

"ہدیۂ از منِ نیاز سرشت　　　خوش نصیبم اگر قبول افتد
اے کہ ہستی "کھلاڑیِ نادر"　　　ماجدا کاشکہ با حصول افتد

صمیمِ قلب سے "مبارک باد" پیش کرتے ہیں۔

بتاریخ ۹ نومبر انجمن خیابانِ اردو کی طرف سے ایک پُرلطف مشاعرہ زیرِ صدارت جناب حاذق صاحب نیرسس ہال میں منعقد ہوا۔ علاوہ شعراء کے حاضرین کی تعداد چار سو نفوس سے کسی طرح کم نہ تھی۔ جناب صدر ہی کے ارشاد پر معتمد اعزازی سید اختر امام صاحب نے گزشتہ جلسے کی روئداد پڑھکر سنائی۔ مابعد غزلیات شروع ہوئیں۔ شوق صاحب عارف صاحب شبیر صاحب اور جاں نثار حسین صاحب اختر کی غزلیات خوب رہیں۔ کالج کے طلبا میں بہترین غزل عمر علی صاحب مضطر کی قرار دی گئی اور انعامی تمغہ جس کا اعلان معتمد اعزازی کی طرف سے کیا جا چکا تھا۔ آپ کی نذر کر دیا گیا ہوگا ؎

(غزل)

دلِ بے صبر نے منت کشِ فریاد کیا  
خود بھی برباد ہوا مجھکو بھی برباد کیا

روز ایک تازہ ستم او ستم ایجاد کیا  
اس پہ یہ شکوہ کہ کیوں شکوۂ بیداد کیا

دی تسلی بھی مجھے ناحق مرے مستقبل نے  
آہ کس دن کے لئے شاد سے ناشاد کیا

نہ گئی نسبتِ ناکامیِ قسمت نہ گئی  
وہ مجھے بھول گیا میں نے جسے یاد کیا

عجب انداز ہیں غارت گرِ عالم تیرے  
تو نے جس دل میں کیا گھر اُسے برباد کیا

لے اُڑی جب مجھے رعنائیِ عکسِ فطرت  
غازۂ حسن رخِ گلشنِ ایجاد کیا

مجھے معلوم نہیں خود کو پکارا کہ انہیں  
بے خودی یہ تو بتا میں نے کسے یاد کیا

آہ ناکامیِ تقدیر یہی ہے شاید  
جب خزاں آئی تو صیاد نے آزاد کیا

تیرے وعدہ کی قسم تجھکو دعائیں دیگا  
کسی مایوسِ تمنا کا جو دل شاد کیا

میں تو ہر حال میں راضی بہ رضا رہتا ہوں  
آپ نے شاد کیا یا مجھے ناشاد کیا

دائمی جب کہ نہ تھی فصلِ بہارِ ہستی  
کیوں مجھے زیبِ دہِ گلشنِ ایجاد کیا

حاملِ غم تو نہیں بے حسیِ دل مضطرؔ  
آج کیوں کثرتِ غم نے مرا دل شاد کیا

---

موصوف نے دورانِ غزل میں ذرا ترنّم کی کوشش فرمائی تھی کہ کہیں اگلی صفوں میں کوئی "قدر شناس" تڑپ ہی جو گئے کہ :

"خوب مولانا! کیا کہنے ہیں گویا پُرانے ریکارڈ پر گھسی ہوئی سوئی چل رہی ہے"

ہم اختر صاحب سے سفارش کریں گے کہ کم از کم ایک تمغہ مضطر صاحب کے کمالِ موسیقی کی داد میں بھی ضرور دیا جانا چاہیئے۔

سب سے زیادہ داد وتحسین طاہر صاحب کی غزل نے حاصل کی۔ موصوف نے اپنے مخصوص "زہریانہ" انداز میں کہ وہ جو فرمایا تھا میاں حمید الدین محمود نے

"" تمسخرات" کے دریا بہا دیئے تو نے"

یا بقول کسے :ـ

پھڑک اٹھے جگر و دل ترے "اشاروں" سے
"جمالیات" کے دریا بہا دیئے تو نے

مگر ہم تو یوں ہی کہیں گے ؎

ظریفانہ کیا رنگ ہے واہ واہ
کچھ فرما کر "ہنساتے ہنساتے لوگوں" کے پیٹوں میں بل ڈلوا دیئے"

اختتام پر قبلہ احسن مارہروی اور جناب حاذق صاحب کی غزلیات ہوئیں جن کو انشاءاللہ آئندہ اشاعت میں پیش کیا جائے گا جلسہ جناب صدر کی تقریر کے بعد قریب ساڑھے بارہ بجے شب کے کمال کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

---

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ امسال "آل انڈیا مشاعرہ" کے موقع پر "بازارِ عکاظ" کے کسی معرکۃ الآرا شاعرانہ "مقابلہ" کی تمثیل پیش کی جائیگی۔ جس میں امرأ القیس اور اُس کے ہم عصر نزار جائے بیٹھے ہونگے اور ان کی زبان سے جو اشعار ادا ہونگے وہ انہیں مشاہیر کے عربی قصائد یا غزلیات کے منظوم اردو تراجم ہونگے۔

از پریذیڈنسی کالج میگزین

ہمیں مسرت ہے کہ ترجمے کا اہم کام ہمارے محترم بزرگ و رملک کے مشہور و معروف شاعر و ادیب قبلہ شاہ علی احسن صاحب مارہروی نے اپنے ذمہ لے لیا ہے۔ یقین ہے کہ "تمثیل" سالِ گذشتہ کی طرح ہر طرح کامیاب اور تاریخ ادب میں ایک نئے باب کے افتتاح کا باعث ثابت ہوگی۔

مدیر

---

بتاریخ ۲۰ نومبر ۲۷ء سوسائٹی کا ایک "غیر معمولی" جلسہ زیر صدارت جناب مولانا بدرالدین صاحب ایم۔ آر۔ اے۔ ایس۔ منعقد ہوا۔ عمران حسین صاحب متعلم جماعت دوازدہم اور سید اختر امام صاحب معتمد اعزازی انجمن ہذا نے اس موضوع پر کہ "انگریزی زبان اپنے ادبی کمالات میں عربی ادب کی مرہونِ منت ہے" دو مفید اور پُر از معلومات مقالے پڑھے۔ اخیر میں جنابِ صدر نے ایک مختصر تقریر فرمائی اور جلسہ بکمال کامیابی ختم ہوا

مدیر

# ملکِ شام کا طریقِ تعلیم

از

جناب محمد احسان سامی حقی صاحب

یہ بات اہل علم سے مخفی نہیں ہے کہ ہر ملک کی طرز معاشرت، اخلاق و عادات، رسم و رواج لباس و اثاث وغیرہ وغیرہ ایک دوسرے سے بالکل مختلف اور جدا جدا ہوتے ہیں۔ اس اختلاف کے اسباب بعض دفعہ سیاسی و اقتصادی تمدنی و عمرانی حالات ہوتے ہیں اور کہیں آب و ہوا ماحول و جوار اس کا باعث ہوتے ہیں۔ اس بنا پر میں چاہتا ہوں کہ اپنے اس مضمون میں سیریا کی طرز تعلیم کا ایک مختصر خاکہ پیش کروں، اور امید کرتا ہوں کہ میرا یہ مضمون دلچسپی اور فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

چونکہ اس بحث کے متعدد فروع ہیں جن کی تفصیل بہت طویل ہے اس لیئے جہاں تک ممکن ہے میں ان تمام فروع پر علیحدہ علیحدہ بالاختصار بحث کرونگا۔

**سیریا کی قومی اور سرکاری زبان:** یاد رکھنا چاہیئے کہ دنیا میں کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی جب تک کہ اس قوم کی زبان زندہ نہ ہو اور زندہ ہونے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ اس زبان میں (عربی زبان کی طرح اونٹ کے ۲۵۰ تلوار کے ۵۰۰ شیر کے ۰۰۰ ا کتّے کے ۰۰۰ ، اور شراب کے ۰۰۰ ا نام ہوں) بلکہ زندہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ ہر قوم اپنی زبان کو تمام علوم و فنون مختلف نو ایجادات و مخترعات ہر قسم کے آداب و افادات کی اصطلاحات پر حاوی بنانے کی کوشش کرے اور جب انسان اپنی زبان پر اچھی طرح حاوی ہو جاتا ہے یا حاوی ہونے کی کوشش کرتا ہے تو اس کے لئے یہ بہت ضروری امر ہے کہ اپنے اسلاف کی موروثی کتابوں کا مطالعہ جاری رکھے۔ اس مطالعہ سے اگر انسان کے دل میں کسی قسم کا احساس یا دیگر کوئی فائدہ پیدا نہ بھی ہو تو کم از کم اسے اتنا معلوم ہوگا کہ پہلے کے نسبت اس کی قوم عروج پر ہے یا رو بہ تنزل اگر اس کی قوم تنزل کی حالت میں ہے تو میرا خیال ہے دنیا میں ایسا کوئی کم بخت اور بدنصیب نہیں ہوگا جو ذلت کو عزت پر اور محکومیت کو خودداری اور خود مختاری پر ترجیح دیتا ہو

اس لئے زبان کا سیکھنا اس کی سستی اور کوتاہی کے لئے ایک اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اور اگر اس کی قوم عروج پہ ہے تو ایک ادنیٰ کا اس کو ضرور خیال ہوگا کہ اسلاف کی موروثی شان وشوکت مال و دولت کو ترقی دے یا کم از کم اس کی حفاظت کرے۔

یہ ساری باتیں انسان کو حاصل نہیں ہوسکتیں جب تک اپنی تاریخ اور لٹریچر پہ حاوی نہ ہو جو اس کے اسلاف کے ہاتھوں سے اور اس کی اپنی زبان میں لکھے گئے ہوں کیونکہ ایک قاعدہ کلیہ ہے کہ دنیا میں کوئی قوم دوسری قوم کو اپنے آپ پر ترجیح دینا پسند نہیں کرتی خواہ وہ اس کی نسبت کتنی ہی ترقی یافتہ کیوں نہ ہو اس لیئے ہمیشہ دوسری قوموں کے مصنفین کی یہی کوشش رہتی ہے کہ مخالف قوموں کے شان وشوکت ترقیات وفتوحات علوم وفنون پر کسی نہ کسی رنگ میں پانی پھیر یں اس لئے وہ بغیر نسخ وفسخ تحریف وتبدیل کوئی واقعہ پیش نہیں کرتے بلکہ بعض دفعہ غلو میں اس حد تک تجاوز کر جاتے ہیں کہ دوسری قوموں کے نامور بزرگوں کا نام ونشان عالم وجود سے مٹا دیتے ہیں کوئی کسر نہیں چھوڑتے چنانچہ اس امر کی بیشمار مثالیں ہیں مثلاً ہومر اور فردوسی سے کون واقف نہیں ہے ؟ مگر آجکل دنیا میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو ان نامور شخصیتوں سے منکر ہیں اور ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ دنیا میں نہ ہومر اور نہ فردوسی کے نام کا کوئی شخص گذرا ہے بلکہ یہ محض فرضی ہستیوں کے نام ہیں جن کا وجود صرف منسوب الیہم قوموں کی قوت واہمہ میں ہے۔

اس لئے قومیت کو قائم کرنے کے لئے اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ ہر قوم اپنی زبان کو زندہ رکھے کیونکہ بغیر زندہ زبان کسی جماعت پر قوم کا لفظ صادق نہیں آسکتا اور جب تک زبان زندہ نہ ہو اس وقت تک وہ قوم دوسری قوم کی زبان کی محتاج رہتی ہے اور اس کی ترقی دوسری قوموں کی ترقی پر منحصر رہتی ہے اور آہستہ آہستہ اس قوم کی قوتِ عقلی اور علمی کم ہوتی چلی جاتی ہے یہاں تک کہ آخر کار ہر لحاظ سے بالکل معطل ہوجاتی ہیں۔ اس لئے زبان کی ترقی قوم کی ترقی پر دلالت کرتی ہے۔

اس امر کو محسوس کرتے ہوئے شامیوں نے باوجودیکہ ابتک وہ بالکل خودمختار نہیں ہیں بلکہ فرانسیسی منڈیٹ کے ماتحت ہیں اپنی سرکاری زبان عربی رکھی ہے اور اصل مصر کی طرح کوشش کی ہے کہ دنیا میں نئی ایجادات کے لئے خاص اور فصیح العبارت نام رکھے جائیں اور وہ اس امر میں نہایت اچھی طرح کامیاب ہوئے ہیں اور آجکل سیریا میں

سائنس، جغرافیا، ریاضی، طب وجراحت کیمیا خانوں وغیرہ مضامیں سب کے سب عربی میں پڑھائے جاتے ہیں مگر اس امر کے باوجود انھوں نے دوسری زبانوں کو بالکل نہیں چھوڑا بلکہ ان کو اپنے سکولوں میں اور کالجوں میں منجملہ دوسرے مضامین کے نصاب میں داخل کر دیا ہے۔

بی۔ اے کا کورس:- مندرجۂ بالا بیان سے واضح ہو گیا ہوگا کہ سیریائی شامیوں کو وہ دقّت برداشت کرنا نہیں پڑتی جو ہندوستانیوں کو برداشت کرنا پڑتی ہے۔ کیونکہ وہاں طالبعلموں کو صرف علوم کی طرف توجہ کرنا پڑتی ہے برعکس اس کے ہندوستان میں طالبعلم اپنی زندگی سے ایک لمبا عرصہ غیر ملک کی زبان کے سیکھنے میں ضائع کرتے ہیں اور اس وجہ سے وہاں بی۔ اے کا کورس (۱۲) سال رکھا گیا ہے جو فی الحقیقت کافی اور وافی ہوتا ہے۔

ان ۱۲ جماعتوں کے پاس شدہ طلبا کو دبکا لوریا یعنی بچلر کی ڈگری دی جاتی ہے۔

سیریا کی یونیورسٹیاں:- سیریا میں علاوہ سرکاری یونیورسٹیوں کے امریکن فرانسیسی اور اٹلی کی یونیورسٹیاں بھی ہیں اور چونکہ یہ یونیورسٹیاں زیادہ تر عیسائیت کی تبلیغ کی غرض سے قائم کی گئی ہیں اس لئے ہر ایک یونیورسٹی نے اپنی اپنی زبان کو اپنے نصابِ تعلیم میں بطور اصلی تعلیمی زبان اور عربی کو بطور فرع کے مقرر کیا ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ان یونیورسٹیوں میں اصلی زبان عربی نہیں ہوتی مگر اس امر میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ بعض یونیورسٹیوں نے عربی کی از حد خدمت کی ہے چنانچہ جب سیریا ترکی کا ایک حصہ تھا (یعنی گذشتہ جنگِ عظیم کے دوران میں) اور ان کی سرکاری اور قومی زبان ترکی زبان ہی تھی اس زمانہ میں بیروت کی امریکن یونیورسٹی کی تعلیمی زبان کے علاوہ عربی بھی پڑھائی جاتی تھی اور اگر یہ یونیورسٹی سیریا میں نہ ہوتی تو شاید ترکی حکومت کے جانے کے بعد ہمیں صحیح معنوں میں سیریا میں عربی جاننے والا سوائے معدودے چند اصحاب کے اور کوئی نہ ملتا مگر اس یونیورسٹی کے بعض فارغ التحصیل طلبا ادبِ عربی میں کمال پیدا کرکے ملک کی اس وقت نہایت عظیم الشان خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔

اگرچہ ہر ایک یونیورسٹی کا مطمحِ نظر دوسری یونیورسٹی سے بالکل مختلف ہے مگر ساری کی ساری ایک انتہائی نقطہ پر متحد ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ ان کی ڈگریاں ایک دوسری میں مسلّم ہیں جیسا کہ ان تمام یونیورسٹیوں کی

ڈگریاں یورپ کی ہر یونیورسٹی میں مسلم ہیں۔

میں بتا چکا ہوں کہ بی سے کا کورس سرکاری کالجوں میں ۱۲ سال کا ہے مگر یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اس بارہ سال کے پاس کرنے کے بغیر نہ کوئی طالبعلم ڈاکٹری پڑھ سکتا ہے نہ وکالت نہ انجینیرنگ اور نہ کوئی اور چیز بلکہ ہر ایک کے لئے یہ لازمی امر ہے کہ ان بارہ کلاسوں کو پاس کرکے پھر جس فن یا علم کو لینا چاہتا ہے لے سکتا ہے۔

**ڈاکٹری کا کورس:** - یہ واضح رہے کہ سیریا میں سوائے اعلیٰ ڈاکٹری کے اور کسی قسم کی ڈاکٹری نہیں ہے یعنی جیسا کہ ہندوستان میں اسسٹنٹ سرجن ہیمیوپیتھک وغیرہ وغیرہ کے ڈاکٹر ہوتے ہیں وہاں بالکل نہیں ہوتے نیز وہاں حکمت اور عطاری کا دروازہ بالکل بند ہے۔ سیریا میں ڈاکٹر بننے کے لئے علاوہ سابق الذکر ۱۲ سال کے اور چھ سال ڈاکٹری پڑھنے میں خرچ کرنا پڑتے ہیں یعنی اٹھارہ سال کی محنت کے بعد طالبعلم ڈاکٹر ہو سکتا ہے۔

**ڈسپنسر یا کمپونڈر کا کورس:** - عام طور پر ہندوستان میں ناواقف لوگ کمپونڈر کا کام اتنا سمجھتے ہیں کہ نسخہ پڑھکر دوائی کے اجزا ملاکر نسخہ تیار کرتے ہیں لیکن سیریا میں کمپونڈر کو اپنے پیشہ اور فن کے لحاظ سے ڈاکٹر سے کم نہیں سمجھا جاتا ہے کیونکہ جیسا کہ ڈاکٹر کا تعلق زیادہ تر تشریح اور مرکبات کے ساتھ ہوتا ہے اسی طرح کمپونڈر کا تعلق نباتات اور مفردات کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ علم آسان نہیں ہے بلکہ ایک کثیر الفروع اور دماغ طلب علم ہے اس لئے سیریا کی گورنمنٹ نے آج سے نہیں بلکہ عرصہ دراز سے اس فن کی طرف توجہ کرکے اس کو اعلیٰ درجہ تک پہنچا دیا اور اس کے لئے ڈاکٹری سے علیحدہ ایک شعبہ قائم کیا جس کا کورس ان بارہ سالوں کے بعد پانچ سال ہوتا ہے۔ اس بات سے ہر ایک سمجھ سکتا ہے کہ سیریا کی گورنمنٹ نے اس پیشہ کو کتنی اہمیت دے رکھی ہے اور کس حد تک اس کی عزت و احترام قائم کرنے کے لئے کوشش کی ہے۔

اگرچہ کمپونڈر ہر لحاظ سے تقریباً پورا ڈاکٹر ہوتا ہے مگر اس کو بالکل اجازت نہیں ہے کہ وہ کسی کا علاج کرے یا نسخہ تجویز کرے یا اپنے پاس سے بغیر ڈاکٹری نسخہ کے کسی کو دوائی دے اور اگر اس قسم کا جرم اس پر ثابت ہو جائے تو اسے سخت سزا دی جاتی ہے۔

اس سے یہ خیال نہ کیا جائے کہ یہ ظلم ہے بلکہ یہ عین رحمت ہے کیونکہ ڈاکٹر اور کمپونڈر لوگوں کی صحت کے محافظ اور نگہبان ہوتے ہیں اس لئے اگر ہم اپنی صحت کو کسی کے سپرد کرنا چاہتے ہیں تو یہ ضروری ہے کہ کسی

ماہرِ فن کے سپرد کریں۔

**دندان ساز کا کورس:۔** جیسا کہ متمدّن قوموں نے ہر ایک علم اور فن کو ایک خاص قانون کے ماتحت کر دیا ہے اس طرح انھوں نے اس اہم فن کو جو آج کل اشد ضروریات میں سے شمار کیا جاتا ہے ایک قانون کے ماتحت منضبط کیا ہے۔

سب کو معلوم ہے کہ ہندوستان میں ڈاکٹر بننے کے لئے عموماً اس سے زیادہ تکلیف کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی کہ آدمی کسی ڈاکٹر کی صحبت یا کسی دواخانہ یا ہاسپٹل میں کچھ عرصہ کے لئے رہکر اپنے آپ کو ڈاکٹر کہلانا شروع کردے اور ڈاکٹری سے زیادہ آسان بات یہ ہے کہ اگر کوئی شخص حکیم یا ڈنٹسٹ بننا چاہتا ہے تو اس کے لئے صرف اتنی بات ضروری ہے کہ دکان پر بورڈ لگا کر چند بوتلیں رکھ کے بیٹھ جائے اور بدقسمت ناواقف لوگوں کو تختہ مشق بنانا شروع کردے۔ باقی عمر خدا کے ہاتھ میں ہے۔ اگر کوئی مر جائے تو اس کی عمر ختم ہو چکی ہوئی اور اگر اتفاقاً کوئی اچھا ہو گیا ہے یا اس کی علالت لمبی نہ ہوئی ہو تو معالج کی عنایت ہے۔

یہ سب باتیں جس طرح کہ یورپ اور دیگر متمدن ملکوں میں نہیں پائی جاتی ہیں اسی طرح سیریا میں بھی بالکل مفقود ہیں۔ چنانچہ ڈنٹسٹ بننے کے لئے علاوہ ان بارہ سالوں کے اور پانچ سال پڑھنا پڑتا ہے تب جا کر ڈنٹسٹ ہو سکتا ہے۔ شاید کسی کا یہ خیال ہو کہ بھلا دانت نکالنا اور دانت بنانے میں کونسی دقت ہے جس میں اتنے سال ضائع کئے جائیں مگر یہ یاد رکھنا چاہئے کہ دنیا میں درحقیقت کوئی علم یا فن معمولی نہیں ہوتا بلکہ اگر بالاستقصاء اس پر بحث کی جائے تو شاید عمر ختم ہو جائے اور وہ ختم نہ ہو اور چونکہ دانت کی جراحی ان فنوں میں سے ایک اہم فن ہے بلکہ دانت پر تمام جسم اور صحت کا دارومدار ہوتا ہے اس لئے امراضِ فم اور دیگر امراض کے سیکھنے کے لئے جب تک اتنا عرصہ خرچ نہ کیا جائے تب تک پوری طرح سے معلوم نہیں ہو سکتے ہیں۔

**دایہ کا کورس:۔** ان اہم باتوں میں سے جو آج تک ہندوستان میں پس پشت رکھی ہوئی ہیں ایک دایہ کا کام ہے جس کو عوام الناس بالکل معمولی بلکہ حقیر اور ذلیل کاموں میں سے شمار کرتے ہیں سیریا میں دایہ بہت معزز ہوتی ہے کیونکہ کوئی عورت دایہ نہیں ہو سکتی جب تک باقاعدہ پڑھی لکھی نہ ہو اور چودہ سال کا کورس پاس نہ کر چکی ہو۔

**وکالت کا کورس** :- ان بارہ سالوں کے بعد تین سال کا کورس ہے۔ اس میں کوئی خاص قابلِ ذکر بات نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہاں اب تک پرانا ترکی قانون جو شرع پر مبنی ہے پڑھایا جاتا ہے۔

**انجینیرنگ کا کورس** :- سترہ سال ہے مگر اب تک سرکاری یونیورسٹی میں انجینیرنگ پڑھنے کے لئے بیروت کی فرنسیسی یونیورسٹی میں داخل ہونا پڑتا ہے۔

ان سب ترقیات کے باوجود مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اب تک سیریا میں اجباری تعلیم کا سسٹم جاری نہیں ہوا اور نہ اب تک ڈاکٹریٹ کے لئے کوئی انتظام ہوا ہے بلکہ اگر سیریا میں کوئی شخص کسی علم یا فن میں ڈاکٹر کی ڈگری حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کو یورپ جانا پڑتا ہے اور عام طور پر پیرس سے ڈاکٹری حاصل کی جاتی ہے کیونکہ سیریا میں انگریزی زبان کی نسبت فرانسیسی زبان کا زیادہ رواج ہے۔

یہاں تک میں نے مجمل طور پر سیریا کے طریق تعلیم کا ایک خاکہ کھینچا مگر جب تک وہاں کے بورڈنگ ہاؤس سسٹم کے متعلق کچھ بیان نہ کیا جائے اس وقت تک یہ مضمون مکمل نہیں ہو سکتا اس لئے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس بارے میں بھی کچھ لکھا جائے کیونکہ جب تک اس قابل تعریف سسٹم سے ناظرین کرام واقف نہ ہونگے تب تک وہاں کے سریع ترقی کا راز نہیں سمجھ سکتے ہیں۔

**بورڈنگ ہوس سسٹم** :- وہاں بورڈنگ میں رہنے کا طریقہ ہندوستان کے طریقہ سے بالکل مختلف ہے کیونکہ وہاں بورڈنگ اور کالج یا سکول ایک ہی بلڈنگ میں اور ایک ہی احاطہ میں ہوتے ہیں۔ اور بورڈر کو سوائے جمعہ کے دن کے (جو وہاں چھٹی کا دن ہوتا ہے) کالج سے باہر جانے کی بالکل اجازت نہیں ہے یعنی طالبعلم کو چھ دن تک لگاتار بورڈنگ ہاؤس اور کالج کے احاطہ میں رہنا پڑتا ہے جس کا نتیجہ عام طور پر یہ ہوا ہے کہ طالبعلم کا دماغ متفرق کاموں میں منتشر اور پریشان نہیں ہوتا بلکہ اپنے مطالعہ اور محنت میں اچھی طرح مصروف رہتا ہے۔

کالج کا احاطہ بہت وسیع ہوتا ہے اور اس میں باورچی خانہ ڈائننگ روم سونے کے کمرے غسل خانہ کھیل تفریح کے سامان وغیرہ وغیرہ تمام ضروریات موجود ہوتی ہیں۔

بورڈنگ میں طالبعلم کو کسی قسم کی تکلیف یا دقت پیش نہیں آتی کیونکہ وہاں سال بھر کے لئے پڑھائی حجامت حمام کھانا پینا کپڑوں کا دھونا وغیرہ کا انتظام کالج کے ذمہ ہوتا ہے اور ان تمام ضروریات کو ایک مقررہ سالانہ فیس

کے عوض میں پورا کرتا ہے۔ یہ فیس طالبعلم تین قسطوں میں ادا کر سکتا ہے۔

اس سے واضح ہو گیا ہو گا کہ طالبعلم کو سوائے اس فیس کے اگرچاہے سال بھر میں ایک پیسہ بھی خرچ کرنا نہیں پڑتا البتہ اپنے کپڑوں وغیرہ کا انتظام خود طالبعلم کو کرنا پڑتا ہے۔

ڈائننگ روم:- ڈائننگ روم ایک بڑا ہال ہوتا ہے جس میں چیزیں قرینہ کے ساتھ چھپی ہوئی ہوتی ہیں جو عام طور پر ہر میز آٹھ لڑکوں کی نشست کے لئے ہوتی ہے۔ کالج کی طرف سے طالبعلموں کو ان میں تین دفعہ کھانا ملتا ہے ایک ناشتہ جو عام طور پر چائے اور ڈبل روٹی اور بعض دفعہ حلوہ ہوتا ہے دوسرا دوپہر کو اور وہ اچھی قسم کا کھانا اور پھل وغیرہ اور شام کو علیٰ ہذا القیاس۔ کھانے کا وقت مقرر ہوتا ہے۔ سب لڑکے اکھٹے کھاتے ہیں کھانے کے لئے ایک گھنٹی بجتی ہے جس کے سننے پر سب طالبعلم بڑے چھوٹے امیر غریب ایک ہی قطار میں ہو کر بہت خاموشی اور انتظام کے ساتھ ہر ایک اپنی اپنی مقررہ سیٹ پر جا بیٹھتا ہے۔ میزوں پر کھانا ڈشز میں چنا ہوا تیار رہتا ہے اور ہر ایک سیٹ کے سامنے ایک چمچہ ایک کانٹا اور ایک چینی کی خالی پلیٹ ہوتے ہیں۔ جب تمام طالبعلم اپنی اپنی جگہ بیٹھ جاتے ہیں تو ہر ایک میز کے طالبعلم کھانے کو آپس میں تقسیم کر کے کھانا شروع کرتے ہیں۔ ڈائننگ ہال میں روزانہ باری باری سے ایک پروفیسر طالبعلموں کے ساتھ کھانا کھاتا ہے تاکہ لڑکوں کو کھانے کی خرابی سے یا دوسری باتوں سے شکایت کرنے کا موقع نہ ہو کیونکہ اگر کھانے میں کوئی نقص معلوم ہو تو پروفیسر نوٹ کر کے رپورٹ کرتا ہے۔ کھانا سب لڑکوں کو ایک ہی ملتا ہے۔

اگرچہ بورڈنگ میں باہر سے کھانا وغیرہ منگوانے کی ممانعت نہیں ہے تاہم اس قسم کے واقعات بہت کم پیش آتے ہیں کیونکہ کھانا کم نہیں ہوتا اور نہ برا ہوتا ہے بلکہ غریبوں کے لئے اعلیٰ اور امیروں کے لئے مناسب ہوتا ہے۔

سونے کا کمرہ:- بورڈنگ ہاؤس میں سونے کے کمرے (ڈارمٹری) کی طرز پر ہوتے ہیں۔ ہر ایک کمرے کی وسعت کے لحاظ سے متعدد پلنگ ہوتے ہیں اور عموماً ۵ سے لیکر ۵ پلنگ تک ہوتے ہیں۔ چارپائیاں لوہے کی ہوتی ہیں۔ بستر کمبل لحاف تکیہ چادر وغیرہ وغیرہ سب کچھ کالج کی طرف سے ملتے ہیں۔ ہر ایک چارپائی کے ساتھ ایک چھوٹی سی الماری ہوتی ہے۔ یہ کمرے صبح سے سونے کے وقت تک بند رہتے ہیں اور کسی کو اندر جانے کی اجازت نہیں ہوتی۔ صبح کے وقت سب ایک ہی وقت میں گھنٹی کی آواز پر اٹھتے ہیں اور فوراً ہر طالبعلم اپنے کپڑے بدلکر

یعنی سلیپنگ سوٹ اتار کر کوٹ پتلون (جو کا بچوں کا لازمی لباس ہے) پہنکر اور اپنے بستر کو خود ٹھیک ٹھاک کر کے باہر نکل آتا ہے۔ اس کے بعد مسلمان طالبعلم نماز پڑھنے کو جاتے ہیں نماز پڑھکے پڑھائی میں مصروف ہو جاتے ہیں اتنی دیر میں ناشتہ تیار ہو جاتا ہے ناشتہ کر کے طالبعلم اپنے اپنے کلاسوں میں چلے جاتے ہیں۔ جو لڑکا اپنے میلے کپڑے اتارنا چاہتا ہے تو اس کو اتار کر اپنے بستر پر رکھکر چھوڑ دیتا ہے دھوبن آکر اس کو لے لیتی ہے اور چند دن کے بعد دھلے ہوئے اور استری کئے ہوئے واپس جہاں سے لئے تھے وہاں پر رکھدیتی ہے اور اگر کسی کپڑے میں کوئی بٹن کم ہو یا ادھڑا ہوا ہو یا پیوند کی ضرورت ہو وہ اس کو بغیر معاوضہ درست کرا لاتی ہے۔ اس لحاظ سے گویا کہ طالبعلم اپنے گھر میں رہتا ہے۔ ان باتوں کے علاوہ سب سے زیادہ قابل ذکر یہ بات ہے کہ ہر ایک کمرے میں اس کی وسعت کے لحاظ سے رات کو لڑکوں کی نگرانی کے لئے دو تین یا اس سے زیادہ یا کم چپراسی ساری رات جاگتے رہتے ہیں اور پہرہ دیتے رہتے ہیں اور ان کی نگرانی کے لئے بھی ہر رات باری باری ایک پروفیسر متعین ہوتا ہے نیز سپرنٹنڈنٹ کا بورڈنگ میں سونا لازمی ہے۔

اس سسٹم میں یہ فائدہ ہے کہ علاوہ طالبعلموں کی آرام کے جو غرض اول ہے ان کے آپس میں دوستانہ تعلقات پیدا ہوتے ہیں کیونکہ ان سب کا بیٹھنا اٹھنا کھانا پینا یکساں اور اکٹھا ہوتا ہے۔

# غمِ انتظار

(حضرت جگر مراد آبادی)

نظر ہے وقفِ غمِ انتظار کیا کہنا
کھنچی ہے سامنے تصویرِ یار کیا کہنا

یہ چشمِ مست یہ ابرو یہ زلف یہ خد و خال
یہ لب یہ رخ یہ جبیں یہ عذار کیا کہنا

شباب اور مکمل شباب ارے توبہ
بہار اور مجسم بہار کیا کہنا

تصادمِ نگہِ شوق اے معاذ اللہ
تبسمِ نگہِ فتنہ کار کیا کہنا

فروغِ حسن دو نالۂ سرود و طرفِ چمن
شرابِ عشق و لبِ جوئبار کیا کہنا

گل و بنفشہ و نسریں و نسترن کیا خوب
بہار و سایۂ ابرِ بہار کیا کہنا

بیانِ درد و زبانِ خموش و عرضِ نیاز
جبینِ شوق و کفِ پائے یار کیا کہنا

سبک روانیٔ اشک و خنک نسیمِ کرم
نشاطِ دردِ دلِ بیقرار کیا کہنا

گزارشِ دلِ غم آفریں معاذ اللہ
نگارشِ غمِ ہمت شکار کیا کہنا

تمام شوق و شکایت تمام مہر و وفا
فسانۂ دلِ بے اختیار کیا کہنا

شراب ریز نگاہائے ناز ارے توبہ
پیالہ گیر کفِ رعشہ دار کیا کہنا

فسونِ نیم نگاہی و سحرِ استغنا
سکوتِ حسن و لبِ نغمہ بار کیا کہنا

کرم نما ستمِ نازِ حسن ارے توبہ
ستم نما کرمِ خاصِ یار کیا کہنا

نگاہِ ناز کے پیہم اشارہ ہائے لطیف
شکستِ شیشۂ دل بار بار کیا کہنا

حریمِ حسن کے پردے اٹھے ہوئے ہیں جگر
یہی اگر ہے غمِ انتظار کیا کہنا

# گپ

(غلام احمد خاں صاحب)

ڈاڑھی مونچھیں "دارد" ہوں یا "ندارد" لیکن انسان ہو "فارغ البال" تو ہمیشہ "گپ شپ" کی سوجھتی ہے۔

یوں تو انگلستان اور امریکہ سے لیکر افریقہ کے وسط تک ہر وہ جاندار جس پر "ناطق" کا اطلاق ہو سکتا ہے گپ شپ کیا کرتا ہے مگر ہندوستان میں یہ وبا ایسی عام ہے کہ بس "تو چل میں آیا"۔ جہاں دو چار بھائی بند جمع ہوئے ہم چشم اور فرمایا میر صاحب نے کہ "ہاں تو بھیا بندو وہ جو تم نے کئی تھی سو پھر"۔ اور ایک داستان چھڑ گئی طولانی میر صاحب ہیں کہ "سو پھر سو پھر" کئے جاتے ہیں۔ چاروں طرف سکوت ہے اور سناٹا جسے کبھی کسی راہ گیر کا گیت اور کبھی خود میر صاحب کا کھانسی آمیز قہقہہ توڑ دیتا ہے۔ اور اُن کی "آخ تھو" اور "جمعہ زرا چلم تو لوٹ لیجو" کی صدا کچھ دیر کانوں میں گونج کر آس پاس کہیں تاریکی میں غائب ہو جاتی ہے۔

اکثر راتوں کو اور اگر کبھی موقعہ مل گیا تو دن کو بھی یہی مشغلہ رہتا ہے اور بندو کبھی اپنے سفر کے چشم دید واقعات اور کارنامے اور کبھی ایسے قصے جن کا ساری بستی سے تعلق ہوتا ہے اِس انداز سے سناتا ہے کہ آپ کو کیونکہ آپ ٹھیرے "علی گڑھ پاس" خواہ غصہ ہی آتا ہو مگر میر صاحب باوجود اپنی متانت کے لوٹ لوٹ جاتے ہیں بیچارے بندو اور میر صاحب ہی پر کیا موقوف چوکیدار سے لیکر تھانے دار صاحب اور پیشکار سے لیکر ڈپٹی صاحب تک سب گپ مارنا جانتے ہیں اور گپ مارتے ہیں۔ اکثر شام کو ورنہ جب زرا سی مہلت ملے! اور اگر بندو اپنے بریلی جانے کے واقعات سناکر دل خوش کرتا ہے تو تھانے دار صاحب اپنے اُن مظالم کے جنھیں وہ اپنے بے بہا کارنامے سمجھکر اور سمجھاکر داد و تحسین کے خواہاں ہوتے ہیں۔ اور ڈپٹی صاحب اپنی اُن اَن تھک کوششوں کا ذکر کرتے ہیں جن کی بدولت پرگنہ بھر کی مالگذاری، انھوں نے بجائے چار چھ مہینے کی زق زق کے پندرہ روز میں وصول کرلی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نہ کوئی "سمن بغرض انفصال مقدمہ" جس کی ابتدا لفظ "ہرگاہ" اور انتہا "ساتھ میرے دستخط اور مہر عدالت کے اجرا کیا گیا" ہوتی ہے۔ اجرا کرنا پڑا۔ اور نہ تھانہ جیل خانہ حوالات یا کال کوٹھڑی کی نوبت آئی

جیسے چپکے سے سوراج کا مسئلہ ہندوستان میں چھڑ گیا اور کسی کو خبر نہ ہوئی تا وقتیکہ رہنمایانِ قوم کو ایک آدھ مرتبہ بعلت "قید بامشقت و بے مشقت" جیل خانوں کی ہوا اور کسکسی روٹی نہ کھانی پڑی۔ اسی طرح گپ بھی چھڑ جایا کرتی ہے اور کسی کو خبر نہیں ہونے پاتی تا وقتیکہ کوئی صاحب آکر یہ نہ کہدیں کہ "اجی کہاں ہیں آپ وہ مولانا بیٹھے حاضری لے رہے ہیں" اور پھر آپ آؤ دیکھیں نہ تاؤ اور کتابیں اُٹھا کر اس طرح چلدیں کہ پیچھے سے اختر صاحب آپ کا گلا پکڑ کر فرمائیں کہ "واہ مُرشد کتابیں میری بھی لے چلے"۔

گپ اور شعر میں اتنی ہی مناسبت ہے جتنی سوراج اور "بدیشی کپڑے کے مقاطعہ" میں جس طرح ہندوستانی بغیر کھدر پہنے اور چرخہ چلائے سوراج سے قاصر ہے۔ اسی طرح انسان بغیر "شاعرانہ طبیعت" اور تخیل کی بلند پروازی کے گپ مارنے سے اور جو استاد نے فرمایا ہے کہ "چنانکہ گپ در ہر علمے بکار ہمی شود ہر علمے در گپ بکار ہمی شود" تو کیا جھوٹ فرمایا ہے!

گپّی کو بھی شاعر کی طرح "سلیم الفطرت عظیم الفکرۃ صحیح الطبع جید الرویہ دقیق النظر در انواعِ علومِ متنوع" ہونا چاہیئے۔ اور اگر بقول "اخبار ریاست" کے آپ میں اوپر کی خصوصیات نہ ہوں تو آپ کو سمجھ لینا چاہیئے کہ گپ کے مسئلہ میں آپ قطعی "محض" ہیں۔

یوں تو گپ مارنے میں ہمیں ہمیشہ لطف آتا رہا اور خدا نہ کرے کہ کبھی نہ آئے۔ لیکن لطف آنے کا بھی وقت ہوتا ہے۔ ایک تو وقت وہ ہوتا ہے جب لائبریری کے کسی کونے میں اختر صاحب نظر آجاتے ہیں اور لیجیئے وہ آئے راقم صاحب اور لیجیئے محامد صاحب اور انھوں نے نتھنے پھلا کر قہر آلود نگاہیں اختر صاحب پر ڈالیں اور "واہ ادیب صاحب اور آہ ادیب صاحب" کے نعرے لگائے کہ پھر کیا تھا مجلسِ مشاورت ایک دفعہ کو جم ہی گئی۔ اور اختر صاحب اُردو کا پرچہ پھینک ٹوپی سنبھالتے ہوئے چاروں طرف اِس انداز سے ملتجیانہ نظریں ڈالنے لگے کہ گویا کہہ رہے ہیں۔ "اکیلے پہ سے گر پڑا تھا"۔

دوسرا وقت وہ ہوتا ہے کہ کڑاکے کی سردی میں جب کہ ہندوستانی قوم پرست وطن کی بے مائگی اور "یارانِ وطن" کی بے حوصلگی کی وجہ سے ذرا ڈگمگا سا جاتا ہے اور کھدر کی اچکن کی آن "رین بو" کے سوئٹر کی مدد سے قائم رکھتا ہے یا حتی الوسع رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ خدا بھلا کرے اِن "ساٹھ فی صدی" کی بحث چھیڑنے

والوں کا کہ یہ صاحب نا قوم پرست تو کسی دین کے نہ رہے۔ لالچی ہوں تو خیر کہ وہ اپنے ایک آدھ سیر روئی کے کوٹ ہی میں جاڑے کاٹ دیں۔ اگر یہی حوصلے رہے اور وضع کی پابندیاں توڑ نگ لائیگی ہماری فاقہ مستی ایک دن"" ہم تو بھارت کی سیوا کریں گے" کا لینے سے اگر سوراج مل گیا تو جب سمجھیں گے کہ ہاں سچ کہتے تھے میر صاحب۔ خوب آدمی تھے اللہ بخشے۔

تو ہاں دوسرا وقت وہ ہوتا ہے کہ کڑاکے کی سردی میں دو چار یار دوست ایک کمرہ میں جمع ہوں۔ انگیٹھی دہکتی ہو۔ پان۔ حقہ۔ سگرٹ چرٹ۔ سگار کا انتظام کافی ہو اور اگر حلوے ہوں مقوی دل و مقوی دماغ اور گرم چائے جو "گرمیوں میں ٹھنڈک پہونچاتی ہے" "جاڑوں میں گرمی پہونچاتی ہو تو" پھر دیکھئے انداز گل افشانی گفتار"۔

اور پھر ایک وقت وہ ہوتا ہے کہ فکروں سے تنگ آکر شب دیجور کے کسی انتہائی حصہ میں گوشۂ عافیت کا خواہاں ہوتا ہوں حکیم الحکما مسیحا، مجدد بعیثت مولا بخش یعنی بغل میں سینٹھا دبائے ناگہانی نازل ہوتے ہیں لہ اس آپ کے خادم پر احسان دھرنے کی خاطر بڑی سنجیدگی سے فرماتے ہیں کہ" دیکھا۔ تم بڑے وعدہ خلاف ہو نا۔ نمبر کل جا رہا ہے پریس کو۔ اور جو صبح تک کاغذات نہ پہونچے تو سمجھ لیجئے کہ کل ایک سینٹھے کی اور ضرورت ہوگی۔ پھر ہم ہونگے اور آپ" اور زرا سادگی تو ملاحظہ فرمائیے کس انداز سے فرماتے ہیں وہی پرانی بات کہ "آج واں تیغ و کفن........"

اور جو میں عرض کرتا ہوں کہ تیغ تو خیر آپ کا سینٹھا ہوا۔ اور یہ کفن چہ معنی دارد تو بس حضرت میں کیا عرض کروں کہ محض ٹالنے کی خاطر ایک لمبی سی گپ "بعنوانِ نمائش" یوں چھڑ جاتی کہ موصوف علی گڑھ کی نمائش بلند شہر کی نمائش۔ میرٹھ کی نوچندی سے لیکر ومبلی تک کے واقعات و حادثات سنا جاتے ہیں۔ اور میں کچھ اپنے لطف کی خاطر کچھ جناب کے پاس و لحاظ کی خاطر اور کچھ اُن کی بندہ پروری اور ذرہ نوازی کی وجہ سے اگر کہنا چاہتا بھی ہوں کچھ تو نہیں کہتا اور "تم کو چاہوں کہ نہ چاؤں تو بُھائے نہ بنے" کا مضمون ہوتا ہے۔

اور ان کے بعد جو کبھی کبھی وقت ہوتا ہے تو ڈائننگ ہال کے ڈنر میں کہ لوگ بریانی کباب اور مرغ کو دیکھکر بکری کے سادے قورمے سے یوں مخاطب ہوتے ہیں۔ "ابے۔ فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی"

ہر منیر پر برطانوی اقتدار کی طرح ایک "کھانے کے مانیٹر صاحب" بروزن "تلاؤ کے سکتر صاحب" اس طرح مسلط ہوتے ہیں کہ بھلا مجال ہے کسی بیرے کی کہ چوں کر جائے۔ ورنہ مانیٹر صاحب کی غیر موجودگی میں اگر بیرے

اور سٹوں کا داؤں لگے تو سامنے سے روٹیاں اُٹھا اٹھا کر نہ بھاگیں تو مجھ سے کہنا۔

امّا بعد۔ کھانے کے ساتھ ساتھ "گپ بالسہو" اور بعد از فراغت پانے طعام کے "گپ بالجہر" سب کو تو خیر لطف آتا ہی ہوگا مگر "کھانے کے ماینٹر صاحب" کے دل سے پوچھئے کہ جو ہنستے ہیں تو صاف پتہ چلتا ہے کہ "اب مت بولو بیچارہ بھوکا ہے۔ مچل جائے گا"

علیٰ ہذا القیاس

# احسن الکلام

کبھی ہی جب سے نظر میں اک آدمی کی طرح
خیال میں نہیں آتی کسی پری کی طرح

سنا جو اُس نے مرا حالِ غم خوشی کی طرح
دلِ فسردہ مرا کھِل گیا کلی کی طرح

نہیں رہا کوئی عاشق کہیں سلیقے کا
بگڑ گئی ہے زمانے میں عاشقی کی طرح

بڑھائیں آپ کی محفل سے کیا بہشت کو ہم
وہاں بھی حور جو ہوگی تو آپ ہی کی طرح

تری نگاہ میں قاتل غضب کی تیزی تھی
اُتر گئی جگر و دل میں وہ چھری کی طرح

دکھاؤں زینتِ مے خانہ کیا تجھے واعظ
کہ بند شیشے میں اک چیز ہی پری کی طرح

مرض تو کچھ نہیں لاحق تمہارے درباں کو
ملا رہا ہی مجھے تم سے اجنبی کی طرح

یہ کیا کہ دوڑ پڑے منہ اُٹھا کے تم ناصح
نصیحتیں جو کرو بھی تو آدمی کی طرح

بُھا لیا ہی تری وضع نے دل احسن کا
پسند آ نہیں سکتی اُسے کسی کی طرح

# چاندنی رات

(از محمد احسن متعلم ... علی گڑھ)

رات کا وقت ہے ہر طرف سناٹا ہے اور خاموشی چھائی ہوئی ہے۔ طائرانِ خوش الحان جو کہ تمام دن اپنے چہچہوں سے لوگوں کے دل لبھاتے رہتے تھے اب اپنے اپنے گھروں میں آرام کر رہے ہیں۔ مزدوری پیشہ لوگ دن بھر کے تھکے ہارے اپنے اپنے جھونپڑوں میں آرام کی نیند سو رہے ہیں۔ امرا و رؤسا سنجاب و قاقم کے بستروں میں تمام دنیاوی کاروبار کو بھولے ہوئے خوابِ غفلت میں بے حد مدہوش ہیں لیکن علم ہیئت کار جاننے والے اپنی دوربین نگاہوں سے مطالعۂ فلک میں مصروف ہیں۔ عاشقانِ صادق اپنے محبوب حقیقی کی یاد میں محو ہیں۔ اور زاہدانِ ریاضت کیش عالمِ تحیر میں دیدارِ منعمِ حقیقی سے مالا مال ہو رہے ہیں۔ عاشقانِ مجازی وعدہ محبوب کے خیال سے مضطرب ہو کر دل ہی دل میں یہ کہہ رہے ہیں کہ ؎

ہمارے حق میں قیامت ہے حشر کا وعدہ
کہ انتظار میں مر مر کے دن تمام کیا

لیکن میں اپنے کمرہ میں نہایت خاموشی کے ساتھ میز پر بیٹھا ہوا پڑھ رہا ہوں۔ گرمی ہنگامۂ امتحاں سے اتنا مستغرق ہوں کہ دنیا و مافیہا سے ایک حد تک بےخبر ہو گیا ہوں۔ امتحان بہت قریب ہے۔ اور ان باقی ماندہ چند ایام میں نصاب کی کتابوں پر عبور حاصل کرنا ہے۔ یکایک میں اپنے سر میں میٹھا میٹھا درد جو کہ سخت محنت کا لازمی نتیجہ ہے محسوس کرنے لگتا ہوں۔ چنانچہ میں کرسی پر سے اٹھ کر اور انگڑائی لیکر کھڑکی میں سے جھانک کر دیکھتا ہوں تو عجیب منظر پیشِ نظر ہے۔

چودھویں رات کا چاند صفحۂ ارضی پر لمعہ ریز ہے مہ کامل نے اپنی ضوفشانی سے کائنات کے ذرّہ ذرّہ کو منور کر رکھا ہے۔ بیلا چنبیلی، گلاب غرض ہر ایک خوشبودار پھول نے صحنِ گلشن کو مہکا رکھا ہے چنبیلی کی روح پرور خوشبو ماہتاب کی روپہلی کرنوں پر سوار ہو کر دز دیدگی سے کمرہ میں داخل ہو کر مجھے اس بات پر مجبور کر رہی ہے کہ میں باہر نکلوں اور اپنے پریشان دماغ کو فرحت پہنچاؤں۔

میں اس کیفِ جانفزا کو دیکھ کر ایک سرمست و شیدا شاعر کی طرح پروازِ خیال میں مصروف ہو گیا۔ اور ایک نشۂ خواب میرے دل و دماغ پر محیط ہونے لگا۔ اس رات کے حسن نے میری روح میں ایک بالیدگی پیدا کر دی۔ اس

مختصر مگر خوشنا خطۂ زمین نے جو جو اثرات میرے دل پر کئے وہ طاقتِ قلم سے باہر ہیں۔ درختوں کی میووں سے لدی ہوئی شاخیں اور منہ بند کلیوں سے لدی ہوئی ڈالیاں۔ چھوٹے چھوٹے پودے اور ان کی سبزی۔ ہلکی ہلکی ہوا درختوں کی شاخوں میں ایک سنسناہٹ پیدا کر رہی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ دلفریب چمن اس پُر عیش رات کی شیرینی اور لطافت پیئے جا رہا ہے۔ فضا کی روح پرور نشیلی کیفیت کو چوسے لیتا ہے۔ میں بھی مستانہ وار میٹھی میٹھی خوشبودار ہوا کو رندانِ بادہ خوار کی طرح سے پیتے ہوئے پلنگ پر سے اپنی ہلکی شال اُٹھاتا ہوں۔ اور کاندھے پر ڈال کر باہر نکل آتا ہوں۔ اور بنگلے کے باہر چھوٹے سے باغ میں بالا قامت سرو و شمشاد کے درختوں کے پاس پہنچ جاتا ہوں۔ اور اس نقرئی مملکت میں تاروں کے رقص کو دیکھ دیکھ کر دل ہی دل میں کہنے لگتا ہوں کہ:-

یہ رات کیوں بنائی گئی ہے اگر یہ نیند۔ آرام۔ خواب اور غفلت کے لئے ہے تو دن سے زیادہ دلفریب اور زیادہ دلآویز کیوں ہے۔ صبح و شام سے زیادہ دلربا زیادہ سحر آگیں کیوں بنائی گئی ہے۔ اور کیوں یہ چاند جو سورج سے زیادہ شعریت سے مملو ہے ان نازک اور لطیف چیزوں کو جو گویا سورج کو شرماتی ہیں ٹھنڈی یاسمینی روشنی بخشتا ہے۔ یہ خیالات میرے دماغ میں گشت لگا رہے ہیں کہ میں یکایک ایک خوفناک آواز جو کہ کسی قدر مدہم ہے سنتا ہوں۔ اور سن کر خوف زدہ ہو جاتا ہوں اس لئے عرصہ تک اس دلرُبا منظر سے لطف اندوز نہیں ہو سکتا چنانچہ اپنے کمرہ میں واپس چلا جاتا ہوں لیکن اب تخیل بالکل درہم برہم ہو جاتا ہے۔ طبیعت میں وہ جولانی باقی نہیں رہی کہ جس نے اس باغ میں چاند کے ٹھنڈے ٹھنڈے اور دل میں گھر کرنے والے عنکبوتی جال سے جکڑ رکھا تھا۔

# انگریزیت

(از اختر امام)

کچھ عرصہ ہوا کہ رسالہ "ہمایوں" میں ایک دلچسپ مضمون "صاحب بہادر" نظر سے گذرا۔ جناب فرحت اللہ بیگ صاحب کا کیا کہنا۔ آپ نے اس کو بھی اپنے مخصوص "خوش مذاقی" (Sight Humour) کے رنگوں میں رنگ دیا تھا۔ اتفاق سمجھئے کہ اس وقت میں کالج کی لائبریری میں تھا۔ ادھر اُدھر کئی طلبا بیٹھے ہوئے تھے جو "اسٹرینڈ میگزین" "وائڈ ورلڈ" (Wide World) اور اسی طرح کے نہ جانے کون کون انگریزی رسائل کے مطالعہ میں غرق تھے "غریب اردو" "ہمایوں" اور "معارف" کو کون پوچھتا ہے۔ ہاں جناب تو میں "ہمایوں" کا تذکرہ کر رہا تھا۔ ہوا یہ کہ جب پڑھتے پڑھتے اس جملہ پر پہنچا کہ "ام نائیں مانگتا" تو بے اختیار مجھکو ہنسی آگئی۔ میرے "انگریزی نواز" احباب اپنی اپنی جگہوں سے اُٹھے اور میرے قریب آکر بیٹھ گئے۔ جب میں نے اُن کی صورتیں دیکھیں تو اپنی اس غیر اختیارانہ "کھلکھلاہٹ" پر کچھ خفیف سا بھی ہوگیا۔ مگر کرتا کیا اس کو نباہنا بھی ضرور تھا اس لئے اُن کے اصرار پر سارا مضمون (صاحب بہادر) الف سے ی تک سنا دیا۔ پھر نہ پوچھئے کہ کیا ہوا۔ میں تو مضمون پڑھتا جاتا تھا اور کمرہ میں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سارے ایک دوسرے کو "خبطی" سمجھکر قہقہے لگا رہے ہیں۔ یا یہ "ہمایوں میں" "صاحب بہادر" کی بجائے "دیوار قہقہہ" ہے۔

جب بورڈنگ کو واپس ہوا تو بیٹھے بیٹھے یہ خیال آیا کہ کیوں نہیں میں بھی "فرحت اللہ بیگ" کی پلٹن میں نام لکھا کر "انگریزیت" پر ایک مضمون لکھ ڈالوں، مگر جناب کجا میں اور کجا فرحت اللہ بیگ۔ "چراغ مردہ کجا شمع آفتاب کجا" مگر میں نے بھی اب عہد ہی کر لیا ہے کہ جی کڑا کر کے کچھ لکھوں ہی گا۔ اس لئے اب اصل موضوع پر آتا ہوں۔

---

کوتاہ نظر انسان سطحیت کا دالدادہ ہے اور حقیقت سے اس کی نظر ہمیشہ دور رہا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ کوتاہ نظری اُسے حقیقت آشنا نہیں ہونے دیتی۔ انگریزی راج سے ہندوستانیوں کی ذہنیت میں کچھ ترقی ہوئی ہو یا تنزلی اس سے ہمیں بحث نہیں۔ ہاں اس سے کوئی ذی ہوش انکار نہیں کر سکتا کہ خدا کے فضل سے اب اچھی خاصی "انگریزیت" تو آگئی ہے۔

آج کل انگریزی داں نوجوانوں کی ایک "انگریزیت" یہ بھی ہے کہ آپ حضرات شام کیوقت ہر طرح سے "آراستہ" ہوکر، سیر و تفریح کے لئے نکلا کرتے ہیں۔ اس تفریح سے آپ ہرگز یہ نہ سمجھیں کہ خدانخواستہ اپنے احباب کے یہاں یا کسی اور کھُلی فضا میں جی بہلانے جایا کرتے ہونگے۔ نہیں بلکہ یہ سیر صرف ریلوے اسٹیشن ہی تک محدود ہے۔ اگر آپ اُن سے سوال کریں کہ "آخاہ! بھئی غلام احمد یہاں کہاں؟ دوست کیسے آنا ہوا" تو آپ برجستہ جواب پائینگے کہ "ایک صاحب یہاں سے گذریں گے، میرے بڑے قدیم کرم فرما ہیں، دہلی جارہے ہیں۔ ملنے آگیا" مگر بندۂ خدا! آخر یہ کون سا فیشن ہے کہ جب کسی شام کیوقت دیکھئے تو آپ پلیٹ فارم کے کئی کئی پھیرے کر رہے ہیں۔

اگر آپ کو "انگریزیت" کا صحیح مرقع دیکھنا ہو تو براہ مہربانی کسی شام سینما، تھیٹر یا اور کسی تفریح گاہ میں تشریف لائیے کیونکہ یہی وہ جگہیں ہیں جہاں آپ "انگریزیت" کی تکمیل دیکھ سکتے ہیں۔ لطف اندوز ہونے کے لئے "سینما کی ایک شام" ذہن نشین کر لیجئے جہاں کھیل شروع ہونے سے چند گھنٹے قبل تماشائیوں کی بدولت ایک اچھی خاصی چہل پہل رہا کرتی ہے۔

عام طور سے یہاں تین ہی طبقے نظر آئینگے۔ ایک تو وہی شہر کے اُچکّے اور لفنگے جن میں ایک یا دو اپنی اپنی حیثیت کے مطابق فیشن پرست بھی ہونگے۔ مگر یہاں "انگریزیت" کا گویا فقدان ہے۔ اس کے بعد دوسرا طبقہ اُن لوگوں کا ہے جو عوام کی زبان میں "سفید پوش" بزرگ کہلاتے ہیں۔ اور اس گئی گذری حالت پر بھی اپنی پرانی وضع کو نباہ رہے ہیں، اس جماعت کے سپوت ہیں اب روز بروز "انگریزیت" ترقی کرتی جارہی ہے۔ طرفہ تماشا تو یہ ہے کہ یہ حضرات اپنی چال ڈھال سے "انگریز نما" بننے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر ان کے پاس انگریزی لباس مکمل نہ ہو تو اس کی انھیں پرواہی کیا۔ کچھ نہیں تو ایک تنگ پتلون ہی سہی گو یہ دیکھنے میں کچھ "شرعی" ہی کیوں نہ معلوم ہو۔ (شرعی پاجاموں کی طرح اونچے) اپنے روزمرہ کی گفتگو میں اور وہ بھی خاص طور سے جب کسی غیر شخص سے مخاطب ہوں تو نامانوس انگریزی الفاظ۔ مثلاً "ٹائم" "لائٹ" وغیرہ استعمال کئے بغیر نہیں چوکتے۔

اور کبھی کبھی اسی "انگریزیت" کے جوش میں آکر اپنا لب و لہجہ بھی "گورے" "ٹامیوں" کی طرح بنانیکی کوشش کرتے ہیں۔ اور مزا تو یہ ہے کہ دل ہی دل میں سمجھتے ہیں کہ میری اس "ٹامیانہ" اردو سے مخاطبین پر کچھ رعب تو ضرور ہی پڑ رہا ہوگا۔ بار بار "ٹائم" دریافت فرمائینگے۔ ایسا معلوم ہوگا گویا آپ ایک بہت ہی مصروف شخص ہیں اور جناب کو ہر وقت اپنے "وقتِ عزیز" کا خیال لگا رہتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس "انگریزیت" کی نقل خدا ان ہی کو مبارک کرے اِن سے "کالے"

تو کیا "گورے" بھی نفرت کرنے لگیں۔

---

اب اس کے بعد ایک نیا طبقہ آیا۔ وہ آتا ہے جو اپنے خیال میں آپ کو "مہذب" "تعلیم یافتہ" اور غیر بی اے پاس شدہ گریجویٹ کو "وحشی" محض سمجھتا ہے اور اس گروہ کا ہر فرد تقریباً زیادہ تر صاحب بہادر ہی بنا رہتا ہے۔ اس میں کچھ تو اعلیٰ عہدہ پر ہیں اور کچھ دفاتر کے کلرک، اسٹیشن ماسٹر صاحبان اور دیگر بے روزگار "گریجویٹ" حضرات بھی شامل ہیں۔

ریل کے سفر میں ہمیشہ انگریزی لباس ہی میں ملبوس ہونا زیادہ پسند فرماتے ہیں اور اپنی ترکیبوں سے "صاحبیت" کے روشن چراغ اس جماعت کا ہر فرد ہمیشہ سفر میں اس بات کا شائق رہتا ہے کہ جب ریل کسی اسٹیشن پر ٹھہرے تو پتلون کی جیبوں میں دونوں ہاتھ ڈال کر نہ وہ ٹہلا جائے۔ خواہ گاڑی کہیں دو منٹ کیوں نہ ٹھہرتی ہو۔ خورجہ یا ہاتھرس جیسے اسٹیشنوں میں جب تک انجن سے گارڈ تک ایک دو چکر نہ کرلیں انھیں چین کہاں نصیب۔

ایک بار میں جلیسر روڈ سے "ہاتھرس" جا رہا تھا کہ اسی قماش کے ایک "انگریز نما انسان" کو دیکھا۔ ابھی تھوڑے ہی دنوں کا یہ ذکر ہے کہ ہمارے صاحب بہادر "گاڑی" ٹھہرتے ہی ایک ڈبہ سے برآمد ہوئے۔ اور پھر حسب فیشن جب آپ پر "انگریزیت" کا بھوت سوار ہوا تو لگے آپ گارڈ سے انجن تک کا معائنہ کرنے۔ گاڑی "جلیسر روڈ" میں بہت ہی کم ٹھہرتی ہے۔ ابھی آپ انجن سے لوٹ ہی رہے تھے کہ انجن نے سیٹی دی ٹرین میں ایک تھرتھراہٹ پیدا ہوئی اور پھر چلنے لگی۔ بھلا آپ اس وقت "ہندوستانی" کیسے بنجاتے۔ کچھ تیز چلے مگر پھر "صاحبیت" نے باز رکھا۔ جب آپنے یہ دیکھا کہ اب تو گاڑی ہی چھٹا چاہتی ہے تو کچھ دور دوڑے بھی گئے اور جب اپنا خانہ سامنے آیا تو پھر پوری جست کے ساتھ ایک چھلانگ مار کر گاڑی کی چھڑ سے لٹک گئے اب چڑھ تو گئے مگر آپ کی ٹوپی ایک طرف گر گئی لیکن کیا پروا اسی دن سے طے کر لیا کہ اب کالج بھی ننگے سر جائینگے۔ حضرات بدقسمتی سے آنجہانی ڈارون صاحب کی کہ اپنے نظریہ کا ایک عینی مشاہدہ کرنے سے محروم رہ گئے۔ اس میں ہمارا قصور کیا۔ کسی بڑے "مقام اتصال" (Junction) پر کھڑے کھڑے چائے نوشی۔ اور ساتھ ہی ساتھ بار بار اپنے پتلون کی "شکن" کو بھی "صاحبانہ" طریقہ سے دیکھنا۔ ہوٹل والے سے "ٹومیانہ" اردو بولنا اور نوکر کو انعام دیتے وقت ایک خاص ادا سے سر کو جھٹکا دیکر "لوک شیش ھہ ای" کہنا۔ اور "چائے نوش" ہندوستانی بھائیوں سے "گٹ پٹ" کرنا۔ ہر پانچ منٹ پر لوگوں کی نظر بچا کر اپنے دستی رومال سے جوتوں کی صفائی کرنا۔ فی الحال "انگریزیت" ہے یہاں

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

# اے گلاب کی کلی

اے گلاب کی کلی — اے فروغِ دلبری
اے بہار کی پری — کر لے قاصدی مری
جا خدا کے واسطے
اور اس سے پوچھ آ
کس لئے ہے یہ جنوں
اس سے مدعا ہے کیا
آپ کو بھی اور مجھے — کیوں ہے یوں ڈبو رہی
عزلتوں میں بیٹھ کر — وقت کو ہے کھو رہی
لیکن اے کلی ذرا
سُن خدا کے واسطے
ایک اور عرض ہے
ہاں حضور میں ترے
کہنا نذر دیکے یوں
پارہ ہائے دل مرے
بسکہ دی مشابہت
رُخ کو تیرے حُسنِ غنچہ سے
ڈھونڈتا ہوں جب کبھی
اُس کے حُسن میں تجھے
پاتا ہوں میں کیف زا — جیسے ایک موجِ مے
کس قدر نظر فروز — کس قدر حسیں ہے
اے گلاب کی کلی

دسمبر ۱۹۳۰ء

کہنا اُس سے جا کے یوں — میرا حال ہے زبوں
میرے عشق کا جنوں — حد سے ہو گیا فزوں
کیا عجب کہ مان لے
میرے حالِ زار کو
شاید اب بھی جان لے
میرے اضطرار ہے
وہ کہ جس کا حُسن ابھی — بے نیازِ دید ہے
جس کی طلعتِ صبیح — رشکِ صبحِ عید ہے
جس کو خاص بُعد ہے
عام جلوہ گاہ سے
بھاگتی ہے جو ابھی
عاشقوں کی چاہ سے
کانپتا ہے جس کا دل
درد خیز آہ سے
رہتی ہے جو بے خبر
عشق کی کراہ سے
کاش اب ہٹ سکے
ظلم و کیں کی راہ سے
ورنہ حال ہوگا یہ — جیسے لالے کی کلی
دو رکھل کے دشت میں — یوں ہی خشک ہو گئی
اے گلاب کی کلی

---

لاکھ ہو حسیں کوئی — لاکھ مہ جبیں کوئی

نازآفریں کوئی یا عدوئے دیں کوئی — ہیچ اُس کی زیست ہے
گرچہ ہو قربتاً — ہیچ اُس کی زندگی
قدر اس کی کیا مگر — اس کے جلووں کا نہو
گر پڑی نہو کبھی — گر کوئی نظارگی
اُس پہ شوق کی نظر — کہدے اُس سے جاکے تو
اے کہ جس کا حسن ہو اک جہانِ نازکی — اس میں شرم کا ہے کی
جس کے حسن تازہ سے ہے چمن میں تازگی — عزلتوں کو چھوڑدے بزم میں ہو جلوہ گر
ہائے اس طرح رہے — سحرِ حسن فتنہ زا پھونکدے جہان پر
بن کے وہ بھی پردگی — اے گلاب کی کلی
بے نتیجہ حسن ہے
بے مآل دلکشی

(ماخوذ)

# سین تیسرا

## ننھے خاں ۔ خانصاحب ۔ ممن اور لطیفن

(گذشتہ سے پیوستہ)

(سلسلہ کے لئے ملاحظہ ہو صفحہ ۴۴ اشاعت ماہ اگست ۱۹۳۰ء)

خانصاحب ۔ حکیم صاحب میری بیٹی ملاقات کے لئے ابھی آتی ہے ۔

ننھے خاں :۔ بسروچشم میں اس کی خاطر اپنی تمام طبی لیاقت سے کام لونگا چونکہ آپ کے خاندان کے سب افراد کی بہبودی میرے مدنظر ہے لہذا میں چاہتا ہوں کہ آپ کے شیر خوار بچے کی دایہ کی بھی نبض دیکھوں ۔

ممن :۔ (الگ کھنکھرا) یہ ہرگز نہ ہوگا ۔ ہٹو پرے ۔

ننھے خاں :۔ کیوں جی یہ گستاخی حکیموں کے کام میں مزاحم ہوتے ہو ۔ الگ رہو ۔

ممن :۔ ایسی کی تیسی تمہاری حکمت کی ۔

ننھے خاں :۔ یاد رکھ بخار چڑھا دونگا ۔

لطیفن :۔ (ممن کو بازو سے پکڑ کر ہٹاتی ہے) اجی تم الگ ہو ۔ میں خود اس سے نبٹ لونگی ۔ کیا میں اپنا بچاؤ نہیں کرسکتی ؟

ممن :۔ میں ہرگز برداشت نہیں کرسکتا کہ یہ تم سے اس طرح مذاق کرے

ننھے خاں ۔ ارے احمق اپنی بیوی پر اتنی بدگمانی ۔

خانصاحب ۔ لیجئے میری بیٹی آگئی ۔

# سین چوتھا

## صفیہ ۔ جمن ۔ خانصاحب ۔ ممن ننھے خاں اور لطیفن

---

ننھے خاں ۔ کیا مریضہ یہی ہے ۔

خانصاحب ۔ جی ہاں یہ میری اکلوتی بیٹی ہے ۔ خدانخواستہ اگر یہ چل بسی تو میرے لئے دنیا اندھیری ہوجائیگی ۔

ننھے خاں ۔ اے ہرگز کوئی ایسی حرکت نہ کرنے دیجئے ۔ اس کی کیا مجال کہ حکیم کے نسخہ کے بغیر عدم کی راہ لے ۔

خانصاحب ۔ ارے کوئی ہے ۔ ایک کرسی لے آؤ ۔

ننھے خاں ۔ واللہ مریضہ تو خوب طرحدار ہے ۔ ایک تندرست نوجوان کے لئے بہت ہی موزوں جوڑ ہے

خانصاحب ۔ بہت خوب آپ نے تو اسے ہنسا دیا ۔

ننھے خاں ۔ مریض کی ہنسی مبارک شگون ہوتا ہے ۔ لڑکی تمہیں کیا شکایت ہے کہاں درد ہے ۔

صفیہ ۔ (اپنا ہاتھ باری باری منہ اور سر پر اور ٹھوڑی کے نیچے رکھکر اشاروں سے جواب دیتی ہے) ہا ۔ ہی ۔ ہو ۔ ہا

ننھے خاں ۔ ہیں ؟ کیا ؟

صفیہ ۔ (اسی طرح اشاروں سے) ہا ۔ ہی ۔ ہو ۔ ہا ۔ ہی ۔

ننھے خاں ۔ کیا ؟

صفیہ ۔ ہا ۔ ہی ۔ ہو ۔

ننھے خاں۔ (اس کی نقل کرتے ہوئے) ہا۔ ہی۔ ہو۔ ہا۔
میں کچھ نہیں سمجھا۔ یہ گونگی زبان بول رہی ہو۔

خانصاحب۔ جناب یہی تو اس کو شکایت ہے۔ ہمیں معلوم نہیں کہ یہ کیسے گونگی ہوگئی۔ اس حادثہ کی وجہ سے اس کی شادی مجبوراً ملتوی کی گئی ہے۔

ننھے خاں۔ یہ کیوں؟

خانصاحب۔ اس کا منگیتر چاہتا ہے کہ شادی اسکی شفا یابی کے بعد ہو۔

ننھے خاں۔ دنیا میں ایسا احمق کون ہے جسکی یہ خواہش نہیں کہ اس کی بیوی گونگی ہو۔ کاش کہ میری بیوی کو یہ عارضہ لاحق ہوتا۔ پھر تو میں بھولے سے بھی کوشش نہ کرتا کہ اسے شفا ہو۔

خانصاحب۔ آپ کچھ تدبیر کیجئے کہ اسے شفا ہو جائے

ننھے خاں۔ آپ کچھ فکر نہ کیجئے۔ یہ بتائیے کہ اس مرض سے کیا مریضہ کو بہت تکلیف ہوتی ہے؟

خانصاحب۔ ہاں جناب۔

ننھے خاں۔ کیا درد شدید ہوتا ہے۔

خانصاحب۔ بہت شدید۔

ننھے خاں۔ بہت خوب۔ کیا مریضہ ..... جایا کرتی ہے؟
آپ اُمید ہے کہ میری بات سمجھ گئے ہونگے۔

خانصاحب۔ بالکل۔

ننھے خاں۔ کیا کھل کر........

خانصاحب۔ اس کا مجھے علم نہیں۔

ننھے خاں۔ اس کا جاننا تو ضروری ہے۔

خانصاحب۔ جناب یہ باتیں میری سمجھ سے باہر ہیں۔

ننھے خاں۔ (مریضہ سے مخاطب ہوکر) لاؤ میں ذرا نبض تو دیکھوں (تھوڑی دیر کے بعد) اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی بیٹی گونگی ہے۔

خانصاحب۔ بس جناب بالکل ٹھیک۔ اس کو یہی مرض ہے۔ آپ نے فی الفور تشخیص کرلی۔

ننھے خاں۔ (نہایت دانشمندانہ طریقہ سے سر ہلاکر)
ہوں۔ ہوں۔

لطیفن۔ حکیم صاحب نے کیا جھٹ بیماری کو پہچان لیا۔

ننھے خاں۔ ہم نامور حکیم بات کی تہ کو فوراً پہونچ جاتے ہیں۔ ایک کم علم اور ناتجربہ کار معالج لغلیں ہی جھانکتا رہتا۔ کبھی کچھ مرض بتاتا کبھی کچھ عارضہ تشخیص کرتا مگر میں نے نبض کو چھوتے ہی مرض کا سراغ لگالیا۔ میں پھر ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں کہ آپ کی لڑکی گونگی ہے۔

خانصاحب۔ بجا ارشاد ہوا۔ آپ یہ فرمائیے کہ یہ گونگا پن کس وجہ سے ہے۔

ننھے خاں۔ یہ تو بہت آسان بات ہے۔ وہ محض یہی ہے کہ اس کی طاقتِ گویائی سلب ہوگئی ہے۔

**خانصاحب۔** بہت خوب۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ طاقتِ گویائی کس وجہ سے گم ہوئی ہے۔

**ننھے خاں۔** سب ماہرانِ طب متفقہ طور پر اس کی وجہ آپ کو یہی بتائینگے کہ زبان کے فعل میں رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے۔

**خانصاحب۔** میں جناب کی ذاتی رائے اس رکاوٹ کے بارے میں دریافت کرنا چاہتا ہوں۔

**ننھے خاں۔** اس کے بارے میں حکیم ارسطو........ بہت سی حکمت آموز باتیں کہتا ہے۔

**خانصاحب۔** خوب۔

**ننھے خاں۔** حکیم ارسطو فی الحقیقت بہت ہی بڑا عالم تھا

**خانصاحب۔** اس میں کیا شک ہے۔

**ننھے خاں۔** (اپنا بازو کہنی سے بڑھا کر) بہت بڑا شخص تھا۔ اتنا بڑا جتنا کہ میں (کہنی دکھا کر) اس سے بڑا ہوں لیکن اب نفس مضمون پر غور کیجئے۔ میری رائے میں مریض کی زبان کے فعل میں یہ رکاوٹ چند اخلاط کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ جن کو ہم حکما اپنی اصطلاح میں اخلاط فاسد کہتے ہیں۔ فاسد یعنی فاسد اخلاط مقام مرض میں تبخیر کی وجہ سے جو بخارات پیدا ہوتے ہیں جنہیں ہم اپنی اصطلاح میں کہتے ہیں۔ آپ عربی تو سمجھتے ہیں۔

**خانصاحب۔** جی نہیں میں بالکل کورا ہوں۔

**ننھے خاں** (نہایت تعجب سے اٹھ کر) ہیں کیا آپ عربی نہیں جانتے؟

**خانصاحب۔** نہیں۔

**ننھے خاں۔** چند تمسخرانہ حرکات کرتا ہے اور عربی کے چند مہمل اور ثقیل الفاظ بولتا ہے۔

**خانصاحب۔** افسوس میں نے کیوں علم نہ پڑھا۔ یونہی اپنی عمر برباد کی۔

**لطیفن۔** لقمان ہے۔ لقمان۔

**جمن۔** اس قدر قابل آدمی ہے کہ میری سمجھ میں تو ایک حرف بھی نہیں آیا۔

**ننھے خاں۔** اس طرح پر بخارات جن کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے دائیں طرف سے گذر کر جہاں جگر ہے۔ بائیں طرف جہاں دل ہے پھیپھڑے کی جانب جنہیں ہم عربی میں...... کہتے ہیں۔ جن کا تعلق دماغ سے ہے جسے یونانی میں نمس کہتے ہیں ...... کے ذریعہ سے جس کو یہودی اصطلاح میں کو بائیل کہتے ہیں۔ اپنی حرکت فعلیہ میں ابخرات مذکورہ سے ملتے ہیں جو کہ بطن اللوح میں ہوتے ہیں......... ازراہِ کرم ذرا غور سے سنئے........ اور چونکہ ان ابخرات میں ایک خاص قسم کا زہریلا اثر ہوتا ہے اس لئے ........ ذرا اس بات پر خاص توجہ دیجئے۔

**خانصاحب۔** جی ہاں میں غور سے سن رہا ہوں۔

**ننھے خاں۔** ایک خاص زہریلا اثر ہوتا ہے جس کی وجہ سے........ غور سے سنئے۔

خانصاحب - میں ہمہ تن گوش ہوں

ننھے خاں - جس کی وجہ ان اخلاط کی تلخی ہے.......
اور کچھ ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ یہ ابخرات......
آپ سمجھ گئے نہ۔ بس اسی وجہ سے آپ کی بیٹی کو یہ عارضہ لاحق ہو گیا ہے۔

لطیفن - حکیم صاحب نے کس خوبی سے وضاحت کی ہے

ممن - ہائے ہائے میری زبان کیوں اس طرح نہیں چلتی۔

خانصاحب - حکیم صاحب آپ سے بڑھکر فاضلانہ طور پر کوئی شخص دلائل پیش نہیں کر سکتا۔ مگر معاف کیجئے ایک بات مجھے حیران کر رہی ہے۔ اور وہ جگر اور دل کی جائے وقوع ہے۔ آپ ان کا وقوع بالکل مخالف جگہوں میں بتاتے ہیں حالانکہ دراصل دل بائیں جانب ہے اور جگر دائیں جانب

ننھے خاں - ہاں پرانے زمانے میں بیشک یہی حالت تھی۔ مگر اب ہم حکماء نے یہ نظام بدل دیا ہے اور بالکل مختلف اصول پر علاج کرتے ہیں۔

خانصاحب - بس جناب میری تشفی ہو گئی۔ معاف کیجئے ہم جاہل لوگ ان رموز کو کیا جانیں۔

ننھے خاں - آپ لوگوں کو ہماری طرح ہوشیار و باخبر ہونیکی چنداں ضرورت نہیں۔

خانصاحب - بیشک کوئی ضرورت نہیں۔ آمدم بر سر مطلب۔ اب فرمایئے کہ کس ترکیب سے لڑکی کو جلد شفا حاصل ہوگی۔

ننھے خاں - مشورہ تو یہ ہے کہ اسے پھر بستر پر لٹا دیجئے۔ اور دوا کے طور پر شراب میں روٹی بھگو کر کھلاتے جایئے۔

خانصاحب - یہ کیوں؟

ننھے خاں - اس لئے کہ روٹی اور شراب کے ملنے سے ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے جو گفتار کی موید ہے۔ کیا آپ کو بھول گیا کہ طوطے کو باتیں کرنا سکھانے کے لئے شراب میں روٹی بھگو کر دیتے ہیں۔

خانصاحب - بجا - بجا۔ بالکل بجا۔ واللہ آپ کی لیاقت اور قابلیت کا کوئی ٹھکانا نہیں۔ ارے کوئی ہے۔ فوراً بہت سی شراب اور روٹی لے آؤ۔

ننھے خاں - میں شام کو پھر مریضہ کی حالت دیکھنے کے لئے آؤنگا (دایہ سے) دایہ تم ذرا ٹھیر جاؤ۔
جناب میں آپکی دایہ کو بھی کچھ دوا دینا چاہتا ہوں۔

لطیفن - کیسے؟ مجھے؟ میں تو بالکل تندرست ہوں۔

ننھے خاں - یہی تو خرابی ہے۔ بہت صحت بھی خطرناک چیز ہے بہتر ہوگا کہ تمہاری فصد لیکر کسی مسکن دوا کی پچکاری کر دیجائے تاکہ خون کا جوش کم ہو جائے۔

